" مسٹر ہربرٹ کارنڈف ڈپٹی سکرٹیری صیغہ لیجسلیٹو سابق قایم مقام پرائیویٹ سکرٹیری وائیسرائے -
" لفٹنٹ کرنل ولیم لاک پرنسپل میو کالج اجمیر
" لفٹنٹ کرنل بامفرڈ پرنسپل مڈیکل کالج کلکتہ
" مسٹر ایڈورڈ ڈگلس ڈائرکٹر سرشتہ تعلیم بمبی
" مسٹر ہنری بوشمب ایڈیٹر اخبار مدراس میل و شریف مدراس -
" ہرجی بھائی مانک جی رستم جی شریف کلکتہ
" ہوبینڈ کمشنر سابق مجسٹریٹ وکلکٹر وچیرمین میونسپلیٹی پٹنہ
" مسٹر رابرٹ نیتھن سابق انڈر سکرٹیری ہوم ڈیپارٹمنٹ وسکرٹیری کمشین انڈین یونیورسٹی
" میجر الکاک انڈین مڈیکل سروس سپرنٹنڈنٹ عجائب خانہ ہند
" مسٹر آرتھر ال اکزیکیٹو انجنیر پریسیڈنسی بمبی
" ڈگلس ڈانلڈ کمانیر سامانہ رنفل ملیٹن کوہاٹ
" جگدیش چندر بوس پروفیسر پریسیڈنسی کالج کلکتہ
" نواب محمد شریف خان مقام دیر
" مہتر شجاع الملک مقام چترال
" میر محمد ناظم خاں میر ہنزہ
" راجہ سکندر خاں مقام ناگر
" مسٹر ڈیم ڈکسن کروک شینک سکرٹیری وخزانچی بنک بنگال -
" مسٹر ٹی - جے سینٹ اڈیٹر اخبار ٹیمس آف انڈیا - بمبی
" مسٹر جان ادبراین سانڈرسن پروپرائیٹر اڈیٹر اخبار انگلشمین کلکتہ
" مسٹر ہنری ڈنٹن ایجنٹ گریٹ انڈیا پنشولہ ریلوے -
" مسٹر سی - ایچ ولسن میجر ہانگ کانگ سنگھائی بنکنگ کارپوریشن ووائس پریسیڈنٹ میونسپل کمیٹی رنگون -
" خان بہادر مولوی خدا بخش مقام پٹنہ
" راؤ بہادر شیام سندر لال - دیوان کشنگڈھ راجپوتانہ
" رائے بہادر منشی بال مکندداس - دیوان بہادر ممبر کونسل ریاست الور
" لفٹنٹ کرنل جان ہاڈنگ کمانیر بہار لائیٹ ہارس -

ہزہائینس مہاراجہ چرکھاری

ہزہائینس مہاراجہ بیکانیر

ہزہائنس راؤ علی پورہ

ہزہائینس راؤ علی پورہ

ہزہائنس ٹھاکر گونڈل

ہزہائنس ٹھاکر موردی

ہز ہائنس نواب صاحب بہاولپور

ہز ہائنس مہاراجہ صاحب نابھہ

ہز ہائنس مہاراجہ صاحب اجودھیا

ہز ہائنس نوابصاحب بہاولپور

ہز ہائنس مہاراجہ صاحب [illegible]

ہز ہائنس مہاراجہ صاحب ایٹھ

ہز ہائنس ٹھاکر نینی تال

ہز ہائنس نواب باندہ

ہز ہائنس نواب مرشد آباد

ہز ہائنس نواب مرشد آباد

ہز ہائنس دربھنگہ

ہز ہائنس نواب ٹونک

ہزہائنس بیگم صاحبہ بھوپال

ہزہائنس مہاراجہ صاحب بھرتپور

ہزہائنس مہاراجہ صاحب جودھپور

ہزہائنس بیگم صاحبہ بھوپال

ہزہائنس سری مہاراؤ کچھ

ہزہائنس مہاراجہ صاحب کاٹھیاواڑ

سردار غوث بخش رسیانی — مہاراجہ صاحب سولن پرسا

مہاراجہ صاحب بیشکار کشن پرشاد

بودان نراین سنگھ کرشنا موڈی

کمپانین انڈین امپائر

رائے بہادر سی۔ مدلیار — لفٹننٹ کرنیل بینیٹ

مسٹر جان نیٹین — رائے بہادر پنڈت سکھ دیو پرشاد

میجر ہربرٹ مشا ورنڈ — میجر پرسی کاکس

نولین بہاری سرکار — مسٹر فریڈرک مکلین

مسٹر الجرنن الینٹ — لفٹننٹ و کرنیل ولیم لاک

لفٹننٹ کرنیل جان ہڈ ٹنگ — مسٹر ہنری بوشم

مسٹر ایچ۔ این۔ رستم جی — نواب صاحب دیر

مہتر صاحب چترال — میر محمد ناظم خاں ہنزا

راجہ سکندر خاں۔ مقام ناگر — مسٹر کروک سینک

مسٹر جان اوبرائن سانڈرسن

مسٹر ہنری وِنڈن — رائے بہادر شیام سندر لال

دیوان بہادر منشی بالمکنداس — مسٹر رابرٹ ہنڈرسن

سوبوا مقام مونگنی — نواب فتح علی خاں

مسٹر فریدون جی جمشید جی

اعزاز جشن تاجپوشی

مشتہر کیا جاتا ہے کہ منظوری گورنمنٹ ہز میجسٹی مندرجہ ذیل ہندوستانی شہزادوں اور رئیسوں کی سلامی میں مندرجہ ذیل اضافہ ہوا۔

مستقل

نواب صاحب جنجیرہ .... گیارہ توپ

سوبوا مقامات کنگ ٹنگ اور مونگنی۔ اور سیپا۔ نو توپ

ذاتی

شنکر راؤ چمناجی نیست ساچیو مقام کھبور۔ نو ۹ توپ

مہارانا جسونت سنگھ جی ہری سنگھ جی مقام دانتا۔ نو ۹ توپ

نواب سر امیر الدین احمد خاں بہادر سی۔ آئی۔ ای۔ مقام لوہارو } نو ۹ توپ

آرڈر آف دی ناتھ

ڈیٹ گرینڈ کراس سول ڈویژن ہز ہائینس نواب نظام دکن۔

کمانڈران فوجی ڈویژن۔ میجر جنرل ایجرٹن اور کرنل آرتھر چارج مینڈ کوسی۔ سی۔ سی۔ بی۔

اسٹار آف انڈیا

نائیٹ گرینڈ کمانڈر۔ رائٹ آنریبل لارڈ جارج ہملٹن۔

〃 ہز ہائینس راجہ سر راما ورما مقام کوچین

نائیٹ کمانڈر۔ آنریبل مسٹر ڈنزل ٹپسن ممبر کونسل۔

〃 ریر ایڈمرل ڈارلی فرج بیجری۔ کمانڈر انچیف۔ بحری فوج ہز میجسٹی مقام مشرقی ہند۔

〃 آنریبل مسٹر ہنری ونٹر بوتھم ممبر کونسل۔ گورنر مدراس۔

〃 آنریبل مسٹر جیمس مینٹھ ممبر کونسل بمبئی۔

〃 آنریبل لفٹننٹ کرنیل ڈانلڈ رابرٹسن ندیڈنٹ میسور۔

〃 آنریبل اینڈرو ایچ۔ ایل فریزر چیف کمشنر ملک متوسط۔ پریسیڈنٹ پولیس کمیشن۔

〃 مسٹر ہیوشکسپیر بارنس سکریٹری فارن ڈپارٹمنٹ

〃 سرجن جنرل ولیم ہوپر پریسیڈنٹ میڈیکل بورڈ انڈیا آفس۔

〃 کرنیل سکولن اسکاٹ مانکریف پریسیڈنٹ کمیشن آبپاشی ہند۔

〃 ہز ہائینس راجہ صاحب کرتی ساہ مقام ٹیڑھی گڑھوال۔

〃 کنور رنبیر سنگھ مقام پٹیالہ

کمپانین۔ آنریبل سر ہالو وڈلا۔ ممبر کونسل۔ حضور گورنر جنرل۔

〃 آنریبل مسٹر چارلس سٹورٹ بیلی ایجنٹ گورنر جنرل وسط ہند۔

〃 آنریبل مسٹر ایڈورڈ گینڈی جج ہائی کورٹ بمبئی۔ ممبر کمیشن پولیس

〃 آنریبل۔ مسٹر گیبریل اسٹوکس چیف سکریٹری گورنمنٹ مدراس۔

〃 میجر جنرل ٹریور ٹیلر انسپکٹر جنرل توپخانجات ہند۔

〃 مسٹر ہاروی ایڈمسن سی ایس جوڈیشل کمشنر ملبند می برہما۔

〃 آنریبل مسٹر ڈبلیو ایچ۔ ایل۔ ایمی قائم مقام چیف سکریٹری ممالک متحدہ۔

〃 آنریبل مسٹر ولیم چارلس میکفرسن قایم مقام سکریٹری گورنمنٹ بنگال

〃 کرنیل سینٹ جارج کاریٹ گور۔ رائل انجنیر سرویر۔

〃 لفٹننٹ کرنیل منٹگمری کمشنر ڈویشن راولپنڈی واقع پنجاب و ممبر کمیشن پولیس

ساتھ لائے گئے یعنی کئی کئی شخص۔ اور دونوں تمغوں کے اعطا میں ایسا ہی کیا گیا۔

اس کارروائی اسٹار آف انڈیا کے گرینڈ ماسٹر لارڈ ڈیوک آف کیناٹ مع اپنے اپنے افسران اسٹاف اور ویّر ہائینس راجہ صاحب نابھہ اور مہاراجہ صاحب جے پور اور مہاراجہ صاحب ٹراونکور پوشاک پہننے کے کمرے کو یہاں سے روانہ ہوئے اور وہاں جاکر تمغۂ انڈین امپائر جبے اور دیگر علامات زیب تن کیں۔ پھر وہاں سے جلوس کے ساتھ ہال میں آئے اُس وقت بینڈ گرینڈ مارچ کی گت بجا رہا تھا۔ گرینڈ کمانڈر امپائر کے تین تمغے ہر ایک کو پورے رسوم کے ساتھ مرحمت ہوئے۔

پھر نائٹ کمانڈر کے تمغے کئی کئی آدمیوں کی جماعتونکو دیئے گئے۔ گرینڈ ماسٹر نے اس کام کو نہایت متانت سے انجام دیا۔ ہر شخص کو ہدایت کی اور کہا کہ اون کو کیسا اعزاز وافتخار عطا ہوا ہے۔ اِن تمغوں کے عطا کرنے میں نہایت عمدہ رسمیں ادا ہوئیں اور کبھی ہندوستان میں عطائے تمغہ جات کا اتنا بڑا دربار نہیں ہوا۔ تمام اعلیٰ درجہ کے لوگ موجود تھے مگر اِن دونوں تمغوں کے ممبروں کے علاوہ روسار کی نشست کے لئے جگہ کافی نہ تھی۔

اس کے بعد ہز رائل ہائنس ڈیوک آف کیناٹ آئے رائل اسٹاف کا ایک افسر اون کے آگے آگے تھا یہ اسٹار آف انڈیا کا جبہ و تمغہ پہنے تھے۔ دو پیج اون کے ہمراہ تھے یعنی رانا صاحب دھولپور اور ٹھاکر صاحب ڈیلواڑہ کا صاحبزادہ۔ ہز رائل ہائنس کے اسٹاف کے افسر اُن کے پیچھے تھے۔

اس کے بعد ویسرائے آئے اُن کے پرسنل اسٹاف کے لوگ اُن کے آگے آگے تھے۔ ہز اکسیلنسی گرینڈ ماسٹر ستارۂ ہند کا جبہ پہنے تھے۔

میاں ہری سنگھ خلف سر امر سنگھ کشمیر اور صاحبزادہ حمید اللہ خاں خلف اصغر ہز ہائنس بیگم صاحبہ بھوپال اُن کے پیج تھے۔ جب یہ جلوس آگے بڑھا تو صلچیوں سے بینڈ نے گرینڈ مارچ کی گت بجائی۔ اور جب گرینڈ ماسٹر نے اپنے مقام پر نشست کی تو اُس نے دعائیہ گت بجائی۔ اِسکے بعد باضابطہ کارروائی شروع ہوئی۔ جن لوگوں کو تمغہ پہنایا گیا اُن کی فہرست درج ذیل ہے۔

گرینڈ ماسٹر ستارہ ہند

راجہ صاحب کوچن

نائٹ کمانڈر ستارہ ہند

راجہ صاحب سرمور	کرنیل بار
مسٹر ایبٹسن	ریر ایڈمرل ڈرری
مسٹر ونٹر بائم	مسٹر منٹھ
کرنل ڈانلڈ رابرٹس	مسٹر فریزر
مسٹر بارنس	سر کالن اسکاٹ نانکرف
راجہ صاحب ٹیڑھی	کنور رنجیت سنگھ

کمپانین ستارۂ ہند

مسٹر بین	مسٹر لے
مسٹر ٹامسن	مسٹر فلر
سر ایڈورڈ لا	مسٹر سی اسٹورٹ بیلی
مسٹر کینڈی	میجر جنرل ٹیلر
مسٹر ایبی	مسٹر میکفربن
میجر ڈیلی	راجہ بہاری کپور
نواب فیاض علیخاں	سردار بدن سنگھ

گرینڈ کمانڈر انڈین امپائر

مہاراجہ صاحب سروہی	مہاراجہ صاحب ٹراونکور
مہاراجہ صاحب نابھہ	نواب شہباز خان مقام بجتی
جے۔ جی۔ اسکاٹ	راجہ صاحب چرکھاری
مہاراجہ صاحب دربھنگہ	مسٹر ٹامسن ہابہم
کرنل جیکب	سر لارنس جنکنز
مسٹر ترکیل وائٹ	مسٹر پٹر
سر جن جنرل فرنکلن	مسٹر والٹر لارنس
مسٹر جان الیٹ	راجہ دھراج مقام شاہپور
گنگا دھر رام گنیش	رئیس کلاں سپراج

مسٹر ایس۔ ڈبلیو مکلین — شہزادہ ازکاٹ
نوابصاحب بہادر لہارو — مہاراجہ صاحب اجودھیا
نوابصاحب جنجیرہ — نواب سر امام بخش خاں
ٹھاکر صاحب لمری — کنور ہرنام سنگھ
مہاراجہ سر گنگا سنگھ مقام بیکانیر۔
باباسر کھیم سنگھ بیدی — آنریبل سر ایم ایم بھاونگری
مہاراجہ صاحب گدھور — راجہ صاحب پیپلی
راجہ سر اے گوپال کرشن مقام ونکٹاگری
سردار نوروز خاں مقام خاران
سر جے ڈکس لاٹوش — مہاراو صاحب کوٹہ
سر جے۔ ایف پرانس — مہاراجہ صاحب کپورتھلہ
سر ای۔ سی بک — سر کیسری سنگھ بہادر۔ سروہی
راجہ سر رام سنگھ مقام کشمیر — سلطان لاہج
سر سی۔ ایم ریواز — نواب صاحب جوناگڈھ
مہاراجہ صاحب دتیا — راجہ صاحب کوچن
ٹھاکر صاحب پالیتانہ — آنریبل سر ایف فرائر

اِسکے بعد نایٹ گرینڈ کمانڈر کے مندرجہ ذیل اشخاص آئے جنمیں ہر شخص کے پاس دو دو شخص حاضر باش تھے۔

آغا سر سلطان محمد شاہ — میجر جنرل گیسلی
مہاراجہ صاحب بوندی — لارڈ ایمپٹ ہل
مہاراجہ صاحب اورچھ — لارڈ نارتھ کوٹ
مہاراجہ صاحب بنارس — ٹھاکر صاحب مروی
ٹھاکر صاحب گونڈل — ٹھاکر صاحب کھیراپور
مہاراجہ صاحب قرولی — سر محمد خاں قلات
نواب صاحب ٹونک — مہاراجہ صاحب کوچ بہار
راؤ صاحب کچھ

اِسکے بعد ستارۂ ہند کے نائٹ کمانڈر مندرجہ ذیل آئے۔

کرنیل سر پرتاب سنگھ ایدر
کرنیل مہاراجہ صاحب سیندھیا گوالیار
مہاراجہ صاحب کولھاپور
میجر جنرل مہاراجہ صاحب جموں وکشمیر
سر دلارا ما ورما بہادر۔ ٹراونکور
مہاراجہ صاحب جے پور
مہاراجہ صاحب اندور
گیکوار بڑودہ — نظام حیدرآباد

اِسکے بعد رانا صاحب نابھ آئے۔

اِس رسم کے متعلق قلعہ پھاٹکوں پر اور دیوان عام میں روشنی کی گئی۔ روشنی کی سلسلہ بندی نہایت کیفیت دے رہی تھی۔ دربار ہال میں ایک گارڈ آف آنر موجود تھا اور اندرون دیوان عام اور اُس کا متعلقہ مکان جو اصلی عمارت کی بجنسہ نقل ہے نہایت عمدگی کے ساتھ روشن کیا گیا تھا اور مقناطیسی روشنی خوب ہی مستعمل ہوئی تھی۔ سنگی محرابیں اور ستون نہایت ہی خوشنما معلوم ہو رہے تھے۔ اِس کیفیت کو دیکھکر مصوّر کی نگاہ کسقدر محظوظ ہوتی ہوگی۔ حالانکہ دیوان عام دیوان خاص سے مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ اِس کمرے میں دو ہزار آدمی تھے جن میں سے بہت سی لیڈیاں تھیں اور وایسرائے کے نامور مہمان بھی نہایت نمودار تھے۔ قبل آغاز رسم ڈچز کیناٹ اور لیڈی کرزن داخل ہوئیں اور مسند پر جو کرسیاں گرینڈ ماسٹر اور ڈیوک آف کیناٹ کی کرسیوں سے کسی قدر پیچھے ہٹی ہوئی تھیں اون پر متمکن ہوئیں۔ پھر مختلف جلوس نہایت آہستہ آہستہ اُسی طرح آئے جسطرح ایسے درباروں میں آیا کرتے ہیں۔

تمغہ ستارۂ ہند کی رسم متعلقہ نصف گھنٹہ تک رہی یہ امر قابل غور و لحاظ ہے کہ گرینڈ ماسٹر ستارۂ ہند کا صرف ایک تمغہ راجہ سر راما ورما مقام کوچن کو مرحمت ہوا ہے اور سر چارلس ریواز اور سر جیمس ڈکس لاٹوش نے بطور چھوٹے درجہ کے نایٹ کمانڈروں کے اس میں بہت کارروائی کی اور راجہ کو تمغہ پہنانے کے لئے مسند کے پاس سے گئے۔ مسٹر ہیو بارنس کو بطور سکریٹری ایک اور مقام پر نایٹ کا درجہ عطا ہوا۔ اور کمپانین گروہ کے

میجر ایلڈنگ — آنریبل مسٹر ایجرلی
گنگادھر راؤ مادھو چٹ نویس — مسٹر اے۔ سی ہینگن
آنریبل مسٹر اسپرنگ — آنریبل لفٹننٹ کرنیل سرجی مور
آنریبل مسٹر مہتا — مسٹر بی۔ ایس کیری
راؤ صاحب ٹھاکر بہادر سنگھ
دیوان گنپت رائے — مسٹر جی۔ ار۔ اسکاٹ
آنریبل مسٹر ایس۔ ٹی وایٹ۔
مسٹر ایچ۔ ایچ۔ رسل — کرنیل ہنڈلی
خان بہادر۔ ایس۔ حافظ عبدالکریم
مسٹر ایچ۔ بی۔ ٹاٹو — مسٹر نبلہ
رام کرشن گوپال بھنڈارکر — کرنیل۔ پی۔ اسکاٹ
نواب بہادر سید امیر حسن — کنور سری کلدیا
مسٹر جی۔ واٹ — سردار سلطان جان
ریورینڈ۔ ای۔ لیفانٹ — راجہ بلونت سنگھ
رائے بہادر دولت رام — نواب میجر محمد علی بیگ
مسٹر رستم جی دھنجی بھائی مہتا
آنریبل رائے بہادر پی۔ آنند اچارلو
مسٹر جے۔ الیٹ
آنریبل رائے بہادر جنیتی لال بہنی لال
مسٹر الیف ماٹیم — مسٹر آر۔ ایم۔ ڈبن
حافظ عبد الکریم — مسٹر ٹی۔ تھیوچیٹی
آنریبل مسٹر بیکلینڈ — حق نواز خاں
فضل بھائی وسرام — لفٹننٹ کرنیل فن
مسٹر پی جی۔ لیٹس — نواب شیخ بہاء الدین
آنریبل سری نواس رگھبوا اینگار
مہاراجہ سر لچھمن نراین سنگھ — قادر داد خاں
میجر۔ ڈیلی — آنریبل مسٹر فلر
میجر۔ ای۔ ای۔ ینگ ہسبنڈ — آنریبل مسٹر بکنگھم
کرنیل ایس۔ ایس۔ جیکب — مسٹر اے ڈبلیو پال
لفٹننٹ کرنیل واکر — کرنیل نواب محمد اسلم خاں
کرنیل سی۔ ڈبلیو۔ میور — کرنیل ڈریننڈ

محمد حسن خاں — ہتھو رام
غلام احمد۔
(اس کے بعد کمپانین اسٹار آف انڈیا کے مندرجہ ذیل اشخاص آئے)
آنریبل مسٹر جے۔ ولسن — مسٹر ایس۔ ایچ
مسٹر جے۔ اوبلر — مسٹر ای۔ ایچ۔ بارکر
آنریبل مسٹر ای۔ ونٹر بائیم — آنریبل مسٹر ہیویٹ
آنریبل لفٹننٹ کرنیل ڈی رابٹسن
یار محمد خاں
آنریبل مسٹر اے ڈبلیو کروک شینک
آنریبل راجہ تصدق رسول خاں
کاشی رام سروے — مسٹر ایچ اے اینڈرسن
مسٹر ایچ۔ ایف ٹول — آنریبل مسٹر سٹیتھ فریزر
لفٹننٹ کرنیل۔ ایچ۔ اے۔ ڈین
لفٹننٹ کرنیل بار
راؤ چھترپتی بہادر۔ جاگیردار علیپورہ
راجہ پیاری موہن مکرجی — کرنیل گرے
راجہ جیکشن داس بہادر — آنریبل مسٹر رابرٹس
بریگیڈیر جنرل رچرڈسن
آنریبل مسٹر رکی — آنریبل مسٹر مارٹنڈیل
سرجن جنرل سنکلیر — راجہ کرتی ساہ۔ مقام ٹیہری
آنریبل مسٹر ارنڈل — مسٹر ایل۔ ڈبلیو کنگ
آنریبل مسٹر پورڈلن — مسٹر ایم فرنفکین
میجر میکھن — کرنیل ملی
آنریبل مسٹر پولٹن — مسٹر جے۔ ایم جیکفرسن
آنریبل مسٹر پٹر — آنریبل مسٹر ابیٹسن
سردار جیون سنگھ — آنریبل کرنیل ہیٹ
کرنیل سر سی اسکاٹ مانکرف
میجر جنرل پی۔ لوٹ
اس کے بعد نائٹ کمانڈر انڈین امپائر کے مندرجہ ذیل اشخاص آئے۔
ہز اکسیلنسی سر ای۔ گلہارڈو۔

اول ایک سو ایک بم کے گولوں سے شاہی سلامی دیگی - یہ گولے بہایت بلند چھوٹتے تھے اور آسمان پر پھٹنے کے بعد دیر تک روشنی قائم رہتی تھی مشرس سی - ٹی - براک کمپنی کی آتشبازی تو مشہور ہے - بہت سی قسم کی گیندوں کا مینہ برسایا گیا جسکے اندر مختلف رنگوں سے ہر مرتبہ زمین سے گیندیں اچھالتی تھیں - طرح طرح کے درخت دکھائے گئے جنکی روشنی تاروں کے مانند چمکتی تھی - لارڈ و لیڈی کرزن اور ڈیوک و ڈچیز کناٹ اور لارڈ کچنر کی خوبصورت تصویریں آتشبازی کے اندر دکھائی گئیں - وہ ایسی مشابہ تھیں کہ فوراً فوراً پہچان لی گئیں جسوقت آتشبازی چھوٹ چکی اور حضور وایسرائے سوار ہو گئے اس وقت تمام روسا کی گاڑیوں کا جو میدان میں کھڑی تھیں نمبر آیا - تماشائیوں کی کثرت سے گاڑیوں کا نکلنا دشوار تھا -

عطائے تمغہ جات

۱۳ جنوری - دہلی دربار کے متعلق آج ایک اور سرکاری رسم ادا کی گئی - جدید ممبروں کو عطائے تمغہ ستارہ ہند اور اور انڈین امپائر کی رسم تھی - وایسرائے نے ان دونو تمغوں کے لئے بطور گرینڈ ماسٹر دربار کیا - اس کے لیئے دیوان عام منتخب ہوا تھا - اور کثیر التعداد تماشائیوں کے بیٹھنے کیلئے اس کی مکانیت میں توسیع کر دیگئی تھی - ایک بہت بڑے جلوس کے ساتھ جو ہال میں بہایت خوبی کے ساتھ آیا تھا اس کی کارروائی شروع ہوئی - ان میں سب سے آگے جے بی ووڈ متعلقہ سکرٹریٹ فارن آفس اور ان کے بعد مسٹر جے لوئیس ڈین قائم مقام فارن سکریٹری اور پھر دونو تمغوں کے سکریٹری مسٹر ہیو بارنس سی - ایس تھے -

ہم فی الحال مسٹر بارنس اور دیگر لوگوں کا حال بیان کرینگے جونسا دہ سادہ تمغہ کمپانین کے ہیں گو ان کو نائٹ کا اعزاز مل چکا ہے -

سکرٹری خوبصورت جبہ پہنے اور ستارہ ہند کا تمغہ لگائے تھے انکے پیچھے مندرجہ ذیل کمپانین انڈین امپائر تھے -

مسٹر جے - ایس ڈونلڈ — رائے بہادر نانک چند
مسٹر اے - جے ڈونلاپ — مسٹر کے کرشنا سوامی گرود
مسٹر اے پٹلر — آنریبل مسٹر ٹی - ہالمس
مسٹر جی - ای - اسکاٹ — مسٹر ایف - ڈبلیو - بیٹمر
میجر ڈونلاپ اسمتھ — کرنیل بیل
رائے بہادر کیلاش چندر گھوس
لفٹنٹ کرنیل اے - ایم - کرافٹس
راجہ رتنا مہلہار — یونگ آنگیٹ
حاجی جلال الدین — مدھیوا راؤ
دنیت رائے — کپتان مکین
مسٹر ایف - جیکب — دیر چند دیپ چند
میجر پریزے — مسٹر بی - رابرٹسن
میجر بہی — لفٹنٹ کرنیل گملٹ
مسٹر اے - ایل - ٹکر — مسٹر ایس - پرسٹن
کمانڈر البنی
سردار میر او صاف علی خاں -
لفٹنٹ کرنیل اسکاٹ مانکرف -
فریدون جی کے تارہ پور والہ
آنریبل مسٹر سم — کپتان گڈرج
مسٹر ایچ - مارشن — آنریبل مسٹر ڈبلیو سی - ہیوز
خان بہادر محمد یوسف — لفٹنٹ کرنیل میڈ
کے - رستم جی تھلنہ والہ — مسٹر ڈی - ایف - کامیڈو -
لفٹنٹ کرنیل میکی — میجر بکرم سنگھ
مسٹر ینی کوئنک — کرنیل مین
مسٹر آر - ڈبلیو کارلال — صاحبزادہ محمد بختیار شاہ
مسٹر سی - جی - ڈبلیو - ہیسٹنگس
مسٹر پی - ایم - کرشنا مورتی
بریگیڈیر جنرل ڈف — نوروز جی پشوتن جی
آنریبل مسٹر اے انیڈرسن -
راجہ بھوپ اندر بکرم سنگھ
سرجن جنرل - فرنیکلن — مسٹر پی - پلیفر

اس نے عرض کیا کہ ہاں صاحب آنکھوں سے تو میں نے دربار نہیں دیکھا مگر محسوس کر لیا تھا۔

ڈیوک آف کیناٹ نے کئی ہندوستانیوں کو پہچانا کہ وہ اون کی ماتحتی میں کام کرتے تھے اور اُن سے ہاتھ ملائے ڈیوک باسانی ہندوستانی لہجہ میں باتیں کرتے تھے۔

آخر میں کرنیل کمتری نے کہا کہ لارڈ کرزن اور ڈیوک آف کیناٹ کے لئے خوشی کے تین نعرے بلند کئے جائیں پھر نعرے بلند کئے گئے۔

پھر کہا شاہ و شہنشاہ کے لئے تین نعرے بلند کئے جائیں۔ یہ نعرے نہایت جوش کے ساتھ بلند کئے گئے اور ایک مرتبہ نہیں بلکہ کئی مرتبہ بلند کئے گئے۔

یہ کارروائی نہایت کیفیت کی تھی اس میں اکثر مسن سپاہی آبدیدہ ہوگئے تھے۔

لارڈ کرزن اخبار نویسون مین

آج صبحکو حضور ویسرائے حاضری نوش فرمانے کے بعد غیر معمولی طور سے اخبار نویسون کے کیمپ کو تشریف لے گئے۔ انگلش اور ہندوستانی خاص خاص اخباروں کے قائم مقام ہزاکسلنسی کے روبرو پیش کئے گئے ہزاکسیلنسی نے دریافت فرمایا کہ اون کی سواریوں اور بڑے بڑے رسوم میں اون لوگوں کے سڑکوں پر گزرنے اور ڈاک وتار برقی اور کیمپ مین اون کے ذاتی آرام کے لئے کیا کیا انتظام کیا گیا ہے۔

مسٹر بسنکوٹ سی۔ ایس۔ انچارج کمپ ہذا نے اون لوگوں کے لئے نہایت خوبی و خوش اسلوبی سے انتظام کیا تھا اور مشرس کلنر کمپنی نے اون کے کھانے کا بندوبست کیا تھا۔

اسکے بعد لارڈ کرزن ہندوستانی دیسی اخباروں کے کیمپ میں تشریف لے گئے۔ + + + + + + +

آتشبازی دربار

یا ۲- جنوری سنہ ۱۹۰۳ء کا مبارک دن

ناظرین۔ ہر چیز پر تین حالتیں گزرتی ہیں خواہ وہ ذی روح ہو یا غیر ذی روح انسان اور حیوان درخت اور مکان زمانہ کا اثر سب ہی پر محسوس ہوتا ہے۔ آغاز۔ شباب۔ اور انجام سے کوئی مستثنے نہیں رہتا ہمیں کسیکی تخصیص نہیں بلکہ سب پر یکساں اثر کرتا ہے پھر ایسی حالت میں دہلی جیسے پرانے شہر کے چہرہ پر روحانیت کا پانی پھر جانا اور جوانی کے دم خم بھرنا تعجبات سے نہیں تو کیا ہے اس دربار مبارک کی طفیل جزاك الله خیرا از سر نو کایا پلٹ ہوگئی جتنے ٹوٹے پھوٹے مکان کوٹھے تھے از سر نو تعمیر ہو کر انگریزی فیشن مین ڈریس ہوگئے کیل کانٹا درست رنگ روغن سے چست اور اب اس شہر کے عین قلب میں جوش جوانی کے ولولے اُٹھ رہے ہیں شباب شباب۔ یعنی آج ایام دربار کا شباب ۲ جنوری شب برات گوکہ چاندنی چوک میں گیسو کی روشنی تھی مگر جیسی اُمید تھی ویسی نہ تھی جب لوگ جامع مسجد کے قریب پہنچے تو نہایت عمدہ کیفیت نظر آئی۔ قلعہ دیواروں اور مسجد پر روشنی کی قطاریں نہایت کیفیت دے رہی تھیں۔ شاہی دروازہ جامع مسجد کے زینوں پر کرسیاں اور بنچ لگے ہوئے تھے اور اُنپر سرخ قند کا غلاف کیا ہوا تھا۔ علاوہ موقع منظر پر یہ ہی عملدر آمد تھا۔ سرکاری طور پر مقابلہ کی سڑکوں اور وسیع قطعوں میں نشستگاہیں طیار کرائی گئیں۔ جابجا ٹکٹ لگے ہوئے تھے دو دو چار چار روپیہ کی تو کیا گنتی ہے۔ ایک سیٹ دس روپیہ کو بھی سستی خیال کیجاتی تھی اور وہ بھی موقعہ پر ملتی تھی تماشائیوں کی بھیڑ اور سواریوں کی ریل پیل میں ہم و گمانکو بھی راستہ چلنا محال تھا۔ کہ اتنے میں حضور والیسرائے اور لیڈی کرزن و ڈیوک اینڈ ڈچز آف کیناٹ اور اُن کے ہمراہیان دس بجے پندرہ منٹ پر تشریف لائے اور اپنی جگہ پر رونق افروز ہوئے لیکن آتشبازی چھوٹنے میں ابھی دیر تھی اسلئے پندرہ منٹ انتظار کی تکلیف اُٹھانی پڑی لیکن ٹھیک دس بجے شروعات کر دیگئی جس کی تفصیل یہ ہے۔

چوتھے ڈریگون رسالہ نے باجہ کے ساتھ قواعد کی
نیزہ بازی کی ورزشوں سے تماشائی متحیر تعریف کے نعرے
بلند کر رہے تھے۔
گھوڑ چڑھے توپخانہ کے گولہ اندازوں نے باجہ کی
گتوں پر قواعد کی۔
چوتھے ڈریگون رسالہ نے باجہ کی گتوں پر قابل
تعریف قواعد کی۔
اسکے بعد ورزشخانہ کے کلاسوں کے لوگوں نے
خاص خاص ورزشیں کیں جس سے معلوم ہوا کہ کیسے کیسے
حیرت انگیز قوی الجثہ لوگ تھے جن کے زبردست دست وپا
اور اعضا کو دیکھکر حیرت ہوتی تھی۔

ویسرائے اور زمانہ غدر کے مسن سپاہی

آج صبحکو زمانہ غدر کے مسن سپاہیوں کو حضور ویسرائے
کی چٹھی صادر ہونے سے افتخار حاصل ہوا جسمیں ہزاکسلنسی
نے اون کو ویسرائے ہیڈ کوارٹر میں ملاقی ہونے کے
لئے مدعو کیا تھا۔ یہہ لوگ کیمپ میں صف بستہ کئے
گئے۔ ان میں سے بعض معمولی کپڑے پہنے تھے بعض
وردیاں پہنے تھے۔ مگر سب تمغے لگائے تھے انمیں
سے کچھ تمغے جنگ کریمیا کے اور کچھ حفاظت وکمک
دہلی ولکھنؤ کے تھے ان سب کا ایک فوٹو لیا گیا اسکے
بعد یہ سب گاڑیوں پر سوار ہوکر ویسرائے کی قیامگاہ
پر گئے وہاں سبزہ زار کے گرد صف آرا کئے گئے
اوس وقت تصویر کھینچنے کے قابل صورت پیدا ہو گئی تھی۔
ان لوگوں میں ستائیس یوروپین اور تین سو ہندوستانی
تھے جو بہت سے تمغے لگائے ہوئے تھے لیڈی کرزن
اور اون کے مہمانوں نے شہ نشین پر سے اس کیفیت
کو ملاحظہ کیا۔
ہزاکسیلنسی مع ڈیوک آف کیناٹ باہر آئے اور
کرنیل کمتری سے خوب ہاتھ ملایا۔ کرنیل کمتری نے
ایڈریس پیش کیا۔

لارڈ کرزن نے اوس کے جواب میں فرمایا۔
"اس بہت بڑے دربار تاجپوشی کا ایک جزو ہے
جس کی پچھلے آزمایش نہیں ہوئی تھی۔ اسپر بھی یہ کچھ کم لطف
کا نہیں ہے۔ ہز رایل ہائینس اور میں تم لوگوں کو آج یہاں
دیکھنا چاہتے تھے۔ خصوصاً اس وجہہ سے کہ جب تم سب
مارچ کرتے ہوئے صحن دربار میں آئے تھے تو وہ کیفیت
ہم نے نہیں دیکھی تھی۔ یہہ بات نہایت موزوں و مناسب
تھی کہ جو لوگ پینتالیس برس اوودھر سلطنت کے لئے
لڑے اور طرح طرح کی تکلیفیں برداشت کی تھیں وہ اس
دربار میں شریک ہوں۔
میں نے سنا ہے کہ تمھارا استقبال نہایت گرمجوشی
سے کیا گیا تھا۔ یہہ ایسا پُر درد واقعہ ہے جس سے زیادہ
کبھی ہندوستان میں نہیں ہوا۔ تم کو اس روز بڑا افتخار
کرنا تھا۔ تم نے چاہا ہے کہ میں تمہارا ایڈریس شاہ کی
خدمت میں بھیجدوں میں اوسے ہز مجسٹی کے حضور میں
بھیجدوں گا اور مجھکو کامل یقین ہے کہ جتنے ایڈریس
اس موقعہ پر بھیجے گئے ہیں اون میں اس اڈریس کے پڑھنے
میں شاہ کو سب سے زیادہ مسرت ہوگی۔
کرنیل کمتری نے عرض کیا کہ آپ نے تمام بہادر پرانے
یوروپین یوریشین و ہندوستانی سپاہیوں کیجانب
سے میں اون مہربانہ الفاظ اور اوس وعدہ پر یور اکسیلنسی کا
شکریہ ادا کرتا ہوں جو آپنے فرمایا ہے کہ ہز مجسٹی شاہ
و شہنشاہ کے حضور میں ہمارا خیر خواہانہ آداب عرض کیا جائیگا
اور میں صحیح طور سے کہتا ہوں کہ اپنے شہنشاہ کے
اعزاز و ناموری سلطنت کے لئے ہم میں سے ہر شخص اپنی
جان جو اوسکے جسم میں باقی ہے دینے کو طیار ہے۔
اسکے بعد لارڈ کرزن و ڈیوک آف کیناٹ ہر شخص کے
پاس تشریف لیگئے اور ایک آدھ لفظ مہربانی آمیز فرمایا۔
ہز اکسیلنسی ایک اندھے اور ضعیف شخص اڈین نامی
کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا افسوس ہے تم نے دربار
اپنی آنکھوں سے نہ دیکھا۔ + + + + + + + +

کو اِس ملک سے کچھ بھی دلاویزی ہے یا وہ اِس ملک میں رہ چکا ہے اُس کو اِس سے بہت ہی محبت ہوگی اور میرے خیالات اور بھی ہیں اور وہ افسوسناک ہیں کہ جب میں پہلے یہاں تھا تو مجھکو یہ خوش نصیبی حاصل تھی کہ میں نے تین ویسرایوں اور کمانڈر انچیفوں کی ماتحتی میں کام کیا۔ اب ہندوستان سے میرا کوئی تعلق نہیں ہے (زور سے نعرۂ خوشی) اور میں خیال کرتا ہوں کہ اِس بات کا اطمینان دلانے کی مجھکو بہت کم حاجت ہے کہ مجھکو ہر ایسے معاملہ میں ہمیشہ دلاویزی ہے جسکا ہز مجسٹی کی ہندوستانی سلطنت کی خوشی و خرمی و سرسبزی و عظمت و شان سے تعلق ہے (نعرۂ خوشی) یہاں میرے بہت سے برٹش و ہندوستانی دوست و احباب ہیں (نعرۂ خوشی) اُن کی تندرستی و ترقی کا منشا میری رضامندی کا باعث ہے۔ مجھکو اِس امر سے نہایت مسرت ہوئی کہ میں نے ہندوستانی فوج کو پھر معائنہ کیا (نعرۂ خوشی) آپ حضرات واقف ہونگے کہ میرا پہلا تعلق فوج بنگال سے تھا کیونکہ اُس زمانہ میں وہ اُس ڈویژن کی کمان میں تھی۔ اِس کے بعد چار سال کے قریب تک میں کمان بمبئی پر رہا۔ لہذا مجھکو کسی ایک پریسیڈنسی سے نہیں بلکہ تمام ہندوستان سے دلچسپی ہے۔ بارہ برس اُدھر جب میں ہندوستان میں تھا تو تمام سرحدی فوج ہمارے آنرو سے سمندر کے تعلقات کی حفاظت میں باری باری شریک ہوئی اور میں خوشی کے ساتھ خیال کرتا ہوں کہ جنوبی افریقہ یا چین یا سرحد ہند پر جہاں کہیں فوج ہند کی حاجت ہوئی اُس نے وہاں جاکر اپنی ناموری قایم رکھی اور میں باطمینان تمام کہتا ہوں کہ اور سلطنتوں کی تمام فوجیں ہندوستانی فوج کی عزت و توقیر کرتی ہیں (زور سے نعرۂ خوشی)۔

اگر کسی فوج کو میدان جنگ میں جانے کا موقع نہیں ملتا ہے تو اُس میں خرابی پیدا ہوتی ہے خصوصاً ہندوستانی فوج سالہا سال ہندوستان ہی میں رہے تو اُس کے لیئے بُرا ہے۔

اب میں ڈچز کی طرف سے بیان کرتا ہوں کہ وہ ہندوستان میں دوبارہ آنے سے نہایت محظوظ و مسرور ہوئیں اور وہ اِس امر پہ بہت نازاں ہیں کہ وہ آج کی رسم میں موجود تھیں اب میں اُس بیان کے متعلق جو یور اکسیلنسی نے میرے بھتیجے کی نسبت کیا ہے یہ کہتا ہوں کہ وہ اُس خوشی کی نہایت قدر و منزلت کرتے ہیں جو اُن کو ہندوستان میں آنے اور آپ کا مہمان ہونے سے ہوئی۔

اور میں اِس نئے سال کے روز آپ یعنی لارڈ کرزن سے یہ کہتا ہوں کہ ہم سب آپ کی مہمان نوازی اور استقبال کے کسقدر ممنون و مشکور ہیں۔ اور آپ سب جنٹلمینوں کا شکریہ اِس امر پہ ادا کرتا ہوں کہ آپ سب نے کسطرح میرا جام تندرستی نوش کیا (زور سے نعرۂ خوشی)۔

فوجی ورزشیں

۲-جنوری کو ۲ بجے سہ پہر کے وقت احاطۂ دربار تاجپوشی میں فوجی ورزشیں دیکھنے کے لیئے جابجا تماشائی بیٹھے ہوئے تھے اور ڈیوک و ڈچز کناٹ بھی یہ ملاحظہ فرمانے کے لیئے موجود تھے۔ کہ کرنیل کلیری ہل انسپکٹر جنرل ورزشگاہات ہند نے جو پروگرام قایم کیا ہے دیکھیں اُس میں کیسی کیسی ورزشیں ہوتی ہیں۔ یورپین اور ہندوستانی سپاہیوں نے ہر ورزش نہایت کامیابی اور خوبی سے کی اکثر خوشی کے نعرے مارے گیئے۔ ہندوستانی رسالوں میں قطعیٔ نیزہ بازی مندرجہ ذیل رسالوں کے گروہوں میں ہوئی اور انھوں نے مندرجہ تحت اسکور حاصل کیئے

پندرھواں بنگال لانسر رسالہ	۴۸ اسکور
تیرھواں بنگال رسالہ	۴۵ اسکور
دوسرا پنجاب رسالہ	۴۸ اسکور

پندرھواں بنگال لانسر رسالہ نے پیالہ جیتا۔ تیسرے رسالہ کا دوسرا درجہ تھا۔ پندرھویں سکھ رسالہ اور تونا بارہیں رسالہ کے سواروں اور آٹھویں بنگال رسالہ کے سواروں نے مگدر ہلایا۔ گھوڑ چڑھے توپخانہ کی باری آئی بارڈی نے بینڈ باجہ کیساتھ دھوم کی

بلکہ ایک اپنے عزیز قریب کو منتخب کیا اور چونکہ شہزادہ و شہزادہ
ویلز آپ کے موسم سرما میں یہاں تشریف نہیں لا سکتے
تھے گو ہمیں امید ہے کہ یہ افتخار چند روز بعد ہمیں حاصل ہوگا
لہذا ہز مجسٹی شاہ و شہنشاہ نے اپنے بھائی ڈیوک آف
کیناٹ کو یہاں آنے کے لئے منتخب کیا (زور سے نعرۂ
خوشی) آج کی رسوم میں اور اسوقت کی ہز رائل ہائنس کی
موجودگی سے ہم سب لاثانی طریقہ سے خوش ہیں (نعرۂ
خوشی) ہمارے یہ خیالات اس وجہ سے ہیں کہ ہم ہز رائل
ہائنس کی تشریف آوری سے تصور کرتے ہیں کہ وہ اعلیٰ
شاہ و شہنشاہ کو ہندوستان کا کیسا خیال ہے اور کوئی
ایسا شہزادہ نہیں ہے بلکہ مجھکو یہ کہنا چاہیئے کہ کوئی افسر
نہیں ہے کیونکہ ہز رائل ہائنس نے ہم لوگوں کی طرح
ہندوستان میں تاج کی خدمات کی ہیں جسنے اپنے
تئیں ہر فرقہ کے لوگوں میں ایسا ہر دلعزیز کیا ہو یعنی ہز رائل
ہائنس نے سپاہیوں اور سویلینوں یوروپینوں اور ہندوستانیوں
میں اپنے تئیں عزیز دل بنایا ہے (زور سے نعرۂ خوشی)
پس ان کا ہم لوگوں میں آنا صرف شاہ و شہنشاہ کے
ڈیلیگیٹ کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک دوست قدیم کی
صورت سے ہے جسکی تمام ہندوستان نہایت بزرگی
مانتا اور ان سے محبت کرتا ہے (نعرۂ خوشی)

اگر میں جام تندرستی کے بیان سے ایک لمحے کے
لیئے تجاوز کرنے پاؤں تو کہوں کہ ان خیالات کو اس امر سے
اور بھی ترقی ہوگئی کہ ہز رائل ہائنس اپنے ساتھ اس شہزادے
کو لائے جسکی شہرت تمام ہندوستان میں انھیں کے برابر ہے
اور میں کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے خاندان شاہی کے
ایک اور شخص کو بھی کس خوشی کے ساتھ دیکھا یعنی ہز رائل
ہائنس گرینڈ ڈیوک ہسی جو خود حکمران فرمانروا اور ہماری
ملکہ آنجہانی کے پوتے ہیں جنھوں نے یہاں تشریف لاکر
ہمکو افتخار بخشا اور ہم سب کو خوش کیا (زور سے نعرۂ خوشی)

اب میں پھر اپنے مطلب پر عود کرتا اور امید کرتا ہوں
کہ ہز رائل ہائنس ڈیوک آف کیناٹ ہز مجسٹی شاہ پر انکی

سلطنت ہندوستان کی سرسبزی و خیر خواہی کا حال
ظاہر کرینگے اور میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کے تشریف
لانے اور بہت بڑے موقع پہ ہم لوگوں میں ان کی موجودگی
کو ہم بہت بڑا اعزاز سمجھتے ہیں (نعرۂ خوشی) ہمکو دہلی میں
جو کام لاحق ہیں جب وہ انجام پا جائیں گے تو ہمکو امید
ہے کہ ان کے لیئے نہایت عمدہ اور خوشگوار دورہ کا
انتظام کریں تاکہ ہز رائل ہائنس ان لوگوں میں جنسے یہ
زیادہ مانوس ہیں سیاحت کر سکیں اور جب وہ ہمارے
ساحل سے اپنے جہاز پر سوار ہوکر روانہ ہوں گے تو امید
کرتا ہوں کہ ہندوستان ان کو اور ڈچز کو ہمیشہ یاد رکھیگا
کیونکہ اس ملک کے یوروپین اور ہندوستانیوں کو ان
سے نہایت ہی محبت و الفت ہے (زور سے نعرۂ خوشی)

جنٹلمین اب میں تم سے چاہتا ہوں کہ ہز رائل ہائنس
ڈیوک و ڈچز کیناٹ کے مع الخیر سفر کا جام تندرستی
نوش کرو (زور سے نعرۂ خوشی)۔

یہ جام تندرستی نہایت گرمجوشی سے نوش کیا گیا۔

جب ہز رائل ہائنس جام تندرستی کا جواب دینے
کے لئے استادہ ہوئے تو لوگوں نے نہایت گرمجوشی ظاہر
کی۔ ہز رائل ہائنس نے فرمایا۔

یہ امر میرے نہایت تقشدل ہوا کہ اس بہت ہی مبارک
موقع پر آپ نے میرا جام تندرستی کسطرح تجویز کیا۔ میں
آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جب ہز مجسٹی شاہ نے مجھکو اطلاع
دی کہ ان کی یہ خواہش ہے کہ وہ مجھکو اپنے خاندان کی
طرف سے دربار تاجپوشی دہلی میں بھیجیں تو مجھکو نہایت
ہی رضامندی و خوشی حاصل ہوئی تھی (نعرۂ خوشی)
مجھکو یہ امید کبھی نہ تھی کہ یہ خوشی مجھکو حاصل ہوگی۔ اب
میری سپاہیانہ خدمات اور ہی ملک میں ہیں اور وہ یہاں
کی نسبت اور ہی کچھ ہیں۔ ڈبلن دہلی کی نسبت اور ہی قسم
کا مقام ہے (قہقہہ) جب مجھ سے یہ کہا گیا کہ پھر مجھے ہندوستان
آنا پڑیگا تو مجھکو نہایت ہی حیرت ہوئی تھی۔ مجھکو یہاں
آنے سے نہایت مسرت حاصل ہوئی۔ اور جس شخص

سلمہ شاہ وشہنشاہ ہوگئے۔ مگر ہندوستان نہایت اُنس
ونسبت کے ساتھ اُن کے روئے مبارک کی زیارت اور
اُن کی آواز کی سماعت کرنا چاہتا تھا۔ ہم اُمید کرتے ہیں
کہ جسقدر زمانہ گزرتا جائیگا اور سائینس کے کسیر سے فاصلہ
بہ سہولت ہوتی جاوئے گی تو کسی نہ کسی زمانہ میں وسیرائے
حال کے ایسے آیندہ موقع پر آسیبیہ اور مدفصول کی
طرح خارج کیا جائے اور شخص اصلی یہاں موجود ہو (نعرہ
خوشی) خیر یہ تو جب ہوگا ہوگا۔ اسوقت ہم سب ایک
فرمانروا کے اظہار اعزاز کے لئے یہاں موجود ہیں گو وہ
بظاہر نظروں سے غائب ہے مگر ہمارے دل میں متمکن
ہے اور شاہانہ پیام سے جسکے پڑھنے کا آج سہ پہر کو
مجھے افتخار حاصل ہوا ہے ظاہر ہے کہ اس فرمانبرداری
پر وہ کسقدر نازاں اور اہل ہندوستان کے مفید امور
میں کسدرجہ مصروف و منہمک ہیں (نعرہ خوشی)

دربار میں میرا فرض تھا کہ ہز میجسٹی کے خراجگزاروں
اور رعایا کو اڈریس کروں جو وہاں اپنی جانب سے اظہار
فرمانبرداری کرتے اور شہنشاہی الفاظ سُننے کے لئے جمع
ہوئے تھے مگر آج شب کو بہت غیرملک کی سلطنتوں
کے قایم مقام اور اعلیٰ درجہ کے اشخاص اس میز پر موجود
ہیں اور جو روئے زمین کے تمام حصص سے آئے ہیں
لہذا میں یہ امر ظاہر کرتا ہوں کہ قبضہ ہندوستان سے
اور بیرونجات کی بھی ذمہ واریاں ہیں اور میں بخوشی
کہتا ہوں کہ صوبجات مشرق اور تمام سلطنتوں سے
دوستانہ تعلقات ہیں۔ ہم کو بہت بڑی دوست سلطنت
جاپان کے قایم مقام کی صحبت کا افتخار حاصل ہوا آج ہمارے
دربار میں ہمارے دوست اور ساتھی امیر افغانستان کے
سفیر و قایم مقام اور ہماری دوست سلطنت نیپال اور
سلطان مسقط کے قایم مقام موجود تھے اور دو زبردست
سلطنتوں یعنی فرانس و پرتگال کے ہندوستانی مقبوضات
کے گورنر جنرل ہمارے مہمانوں میں ہیں اور اُن سے
صلح کُل دوستی کا سلسلہ برابر چلا آتا ہے (نعرہ خوشی)

اس کے علاوہ آنرو سے سمندر کی بڑی بڑی برٹش
کالونیوں یعنی آسٹریلیا اور جنوبی افریقیہ کے قایم مقام
موجود ہیں جنکا ستارۂ بخت عروج پر ہے اور جسقدر ان
گورنمنٹوں کو ہم سے قربت کے ساتھ تعلق ہوتا جائے گا
اُن کا ستارہ اور چمکتا جائیگا۔ پھر امپیریل لیجسلیچر کے اعلیٰ درجہ
کے ممبر اور ہوس آف لارڈز اور ہوس آف کامنس کے
لوگ موجود ہیں جو اس بہت بڑی رسوم میں ہمارے شریک
ہونے کے لئے سفر بحری طے کر کے آئے ہیں (نعرہ تعریف)
لہذا میں اُس دعا کا مستحق ہوں کہ یہ محض لوکل جشن نہیں ہے
بلکہ شہنشاہانہ سنجیدگی کا جشن ہے جسکا اثر دور دور تک
ہوگا اور اسکا عملدرآمد ہوگا اور ہم نے ایسے لوگونکی موجودگی
میں جو برٹش سلطنت اور ہماری قایم شدہ عملداری ایشیا
میں نمونہ ہیں جو کاروائی کی ہے اُس میں ہمارے ہمسایوں
کے دوستانہ خیالات ہیں اور آنرو سے سمندر کے ہمارے
تمام عزیز و اقارب متفق ہیں۔ اب میں جام تندرستی تجویز
کرتا ہوں (زور سے نعرہ خوشی)

اب میں نہایت ہی ادب و فرمانبرداری و جوش کے
ساتھ ہز میجسٹی شاہ و شہنشاہ کا جام تندرستی تجویز کرتا
ہوں (زور سے متواتر نعرہ خوشی)۔

یہ جام تندرستی نہایت اعزاز کے ساتھ نوش کیا گیا۔
اس کے بعد ہز رائل ہائینس ڈیوک آف کیناٹ کا جام
تندرستی تجویز کرنے کے لئے پھر استادہ ہوئے اور فرمایا۔

یور رائل ہائینس و یور اکسیلنسیز و مائی لارڈز و جنٹلمین۔
آج شام کو میں آپکے سامنے ایک اور جام تندرستی
بھی تجویز کرونگا۔ میں تو بیان کر چکا ہوں کہ ہز میجسٹی شاہ
و شہنشاہ کو اس امر سے کسقدر افسوس ہوا کہ وہ اپنی تاج
پوشی کے جشن میں شریک ہو سکے مگر یہ امر غیر ممکن تھا
ہز میجسٹی نے وہ کارروائی کی کہ اگر تمام اہل ہندوستان
سے رائے لیجاتی تو وہ اسی کارروائی پر ووٹ کرتے
(زور سے نعرہ تعریف) یعنی اُنھوں نے اپنی طرف سے
یہاں شریک ہونے کے لیے خاندان شاہی کے ایک

پُرشوکت موقع پر انھیں اپنے شاہنشاہ عالی جاہ کے
خصائل ذاتی کو دریافت کرنے اور اُن کے نیک خیالات
کے سُننے کی عزت حاصل ہوئی - میں اُمید کرتا ہوں کہ اِس
کی یاد - خوشی اور مسرت کا باعث ہوگی اور ملک معظم
ایڈورڈ ہفتم کا عہد حکومت جو ایسے سعید و مبارک طور
پر شروع ہوا ہے ہندوستان کے صفحات تاریخ اور
اُس کے باشندوں کے صفحات دل پر تا ابد باقی اور
منقش رہیگا - ہم دعا کرتے ہیں کہ اُس قادر مطلق مالک
ارض و سما کے فضل و کرم سے شاہنشاہ ممدوح کی سلطنت
اور حکومت سالہاسال قائم رہے آپ کی رعایا کو روز افزوں
بہبودی اور ترقی خیالات ہو - آپ کے عہدہ داروں
کے نظم و نسق ملکی پر عقلمندی اور نیکی کی مہر ثبت رہے
اور آپ کی سلطنت وسلامتی اور برکتیں تا ابد قائم رہیں
حضور ملک معظم و قیصر ہند کی عمر دراز ہو ! +

شاہی دعوت

دوسری جنوری کی شب کو سرکاری دعوت میں ہز ایکسلنسی
ویسرائے نے ہز رائل ہائنس ڈیوک آف کیناٹ اور بہت
سے نامور مہمانوں کو مدعو کیا اور شاہ و شہنشاہ کا جام صحت
تجویز کرتے وقت فرمایا -

یور رائل ہائنس - یور ایکسلنسیز - مائی لارڈز اور جنٹلمین -
ہز میجسٹی شاہ و شہنشاہ کا جام تندرستی تجویز کرنے کے
لئے میں اُٹھتا ہوں - آج سہ پہر کو ہم نے ایک بہت بڑی
رسم کامیابی (نعرۂ خوشی) سے ادا کی جو اس ملک میں ہز
میجسٹی کی تاجپوشی کے متعلق تجویز کی گئی تھی - وہ کیفیت
ایسی تھی کہ ہر ایک شخص کو اُسے دیکھکر جوش پیدا ہوگیا
ہوگا (نعرۂ خوشی) اُس سے ہر یورپین یا ہندوستانی باشندہ
ملک ہذا کو بخوبی تمام معلوم ہوگیا ہوگا کہ وہ کس کے
عہد حکومت میں ہے اور بہت مستعدی و قوت کے
ساتھ دور دراز فاصلے سے اُس بہت بڑی پولیٹیکل کل
کی خاص نگرانی کیجاتی ہے اور میں اُمید کرتا ہوں کہ ہمارے
نامور مہمانوں کے بھی یہ امر نقش دل ہوا ہوگا کہ ہندوستان
ایک ایسا مقام نہیں ہے جسکا بار اُس کی وابستگی کے
سبب سے برٹش سلطنت پر پڑتا ہو بلکہ یہ بجائے خود ایک
سلطنت اور بر اعظم اور اپنے لوگوں اور قدیم یادگاروں
کے سبب سے نہایت آسودہ ہے اور اُس کو اپنی قوت
و طاقت پر اعتماد کلی ہے اور آئندہ کے کاموں کے
لئے اس کی بہت بڑی قوت ظاہر ہے (زور سے نعرۂ خوشی)
سلطنت متحدہ و آنرو سے سمندر کے برٹش مقبوضات
کی شاہی بہت بڑی زبردست ہے اور اعلیٰ درجہ کا خطاب
ہے مگر شہنشاہی ہند اُس سے کچھ کم نہیں ہے بلکہ بعض
بعض حالات میں اُس سے زیادہ ہے - (نعرۂ خوشی)
کیونکہ یہاں زبردست سلطنتیں جو اُس زمانہ میں نہایت
سرسبز تھیں جب انگلشمین صبح الصبح ابھرا اور اپنے جسم کو
طرح طرح سے رنگا کرتے تھے - برٹش کالونیاں محض ویران
مقامات اور جنگل تھیں - ہندوستان نے تاریخ حال مذہب میں ایسا گہرا نشان چھوڑا ہے جیسا کسی سلطنت
میں نہیں ہوا (نعرۂ خوشی) اور یہ امر کہ برٹش شہنشاہ
ایک زمانہ میں وہ کارروائی کر سکے جو اُس کے کسی پیشرو
نے نہیں انجام دی - سکندر ذوالقرنین کو کبھی یہ خیال بھی
نہوا نہ اکبر نے کبھی اُس کو انجام دیا یعنی امن و امان کو
قائم اور اسقدر بکثرت عوام کو یکدل کرنا ایسا ہے جو میری
رائے میں تاریخ میں نقش دل ہونے والی عجیب و غریب
اس دنیا میں حیرت انگیز شے ہے (نعرۂ خوشی)

یور رائل ہائنیس اور یور ایکسلنسیز و جنٹلمین ! میں
اس امر کے بیان کرنے کی جرأت کرتا ہوں کہ آج ہم لوگوں
کی طبیعت میں اس امر کا بڑا افسوس ہے کہ ہز میجسٹی اس
موقع پر رونق افروز نہ تھے کہ رؤسا و اہل ہندوستان
کا نہایت فرمانبرداری کا آداب بنفس نفیس قبول فرماتے
(نعرۂ خوشی) فی الحقیقت اس امر کی کوئی ضرورت نہیں ہے
کہ شہنشاہ ہند یہیں آکر تاجپوش ہو بلکہ دو برس ہونے
جب تخت خالی ہوا تھا اُسی زمانہ میں ہز میجسٹی ہمارے

ظاہر کی جس نے اُس کے نزدیک نیا اعتبار بھی پیدا کیا +
دُنیا کے کسی دوسرے حصے میں ممکن نہیں ہے کہ ایک ایسا
منظر جسکا ہم آج یہاں مشاہدہ کر رہے ہیں دیکھنے میں آئے
میں اس بڑے اور باوقعت مجمع کا ذکر نہیں کرتا ہر چند
کہ اُس کے لاثانی ہونے کا مجھے یقین ہے - میں اُس
حقیقت کی طرف - جسکا یہ مجمع گویا مجاز ہے اور اُن لوگوں
کی طرف سے جنکی کیفیات قلبی کا یہ مجمع اظہار کرتا ہے اشارہ
کرتا ہوں - مختلف ریاستوں کے تنو سے زیادہ والی
جنکی مجموعہ آبادی چھ کروڑ آدمیوں کی ہے اور جن کے ممالک
پچپن درجہ طول تک پھیلے ہوئے ہیں اپنے مشترک حکمراں
کی اطاعت کا اظہار کرنے کے لئے یہاں آئے ہیں - ہم
اُن کے اس جوش وفاداری کی نہایت قدر کرتے ہیں جو
انہیں اس قدر فاصلوں سے دہلی تک کھینچکر لایا ہے
اور جس کے لئے اکثر کو بہت کچھ تکلیف اور اخراجات بھی
برداشت کرنا پڑا ہے اور ابھی تھوڑی دیر میں مجھے اُن کی
خاص زبانوں سے حضور ملک معظم تک اُن کی طرف سے
مبارکباد پہنچانے کا پیغام سُننے کی عزت حاصل ہوگی - ۰۰
عہدہ دار اور سپاہی جو یہاں موجود ہیں ہندوستان کے
قریب قریب دو لاکھ تیس ہزار جوانوں میں سے منتخب
کرکے بلائے گئے ہیں - اور انہیں خاصکر اس بات پر
فخر ہے کہ وہ حضور ملک معظم کی سپاہ ہیں - سربراوردگان
جماعہائے ہند عہدہ دار اور غیر عہدہ دار جو یہاں موجود
ہیں تیئیس ۲۳ کروڑ سے زیادہ آدمیوں کی جماعت کی وکالت
کرنے والے ہیں - اس لئے حقیقت میں اس بات کا دعوی
کیا جا سکتا ہے کہ اس تماشہ گاہ میں روحانی طور پر بلکہ حکمراں
اور نائبوں کے اعتبار سے جسمانی طور پر بھی تمام انسانی
آبادی کا قریب قریب ایک خمس یہاں موجود ہے سب کے
سب میں ایک ہی جوشی دل کی رُوح پھونکی گئی ہے اور
سب کے سب ایک ہی تخت کے آگے سر تسلیم خم کرتے ہیں -
اگر کوئی سوال کرے کہ یہ کیونکر ممکن ہے کہ ایک ہی دلی
جوش نے اُن کثیر التعداد و منتشر جماعتوں کو ایک جگہ
کھینچ بُلایا اور انہیں متحد کر دیا ہے - تو جواب اسکا یہ ہے
کہ بادشاہ کے ساتھ وفاداری اور اُس کے عدل اور
کریمانہ حکومت پر اعتماد - دونو مترادف الفاظ ہیں - یہ نہ
صرف ایک دلی جوش کا اظہار ہے بلکہ ایک تجربے کی گویا
لوح منقش اور اعتقاد کا اقرار ہے - اسلئے کہ اُن کروڑوں
آدمیوں میں سے اکثر کو حضور ملک معظم کی گورنمنٹ نے
باہر کے حملہ اور اندر کی بدعملی سے آزادی بخشی ہے -
بعضوں کو اُن کے حقوق و اختیارات کی حفاظت کی
کفالت عطا کی ہے - بعضوں کے لیے باعزت مشغولیوں
کی راہیں فراخ و کشادہ کر دی ہیں - عامہ خلایق کے حال
پر مصیبت کے وقت نظر رحم مبذول کرتی ہے - اور
سب کے ساتھ عادلانہ انصاف برتتی - انہیں ظلم و
ستم سے نجات دینے اور تربیت و تعلیم اور امن و امان
کے فیوضات عطا کرنے کے لئے کوشش کرتی ہے -
ایک ایسے ملک پر فتح حاصل کرنا ایک بڑی کامیابی ہے -
عادلانہ اور منصفانہ برتاؤ سے اس ملک پر قبضہ قائم رکھنا
اس سے بھی بڑھکر کامیابی ہے - عاقلانہ تدابیر ملکی سے
اُس کے اجزا منتشرہ کو ایک مجموعہ مستحکم بناکر برقرار رکھنا
سب سے بڑی دلیل فیروزی ہوگی بلکہ ہے +
اس تاجپوشی کے دربار کے انعقاد کے یہی اغراض و
مقاصد ہیں - اب میرا یہ فرض ہے کہ حضور ملک معظم کے
اُس شفقت آمیز فرمان کو جو حضور ممدوح نے اپنی رعایا ئے
ہند تک پہنچائے جانے کی فرمایش کی ہے آپ لوگوں کے
سامنے پڑھکر سناؤں

حضور ملک معظم و قیصر ہند کا پیغام
مبارک فرجام

مجھے نہایت خوشی ہے کہ اس پُر شوکت موقع پر جبکہ میری
ہندوستانی رعایا میری تاجپوشی کی خوشیاں کر رہی ہے
میں انہیں خوشنودی و مبارکبادی کا پیغام بھیجتا ہوں.

آخر کار لوگوں کا پیش ہونا ختم ہوا اور فارن سکریٹری نے دربار ختم ہونے کی اجازت چاہی - اور والیسرائے اور لیڈی کرزن گاڑی پر سوار ہوئے اور لوگوں نے خوشی کے نعرے بلند کئے -

اسپیچ حضور والیسرائے

اب سے چھ مہینے پیشتر اعلیٰ حضرت ملک اڈورڈ ہفتم ملک معظم انگلستان وقیصر ہند کو شاہان انگلشیہ کا تاج وعصا عطا کیا گیا تھا - سلطنت ہند کے صرف معدودے چند رئیسوں کو اس تقریب میں شریک ہونے کا فخر حاصل ہوا - آج کے دن حضور ملک معظم نے اپنی عنایات خسروانہ سے اپنی تمام رعایائے ہند کو اسی قسم کی خوشیوں میں شریک ہونے کا موقع دیا ہے - اور یہاں اور تمام مقامات ہندوستان میں اس مبارک جشن کے موقعہ پر خواہ راجگان ونوابان و رئیسان وسرداران ہند جو حضور ممدوح کے تخت کے ستون ہیں - خواہ یورپین اور ہندوستانی حکام جو حضور عالی کی سلطنت کا انتظام بحسن وخوبی تمام و جانفشانی مالا کلام بجا لاتے ہیں - خواہ انگریزی وہندوستانی افواج جو اسقدر نمایاں بہادری کے ساتھ حضور ممدوح کے حدود ممالک کی حفاظت ونگرانی کرتی اور حضور ممدوح کی طرف سے میدان جنگ میں جان فدا کرتی ہیں - خواہ ہندوستان کی تمام اقوام کے وفادار باشندوں کی ایک جماعت بیشمار - جو باوجود ہزاروں قسم کے اختلافات حالات وخیالات وعادات کے بطیب خاطر سلطنت عظمیٰ کی اطاعت میں متحد متفق ہیں سب کے سب یکجا مجتمع ہیں - اپنی تاجپوشی کی تقریب کو اس طور پر ہندوستان میں انجام دینے کی غرض خاص سے حضور ملک معظم نے مجھے بحیثیت نائب السلطنت ہونے کے اس دربار عالیشان کے انعقاد کا حکم دیا ہے - اور خاص کر کے اس جشن کی عظمت ووقعت کے اظہار کی غرض سے اعلیٰ حضرت نے اپنے برادر حقیقی شاہزادہ والا تبار عالیجناب ڈیوک آف کنیاٹ کو اس تقریب میں شریک ہونے کا ارشاد فرما کر ہم لوگوں کی عزت افزائی فرمائی ہے -

اب سے پچیس(۲۵) برس پیشتر اسی مہینے کہ اسی دن میں اسی قدیم شہر میں جو یادگار شاہان نامآور دکار ہائے قابل الذکر ہے - اور یہیں اسی مقام پر حضور ملکہ معظمہ وکٹوریا اول قیصرہ ہند کے خطاب کے ساتھ مشتہر کی گئی تھیں - یہ کام حضور ممدوحہ کی اُن کی ہندوستانی رعایا کے ساتھ بے انتہا ہمدردی کی دلیل میں اور اُن کے ممالک متصرفہ ہند کے دولت برطانیہ کے زیر اطاعت والقیاد متفق ہونے کے ثبوت میں کیا گیا تھا - اس ربع صدی یعنی پچیس(۲۵) برس بعد آ چکے روز اس سلطنت وسیع کے اتحاد میں کچھ کمی نہیں بلکہ زیادتی ہوگئی ہے وہ بادشاہ جسکی اظہار اطاعت کیواسطے ہم لوگ مجتمع ہوئے ہیں - اپنی رعایائے ہند کے درمیان کچھ کم ہر دلعزیز نہیں ہے - کیونکہ انھوں نے اسکی شکل اپنی آنکھوں دیکھی اور اُس کی آواز اپنے کانوں سُنی ہے - وہ اپنی نوبت پر ایک ایسے تخت کا مالک ہوا ہے جو دنیا میں نہ صرف سب سے زیادہ نامی وگرامی ہے بلکہ سب سے زیادہ مستحکم وپائدار بھی ہے اور وہ نکتہ چین جنھیں اس بات کی تصدیق سے انکار ہو - کہ سلطنت ہند کا قبضہ - اور حضور ملک معظم کی رعایائے ہند کا وفادارانہ تعلق اور علامت اس تخت کے استحکام کیلئے ادنی بنیادوں میں سے نہیں ہے غلط خبریں سُنتے ہوئے ہونگے بلکہ میری دانست میں یہ باتیں اُسکے احکام کی شروط لازمی میں سے ہیں - جسطرح ہندوستان اپنے ذاتی اور موروثی فخر سے معمور ہے - اُسی طرح اس وفاداری ونمکحلالی کی روشنی سے منور ہے - جسکی از سر نو جائے غروب سے افزائش کی گئی ہے - اپنے اُولوالعزم طالبوں کی بڑی جماعت میں جو قرناً بعد قرن اسکی طلب وتلاش میں آتے گئے - اس نے صرف اسی سے اپنی رہنما سندی

جب یہ اعلان پڑھ چکے تو شلک سلامی کی ایکسو ایک توپیں پندرہ منٹ تک چلائیں اور بندوقوں کی باڑھیں بھی ایک مناسب وقت تک چلائی گئیں - پھر ہز اکسیلنسی وائسرائے نے اُٹھکے دربار کو اڈریس کیا جسکی نقل ذیل میں درج ہے -

لارڈ کرزن نے جب ہز مجسٹی شاہ وشہنشاہ کا پیام اُن کی رعایا کو دیا تو اُس وقت سب سر برہنہ ہوگئے - تیس منٹ کے بعد دو بجے اسپیچ ختم ہوئی - اور سر لٹل اور ٹرمچی پھر مسند کے روبرو آئے اور نرم بجائے اُس وقت ہرلٹل نے بھی اپنے سر سے ٹوپی اُتار لی اور چاہا کہ شاہ وشہنشاہ کے لیئے خوشی کے تین نعرے بلند کئے جائیں - سب نے سر و قد استادہ ہوکر بڑے زور شور سے خوشی کے نعرے مارے - پھر ویسرائے اور ڈیوک آف کیناٹ اور موجودین نے زور سے خوشی کے نعرے مارے اور اپنی خیرخواہی کی تصدیق و توثیق کی - اس کے بعد فوج کے نعرہ خوشی کی آواز بہت زور سے سُننے میں آئی - پھر دعائیہ گت بجائی گئی اور ایک شلک سلامی ہوئی - اور دربار کی کارروائی کا دوسرا حصّہ ختم ہوا -

نیز ایک ضروری رسم ادا ہوئی کہ ہندوستانی رؤسا کو ویسرائے اور ڈیوک آف کیناٹ کے روبرو پیش کرنا باقی تھا - سب رؤسا یہاں موجود تھے - کیونکہ ڈیوک آف کیناٹ کے جلوسی داخلہ کے وقت گیکواڑ بڑودہ اور مہارانا صاحب اُدیپور موجود نہ تھے - مگر چہارشنبہ کے روز آگئے تھے - اس رسم کا ایسا بندوبست ہوا تھا کہ ہر رئیس بموجودگی ڈیوک آف کیناٹ ویسرائے کے ذریعہ سے بذاتِ خاص ہز مجسٹی شاہ وشہنشاہ کو مبارکباد دے سکا -

ہز اکسیلنسی اور ہز رائل ہائنس اُٹھکر مسند کے کنارے پر آئے اور رؤسا کو آن تک لیگئے -

ہز رائل ڈیوک آف کیناٹ کے روبرو سب سے پہلے ہز ہائنس نظام حیدرآباد دکن پیش کیئے گئے - انھوں نے اڈریس پڑھکر مبارکباد دی جسے وائسرائے اور ڈیوک آف کیناٹ نے نہایت غور کے ساتھ سُنا - اسکے بعد گیکواڑ بڑودہ پیش کیئے گئے - اِن کے بعد مہاراجہ صاحب میسور - ان کے بعد مہاراجہ صاحب ٹراونکور - اور مہاراجہ صاحب کشمیر پیش کیئے گئے -

علیٰ ہذا القیاس اور بہت سے رئیس پیش کئے گئے مگر ایک مہمان پر سب کا خیال رجوع تھا وہ ہز ہائنس بیگم صاحبہ بھوپال تھیں - تمام ہندوستان میں یہی ایک عورت حکمران ہیں - یہ ہلکے نیلے رنگ کی پوشاک پہنے تھیں اور اُس پر زردوزی کا کام بنا ہوا تھا - اُن کی نقاب ململ کی تھی - اُن کے اکثر زیورات میں زمرد جڑے ہوئے تھے اور تاج طلائی سر پر رکھے تھیں - اُن کے ہاتھ میں ایک طلائی صندوقچہ تھا جو انھوں نے والیسرائے کو پیش کیا - وائسرائے نے تعظیماً ٹوپی اُتار کر اُسے قبول کیا - اور ڈیوک نے فوجی سلام کیا -

جب بیگم صاحبہ اس نذر سے فارغ ہوئیں تو ڈیوک آف کیناٹ اور لیڈی کرزن نے بیگم صاحبہ سے باتیں کیں اور ہز ہائنس کے درجہ کی وجہ سے اُن کا خاص اعزاز ہوا - خیرخواہی بھوپال تو مشہور عام ہے مگر جب سے یہ حکمران ہوئی ہیں اُس زمانہ سے خیرخواہی اور بھی بڑھگئی ہے بعدہ مہاراجہ صاحب نابھہ پیش ہوئے - ان کے بعد نوجوان مہاراجہ صاحب پٹیالہ تھے جنکے ہمراہ اُن کے عم بزرگوار کنور صاحب تھے -

پھر سر پرتاپ سنگھ صاحب و مہاراجہ صاحب گوالیار و مہاراجہ صاحبان اُدیپور - بیکانیر - بوندی - و نوجوان رئیس کوٹہ و مہاراجہ صاحب کوچ بہار یکے بعد دیگرے پیش ہوئے - اِن کے علاوہ صاحبان ذیل بھی موجود تھے -

خان قلات - نوجوان مہتر چترال نواب دیر - رہنما سوات یہ سب ایک محل میں ہوکر ہوگئے اور لوگوں کا اُن پر بہت بڑا خیال رجوع ہوا -

ہز ہائینس مہاراجہ سر پرتاب سنگھ ایدر

ہز ہائینس مہاراجہ صاحب پٹیالہ

ہز ہائینس مہاراجہ رام ند

ہز ہائینس مہاراجہ صاحب رتلام

ہز ہائینس مہاراجہ صاحب الور

ہز ہائنس مہاراجہ کوچ بہار

ہز ہائنس مہاراجہ دربھنگہ

ہز ہائنس مہاراجہ بڑودہ

ہز ہائنس راجہ اٹیاپورم

ہز ہائنس مہاراجہ بوبلی

ہز ہائنس مہاراجہ میسور

ہز ہائنس مہاراجہ ٹراونکور

ہز ہائنس نظام حیدر آباد

ہز ہائنس مہاراجہ اندور

ہز ہائنس نواب صاحب جوناگڈھ

ہز ہائینس نواب صاحب مالیر کوٹلہ

ہز ہائینس وزیر نیپال

ہز ہائینس سردار کالسیہ

ہز ہائینس مہاراجہ صاحب دیواس کلاں

ہز ہائینس مہاراجہ صاحب اجیگڑھ

سوار قابل تعریف اور انگلش رسالہ کا نمونہ تھا۔

جب ڈیوک و ڈچیز کیناٹ گاڑی پر سوار اندر آئے تو خوشی کے نعرے بلند کئے گئے اور نہایت دھوم سے اُنکا استقبال ہوا۔ ہز رائل ہائنس لوگوں کا سلام برابر قبول کرتے جاتے تھے اور جبتک مسند پر نشست نہیں کی اُسوقت تک تعریف کے نعرے ختم نہیں ہوئے۔ یہ فیلڈ مارشل کی وردی پہنے اور اوراُسی کا بیٹن ہاتھ میں تھا اور تمغہ گارٹر اور تمغہ اسٹار آف انڈیا کا کالر پہنے اور تمغہ انڈین امپایر لگائے ہوئے تھے۔

ہز رائل ہائنس ڈچیز کیناٹ نے بھی مسند پر نشست کی یہ گرد و غبار سے محفوظ رہنے کے لیئے کلوک پہنے ہوئے تھیں تاوقتیکہ یہ کلوک نہیں اُترا اُسوقت تک وکٹوریہ و ایلبرٹ اور ایلبرٹ ہفتم کی تاجپوشی کے تمغے نظر نہیں آئے۔

اُنیسویں بنگال لانسر کا دوسرا گارڈ وَیز رائل ہائنیس کے ہمراہ تھا جو نویں لانسر رسالہ کا موزون ساتھی تھا۔

جب سلامی کی اخیر توپ چل چکی تو یکجائی بینڈ نے کارونیشن کے مارچ کی گت بجائی۔ یہ گت کپتان سینفرڈ نے بنائی ہے اسکے بجنے کے بعد بہت سے تعریف کے نعرے بلند ہوئے۔

پھر تھوڑی دیر کے لیئے سکوت و خاموشی ہوگئی مگر سوا بجے رسالہ کا سر انظر آیا اس کے پانچ منٹ کے بعد ویسرائے اور لیڈی کرزن گاڑی پر سوار صحن دربار میں رونق افروز ہوئے باڈی گارڈ اور امپیریل کیڈٹ رسالہ سے جلوس میں نہایت عمدہ کیفیت پیدا ہوگئی تھی۔ جب ہز ایکسیلنسیز مسند کی جانب بڑھے تو خوشی کے نعرے بلند کئے گئے۔ اور گارڈ آف آنر نے پریزنٹ آرم کی سلامی دی بینڈ باجوں نے قومی دعائیہ گت بجائی۔ اکتیس توپوں کی شلک سلامی سر ہوئی اور ویسرائی نشان اُڑایا گیا۔ لارڈ کرزن پوری وردی اور اسٹار آف انڈیا کے تمغہ کا کالر پہنے اور تمغہ انڈین امپایر کا فیتہ اور دونوں تمغوں کے اسٹار (ستارے) لگائے تھے ہز ایکسیلنسی نے اُس چاندی کی کرسی پر نشست فرمائی جو ڈیوک و ڈچیز آف کیناٹ کی کرسیوں سے کچھ آگے تھی۔ اور جس سے حضور

ممدوح کا نائب السلطنت انگلستان و حکمران ہندوستان ہونے کا اشارہ نمایاں تھا۔ یہ بڑی اعزازی بات تھی۔

لیڈی کرزن ہلکی نیلے رنگ کی پوشاک پہنے ہوئے تھیں۔ ہز ایکسیلنسی کی پوشاک کا حاشیہ بہت بھاری ہندوستانی زردوزی کام کا تھا۔ ویسرائے کا اسٹاف اور ڈیوک آف کیناٹ کا پرسنل سٹاف عقب میں تھا۔

امپیریل کیڈٹ رسالہ کے لوگ جانب چپ گھوم کر اپنے گھوڑوں سے اُترے اور میجر واٹسن اور سر پرتاپ سنگھ مہاراجہ صاحب ایدر کی رہنمائی میں پاپیادہ آگے بڑھے اُن کے پیچھے ایجیٹن کپتان کیمرن تھے لوگوں نے اُن کو دیکھکر خوشی کا نعرہ مارا۔ یہ سیدھے مسند پر گئے اور پرسنل اسٹاف کے ساتھ نشست کی یہ ایک علحدہ گروہ تھا جسکی نسبت کہا جاسکتا ہے کہ دوسرا گارڈ آف آنر کا گروہ تھا۔

اسکے بعد افتتاح دربار کی رسم شروع ہوئی اس کا بہت بڑا پروگرام نہایت احتیاط کے ساتھ قرار دیا گیا تھا تاکہ اس جزو کارروائی میں شان و شوکت و متانت پیدا ہو سر ہیو بارنس فارن سکرٹیری کو اس انتظام کی ذمہ داری کا بہت بڑا بار تھا وہ آگے بڑھکر ویسرائے کو آداب بجالائے اور افتتاح دربار کی اجازت چاہی۔

ویسرائے نے اجازت دی اور فوراً ہرلڈ (نقیب) میجر میکسول کی طلبی میں یکجائی بینڈ باجے بجنے لگے جو مع اپنے تُرمچیوں کے گھوڑوں پر سوار دروازہ دربار پر موجود تھے۔ وہاں سے بھی جواب میں فوراً ترم بجائے گئے اور ہرلڈ آگے بڑھے۔ پھر دوبارہ اور سہ بارہ ترم بجے اُسوقت یہ لوگ سُرخ رنگ کی زردوزی کام کی وردیاں پہنے ہوئے مسند کے روبرو آکر صف بستہ ہوگئے۔ ہرلڈ نے حکم ویسرائے کے بموجب شاہ و شہنشاہ کا اشتہار پڑھا جس میں حکم تھا کہ اُن کی تاجپوشی کا اعلان یکم جنوری ۱۹۰۳ع کو ایک دربار میں بمقام دہلی کیا جائے۔

میجر میکسول نے اس اعلان کو اسقدر بلند آوازی و خوش آہنگی سے پڑھا کہ تمام اہلِ دربار نے اُس کو سُنا۔

وہ حالانکہ بہت ضعیف تھے مگر مستقل قدم کے ساتھ مارچ کر رہے
تھے ان میں اکثر بہت ہی مسن اور کمزور تھے۔ کچھ شستین پرانی
پرانی وردیاں پہنے تھے اور کچھ لوگ روزمرہ کی سادی سادی
پوشاکوں میں تھے۔ اُن کے محصلہ تمغے اُن کے سینوں پر
جگمگا رہے تھے جس سے اُن کی صفوف میں نہایت ہی آب
وتاب پیدا ہوگئی تھی۔ یہ وہی لوگ تھے جنھوں نے جنگ
کی سب طرح کی جفاکشیاں برداشت کی تھیں اور کثیر التعداد
اشخاص سے مقابلہ و مجادلہ کرکے فتحمندی و ناموری حاصل کی تھی
یہاں سے قریب وہ شاخ پہاڑی تھی جہاں سے ان لوگوں
نے کھڑے ہوکر باغی دہلی کو دیکھا تھا اور یہیں سے اُنھوں نے
اور اُن کے ساتھیوں نے حملہ کیا تھا۔ جب ہمنے اس چھوٹے
سے گروہ کو آگے بڑھتے دیکھا تھا تو ہم لوگوں کو ایک جوش پیدا
ہوا۔ اِن لوگوں میں سکھ گورکھے اور پٹھان اور اور جنگی اقوام
کے سب لوگ تھے۔ انہیں سے بعض کیساتھ زندگی نے سخت
برتاؤ کیا تھا کیونکہ وہ لنگڑاتے جاتے تھے اور اُن کی کمریں جھک
گئی تھیں یہ قدم ملائے ہوئے چلنے کی بڑی کوشش کرتے
تھے۔ تاہم یہ وہ لوگ تھے جنھوں نے اپنے زمانۂ شباب میں سلطنت
کے لیئے اپنا خون پانی ایک کیا تھا اور ہم نے اُنکا ایسا اعزاز
واحترام کیا کہ ایسا اعزاز و احترام آجتک کسی کا نہیں کیا گیا۔
اِن میں کچھ ایسے لوگ بھی تھے کہ جب وہ اپنے جوش قلبی
کے سبب نعرہ مارنا چاہتے تھے تو اُن کے گلے میں پھندا پڑتا
تھا۔ اکثر لیڈیاں اِس حالت کو دیکھکر آبدیدہ ہوگئیں۔ سپاہیوں
نے اُن پُرانے سپاہیوں کو اُن کے اعزازی مقام پر بٹھایا
اسکے بعد اولڈ لینگ سینگ کی گت بجتی ہوئی سُنائی دی۔
منجملہ اور گتوں کے یہ گت نہایت ہی عمدہ ہے جب یہ گت
ختم ہوئی تو تمام دربار میں خوشی کے نعرہ کی آواز گونج گئی۔
اِسکے بعد جو کیفیت ہم نے دیکھی وہ وہاں کا تُزک و احتشام
تھا مگر اُس سے بھی اُن لوگوں کے قد و قامت اور صورت
ایسی نقشدل ہوئی تھی کہ فراموش نہ ہوئی۔
کرنیل اے۔ آر۔ ڈی۔ مکنزی کو ان لوگوں کی سرغنائی
کا بہت بڑا فخر حاصل ہوا تھا۔ یہ بھی زمانہ غدر کے پُرانے
سپاہی ہیں۔ اِن پیرِ سن شیخوخت کا اثر بہت کم پڑنے پایا۔ یہ ایسے
ہیں کہ کل ضرورت ہو تو فوج کی کمان کرنے کے لیئے موجود ہیں۔
تمام فوج میں سے ایک ایسے افسر یہی ہیں جو دعویٰ کر سکتے ہیں کہ
وہ بھی اس مارچ میں شریک تھے یہ سر رابرٹ لو تو ہیں جو زمانہ غدر
میں موجود تھے وہ اپنے پُرانے ساتھیوں کو روبرو سے گزرتے
ہوئے دیکھ رہے تھے۔

دوپہر کو ایک بیگ پایپ باجوں کی آواز سُنائی دی اُسوقت
گارڈ ہائیٹ ڈ رلیٹن کی ایک زبردست کمپنی جسکے ساتھ یہ باجہ
بج رہا تھا آکر صحن دربار میں صف آرا ہوئی یہ ویسرائے کا گارڈ
آف آنر تھا اس میں ایک سے ایک عمدہ جوان تھا عنقریب
سب کے سب دو دو تمغے لگائے ہوئے تھے جس سے ظاہر ہوتا
تھا کہ اُنھوں نے جنوبی افریقہ میں کیسی کیسی جنگیں کی ہیں۔ یہ
سب کے سب آکر مسند کے روبرو صف بستہ ہوئے۔ اُنھیں آتے
دیکھکر لوگوں نے خوشی کے نعرے بلند کیئے۔

اِسکے بعد یکجائی بینڈ پھر بجا اور شاہی سلامی کی اول
توپ کی آواز سُنائی دی معلوم ہوا کہ ڈیوک و ڈچیز کناٹ
کمپ سے روانہ ہوئے۔

ڈیپریرائل ہائینسز کے داخلہ کے قبل گرینڈ ڈیوک ہسی
یہاں داخل ہو چکے تھے جنکا داخلہ معمولی اعزاز کیساتھ ہوا تھا۔

جب سلامی کی آواز سُنائی دی تو ہم نے دربار کے دروازہ
سے کشادہ میدان کی طرف دیکھا کہ لانسر رسالہ کی برچھیوں کی
انیاں اور بیرقیں نظر آرہی ہیں اُسوقت تو گرد و غبار کے سبب
سے رسالہ اچھی طرح نظر نہ آیا مگر بعد کو معلوم ہوا کہ رسالہ
گھوڑے دُلکی دوڑاتا ہوا گھوم کر صحن دربار میں آیا۔ اِس کے
بعد نواں لانسر رسالہ ہونے پر کوئی شبہ باقی نہ رہا جسکے دو
اسکوارڈن گارڈ ڈیوک و ڈچیز آف کناٹ کے ہمراہ رکاب
تھا۔ اِس رسالہ نے تاریخ میں اپنا نام ایسا پیدا کیا ہے جو لازوال
ہے اور اِس سے ثابت ہوا کہ انگلش سپاہی دہلی کے روبرو
کسطرح لڑے اور مرے۔ اور گارڈن رلیٹن کے سوا یہی صحن دربار
میں آیا۔ سب طرف سے یہ آوازیں آرہی تھیں۔

"واہ وا نویں لانسر رسالہ کے جوانو" ایک سے ایک

سب طرح سے انتظام تھا اور بغیر کسی پیچیدگی اور دقت
کے بارہ ہزار آدمی احاطۂ دربار کی نشستگاہوں میں صف بصف
آکر بیٹھے۔ گاڑیاں آتی اور اپنے سواروں کو اتارتی تھیں اور
وہ بغیر کسی طرح کی دقت کے اپنے اپنے مقام پر جا کر نشست
کرتے تھے۔ قابل تعریف نگرانی تھی۔ نشستگاہوں کے بکسوں
پر حروف وغیرہ بنے ہوئے تھے۔ سب اپنی اپنی جگہ پر بیٹھے۔
حکمران رؤسا کا عنوان شائستہ سے استقبال ہوا اور وہ اپنے
مقام پر متمکن ہوئے۔ یہ انتظام ایسا اچھا تھا کہ اس کی جسقدر
تعریف کی جائے وہ کم ہے۔

گیارہ بجے تک احاطۂ دربار تقریباً کل مملو ہو گیا تھا اور یہاں
کی حیرت انگیز کیفیت موثر تھی۔ مسند پر سنہری کارچوبی حاشیہ
کا فرش تھا۔ اور وسط میں نقرئی جلوسی کرسیاں تھیں اور انکے
عقب میں چار چوبدار اپنے عصے ہاتھوں میں لئے ہوئے
مؤدب استادہ تھے اور چپ و راست حکمران رؤسا طرح طرح
کی مغرق بجواہر پوشاکیں زیب تن کئے ہوئے بیٹھے تھے۔
آفتاب کی روشنی سے ان جواہر میں ایسی آب و تاب تھی کہ
ان پر نگاہ نہ ٹھیرتی تھی۔ ان کے عقب میں اور لوگ بیٹھے
ہوئے تھے۔ اور ہمارے خاص خاص فوجی افسر گورنر اور
کمانڈر انچیف اور تمام افسر انتظام کے ساتھ بیٹھے ہوئے
تھے۔ ہر مقام پر فوجی وردیاں دکھائی دیتی تھیں۔ لیڈیوں
کی صوفیانہ پوشاکیں بھی ایک نئی کیفیت دکھا رہی تھیں
کیونکہ شوخ رنگ کی تکلف بجواہر پوشاکوں کے بعد نظر انہیں
پر ٹھیرتی تھی۔

مسند کے عقب میں جانب راست ویسرائے کے مہمان
تھے۔ قطار در قطار نظر ڈالنے کے بعد معلوم ہوتا تھا کہ یورپین
و ہندوستانی اور لیڈی و جنٹلمینوں کا کیا مجمع ہے۔ چونکہ
بہت دور تک مجمع تھا اس وجہ سے بغیر دوربین کے نظر کا کام
کرنا اور لوگوں کو پہچاننا دشوار تھا۔ سب طرف کے پلیٹ فارم
پر بھی مجمع کثیر تھا۔ اس جم غفیر کا اثر یہ ہوا کہ احاطۂ دربار بہت
[illegible] نظر آنے لگا اور نشستگاہیں بھی وسیع حلقہ بہت ہی
[illegible] لگا مگر پھر بھی [illegible] کے

پاس کل بینڈ موجود تھے۔ جب آمد کے راستہ پر نظر کی جاتی
تھی تو پلٹنیں اور ویسرائے گارڈ اور پندرہویں سکھ پلٹن
کی پگڑیاں نظر آتی تھیں جن کا سنہرہ رنگ نہایت کیفیت
پیدا کر رہا تھا اور اس کے عقب میں پست شاخ پہاڑی
پر ہزاروں آدمی چلتے ہوئے معلوم ہو رہے تھے۔

تیس ہزار فوج سے زیادہ جمع تھی مگر وہ دربار کے حصہ
وسطی سے نظر نہیں آتی تھی لیکن وہ سب فوج دن کے جلوس
میں شریک ہونے کے لئے اپنے اپنے مقام پر موجود تھی۔
اور کپتان سنیفرڈ کے زیر نگرانی ان مجموعہ بینڈوں سے اس
ہنگام انتظار میں عمدہ عمدہ گتیں بجتی تھیں۔ چونکہ عید کے
سبب سے دربار کے وقت میں نصف گھنٹہ تاخیر کردی گئی
تھی اسوجہ سے مدت انتظار کسیقدر زیادہ ہوگئی تھی۔ احاطۂ
دربار میں سب طرف نگاہ دوڑانے سے معلوم ہوا کہ بائیں
جانب ایک مقام خالی ہے۔ لوگ اس امر سے بہت ہی کم
واقف تھے کہ یہ مقام نہایت ہی معزز ہے۔ ناگاہ دو اشخاص
لڑکھڑاتے ہوئے دروازۂ دربار پر نظر آئے جنمیں کچھ یورپین
اور ہندوستانی سپاہی بغلوں میں ہاتھ دیے ہوئے لئے
آتے تھے۔ معلوم ہوا کہ یہ زمانۂ غدر کے ضعیف العمر اور مسن
سپاہی ہیں۔ پس اسوقت ایک خوشی کا نعرہ بلند ہوا۔ اس
کے چند منٹ بعد ان سپاہیوں کا خاص گروہ جو محاصرۂ دہلی
اور جنگ لکھنؤ میں شریک تھا مارچ کرتا ہوا صحن دربار میں آیا۔
اس کے آگے بینڈ باجہ فتحمندی کی گت بجاتا ہوا ساتھ ساتھ
تھا۔ اسوقت کی کیفیت کو جس نے دیکھا ہے وہ اسے کبھی
فراموش نہ کریگا۔ یعنی جب یہ بہادر روبرو سے گزرے تو
سب طرف سے خوشی اور تعریف کے نعرے بلند ہوئے۔ ان
لوگوں کے اعزاز و احترام کے لئے ہزاروں آدمی سرقد استادہ
ہوگئے۔ گو ان کے نام ہمیشہ لوگوں کو یاد نہ رہینگے مگر یہ
اس کی زندہ شہادت تھی کہ نصف صدی ادھر انھوں نے کیسی
کیسی بہادریاں دکھائیں اور کیسے کیسے کارنمایاں کئے انمیں
یورپین اور یوریشین اور ہندوستانی تھے۔ یہ سو آدمیوں کا
ایک چھوٹا سا گروہ تھا اور جو لوگ انکے آگے آگے تھے

ملک میں جشن تاجپوشی کے لیئے علیحدہ ایک خاص روز قرار دیا جائے اور اس دن انکی طرف سے اُن کے قایم مقام وایسرائے کے ذریعہ سے ہز میجسٹی کے برادر اصغر ہز رائل ہائینس ڈیوک آف کنیاٹ کی موجودگی میں اُن کی رعایا کی مزاج پرسی کی جائے۔

جب ہم سب لوگ اس وسیع احاطہ دربار میں جمع ہوئے تو ہم یہ امر دریافت نہ کر سکے کہ ملک معظم کو اس دربار سے کیسی ذاتی دلاویزی ہے۔ یہ خیال ابتدا ہی تھا مگر اس کے بعد یہ امر ہمارے نقش دل ہوا کہ ہز میجسٹی نے اپنا نوازش آمیز شاہانہ پیام بھیجکر کیسا خیال ظاہر فرمایا ہے جس سے اس بہت بڑے جلسہ کو فرمانبرداری اور خیر خواہی کے کیسے خیالات پیدا ہوئے جیسے یوروپین اور ہندوستانی اور ہر فرقہ و طبقہ اور مذہب و ملت اور ہر منصب و درجے کے بلکہ سرحد کے بہت لوگ موجود تھے۔

یہانتک ہم نے یہ بات اس لیئے بیان کی ہے کہ اس دربار کا عنوان کیسا نقش دل ہونے والا تھا یہ روز دوشنبہ کے جلوس سے بہت زیادہ تھا اور اس کے ساتھ ہی جیسا تزک و احتشام اس موقع کے شایاں تھا وہ سب موجود تھا۔ یہاں فوجی شان و شوکت تھی اور ہر طرح کی رسیم ادا کرنے کا سامان فراہم تھا۔ ہندوستان شہزادوں اور رئیسوں کے باعظمت و شان اور جاہ و جلال گزرنے کی لاثانی خوبی ظاہر تھی۔ استدراک کیفیت تامہ کے لیئے یہ بیان کرنا لازمی ہے کہ مقام دربار وسط کیمپ سے چند میل کے فاصلہ پر اس مقام پر ہے جہاں یکم جنوری ۱۸۷۷ء کو اس ہمار قیصری کا دربار منعقد ہوا تھا اور اس کے درمیان میں وایسرائے کے بوڈی گارڈ کی فوج کا کیمپ ہے اور یہاں سے دربار تک برابر سبزہ زار ہے اور سبک ریلوے بھی اس کے قریب تک گئی ہے لہذا دربار تک پہونچنے کا ذریعہ کافی معقول تھا۔ نو بجے کے قریب مختلف کیمپوں سے گاڑیوں کی قطاریں آنا اور ایک ہی مقام پر ٹھیرنا شروع ہوئیں اور مختلف سڑکوں سے ہزاروں آدمی گاڑیوں اور سواریوں پر اور پیدل چلے آتے تھے یہ لوگ اسقدر تھے کہ اگر دربار کے ایسے ایسے بہت سے احاطے ہوتے تو ان کے بیٹھنے کی جگہ ہوتی۔ فوج بر فوج آگے بڑھنا شروع ہوئی۔ یہ پلٹن اپنی جگہ سے جانے لگی۔ جو ٹرین آتی تھی اُس پر سے سینکڑوں آدمی اُترتے تھے خاص خاص سڑکوں پر نہایت ہی عمدہ نمایشی گاڑیاں مع عمدہ عمدہ وردیاں پہنے گاردوں کے آگے بڑھ رہی تھیں جن پر رؤسا اور اُنکے ہمراہی سوار تھے۔ زر دوزی حاشیہ دار کوٹوں اور پگڑیوں کی ایک جھلک دکھائی دیجاتی تھی۔ اُن میں اسقدر جواہر نصب تھے کہ ان کے بار سے وہ دبی جاتی تھیں رؤسا کے گلوں میں ایسے بیش بہا ہار تھے جن کی قیمت ایک سلطنت کے خراج سے کبھی کم نہ ہوگی اور اس مناصب و مراتب کے لوگ اور اعلیٰ درجہ کے برٹش افسر کونسلر جنرل۔ گورنر۔ ہر سول و فوجی افسر درجہ یافتہ سب کے سب اپنے تمغہ لگائے ہوئے تھے جنسے انکی عمدہ عمدہ خدمات کا اظہار ہوتا تھا۔ صاحبان جج اپنی درباری پوشاکیں پہنے تھے۔ اور چیف جج اُن کی سرغنائی کر رہے تھے۔ کانسل اپنی اپنی وردیاں پہنے اور ممالک غیر کے عالی مراتب مہمان موجود تھے۔ مشرقی ممالک کے سفیر اور افسر اور ہندوستان کے اونے اونے سردار حاضر تھے۔ اور لوگ فرقہ عوام کی جانب سے افسروں کے حلقہ سے باہر تھے۔

ہندوستان کی آخری سرحد سے اعلیٰ درجہ اور بلند مرتبہ کے اشخاص آئے تھے۔ یورپ اور دور مغرب کے لوگ بھی موجود تھے۔ جاپانی قاصد بھی اظہار دوستی کے لیئے حاضر تھے۔ بیرونی سرحد افغانستان و سیام و نیپال سے لوگ آکر اس مجمع میں شریک تھے اور دور دور سرحدات برہما سے جو مشرق میں ہے اور دور دور برفانی مقام مغربی ہمالیہ اور ہندوکش اور صحرائے بلوچستان اور سواحل خلیج فارس اور کوہی مقامات عدن سے رؤسا نے اپنے شاہ و شہنشاہ کا آداب بجالانے اور اظہار فرمانبرداری کے لیئے سفر دور و دراز اختیار کیا تھا۔ ایشیا کے سوا کسی براعظم میں اور ہندوستان کے سوا کسی ملک میں مختلف اقوام کا ایسا جمع کثیر نہیں ہو سکتا۔ نہ اسطرح مختلف مذہب و ملت کے لوگ ایک جگہ جمع ہو سکتے ہیں جو اب تک اپنے اپنے مذاہب اور رواج کے سبب سے ایک دوسرے سے علیحدہ رہے ہیں۔

کہ جو چیزیں محض صنعت کی غرض سے بنائی گئی تھیں اور جو چیزیں زمانۂ حال میں بے حقیقت اور خراب بنائی جاتی ہیں اور جن کے سبب سے یہ امر مسلمہ ہو گیا ہے کہ ہندوستان کی چیزیں ایسی ہی ہوتی ہیں اُنمیں اور اہمیں کیسا فرق ہے۔ گیلوار بڑودہ نے ایک بہت بڑا فرش یا چادر میز عنایت کی ہے جو بالکل مرصع اور مکلف ہے اسپر موتی اور فیروزہ اور یاقوت وغیرہ نصب ہیں اُسکے گلبوٹے اسمیں بنے ہوئے ہیں۔ جودھپور سے پُرانے پُرانے اسلحہ آئے ہیں۔

کشمیر کے علاوہ بہ خوشنما دوشالے اور ایک بڑا نہایت عمدہ سوزن کاری کا فرش جسکی سوزنکاری عمدہ دوشالوں کی سی ہے اور ایک ریشمی و مخملی قالین جو ایک چوکھٹے میں جڑی ہوئی ہے۔

اسی طرح ہزاروں ایسی چیزیں جنکو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے فروختنی اشیا کی گیلری میں بہت سی عمدہ عمدہ چیزیں ہیں۔ تصویروں کے ہوئی اور وہاتوں کے چوکھٹے اور عمدہ چیزیں اور آتشخانہ کا سامان اور لکھنے کی میزیں اور نشست کی چیزیں اور منسوط کا زاوٹ وغیرہ وغیرہ ہیں۔ اِن سے ظاہر ہے کہ یوروپین حاجات کے موافق ہندوستانی کیسی عمدہ عمدہ چیزیں تیار کر سکتے ہیں۔

اِس نمایشگاہ کے کمروں کی عمدہ صورت یہی ہے کہ ان میں تمام چیزیں کس موزونیت و مناسبت کے ساتھ رکھی گئی ہیں۔ مثلاً مدراس کے کمرے میں جنوبی ہند کے زمانۂ ڈربوڈو کے طریقہ ساخت کی چیزیں ہیں۔ اکثر یہ چیزیں سوامی کے نام سے مشہور ہوتی ہیں۔ اور ایک کمرہ میں پیچیدہ طریقہ کی عمارت کی ساخت وغیرہ ظاہر کی گئی ہے اور اسی طرح پنجاب کا کمرہ ہے جس میں نہایت خوبصورت شہ نشین تیار کیا گیا ہے اور ایسا ہی برہا کا کمرہ اور [illegible] کمرے اور میں [illegible] چیزیں [illegible] اور ایک [illegible] ہے جس سے [illegible] میں [illegible]

[illegible]

کمرے میں ایسے بیش قیمت جواہر ہیں جو کبھی ایک مکان نہ نکلینگے۔ آخر میں دستی صناع و دستکار ہیں جو اپنا کام کر رہے ہیں اور اُن کی ساختہ اشیا فوراً اُن سے خرید کیجا سکتی ہیں۔

اِس نمایشگاہ کی نسبت مجھکو یقین ہے کہ آیندہ چند ہفتوں اسکا کھُلا رہنا اکثر مہمانوں کو دلچسپ ہوگا۔

جب ہز ایکسلنسی ویسرائے کی اسپیچ ختم ہوئی تو ویسرائے اور اُن کے ہمراہی نمایشگاہ کی سیر کو گئے اُسوقت ایک دلچسپ امر یہ ہوا کہ مسٹر ڈین قایم مقام فارن سکریٹری نے سفیر کابل کو ویسرائے کے روبرو اور ویسرائے نے ڈیوک آف کناٹ کے رُوبرو پیش کیا۔ ڈیوک نے ہندوستانی زبان میں سفیر مذکور سے بولنا چاہا مگر سفیر نے عذر کیا کہ میں اس زبان سے نابلد ہوں۔ ڈیوک نے فرمایا میں فارسی زبان سے ناواقف ہوں مگر اُس زبان میں صرف اتنا بول سکے کہ "اس زمانہ میں کابل میں تو بہت سردی ہوتی ہوگی"

ہز رائل ہائنس ملک معظم سے ایسے مشابہ ہیں کہ راؤ صاحب کچھ نے فوراً ہی پہچان لیا کہ زمانہ کمانڈر انچیفی بمبئی میں کچھ کو گئے تھے۔ ہز رائل ہائنس اور لارڈ کرزن نے راؤ صاحب سے اُس زمانہ کے متعلق باتیں کیں۔ ایک بجے ویسرائے گورنمنٹ ہاؤس رخصت ہوا

کیفیت دربار تاجپوشی یکم جنوری

فی الواقع یکم جنوری کا دربار تاجپوشی تمام ہندوستان میں از روے تزک و احتشام و عظمت و جلال اور حسن انتظام لاثانی و بے نظیر مجمع تھا جو ہمیشہ نقش دل رہیگا۔ اس میں ادنٰے اور نے مراسم پر بھی لحاظ کامل رکھا گیا۔ کہا جا سکتا ہے کہ جو اشخاص دربار تاجپوشی کے متعلق یہ سمجھنا چاہتے ہیں کہ اُس کے پولیٹکل معنی کیسے ہیں اُنکا اثر کس کس قدر دور دراز فاصلہ تک پڑیگا اُن کو ویسرائے کی اسپیچ پڑھنا چاہیے جو نہایت ہی پرجوش و معنی خیز و متین تھی۔ اسمیں واقعی امور ہر عنوان صاف صاف ظاہر کر دیئے گئے تھے اور سب سے زیادہ ہند کے لوگوں سے شاہ شہنشاہ کی ہمدردی و محبت کا پیام تھا۔ ہز میجسٹی نے حکم دیا تھا کہ اس

ہوسکتا ہے کہ ہندوستانی رُوسا اور اُمرا با اعلیٰ تربیت یافتہ اشخاص ان چیزوں کی سرپرستی اپنے ذمہ لیں اور جبتک ہم یہ امر پسند کرتے ہیں کہ ان چیزوں کے بجائے برسلز کے شوخ رنگ کے قالین یا مقام ٹانینم کی آرایش یا اطالیہ کی ارزان پچی کاری کی چیزیں یا فرانسیسی تصویریں یا آسٹریا کی چمکدار چیزیں یا سستے سستے جرمنی کپڑے اور کمخواب استعمال کریں تو جبتک یہ حالت قایم رہے گی اُسوقت تک کوئی اُمید نہیں ہے - میں یہ ترشی کے ساتھ نہیں کہتا ہوں کیونکہ انگلستان میں بھی ایسا ہی خراب برتاؤ کیا جاتا ہے اور جس کسی غیر ملک کی چیز کو پسند کیا فوراً اُسکا استعمال شروع کر دیا گیا - لیکن اتنا تو میں ضرور کہتا ہوں کہ اگر ہندوستان کی صنعت و دستکاری کو قایم رکھنا ہے تو غیر ملک کی سرپرستی سے قایم نہیں رہ سکتی ہے بلکہ یہ اُسیوقت قایم رہ سکتی ہے جب اندرون ملک کے لوگوں کی مرضی و خواہش کے موافق چیزیں تیار ہوں جس سے اُنکی تربیت یافتگی ظاہر ہو

اگر میں دیکھوں کہ ہندوستانی رُوسا و اُمرا میں ایسی کارروائی شروع ہوئی کہ اس زمانہ کے شوق میں عمدگی پیدا ہو اور اُن کے ملک میں لاثانی و بے نظیر چیزیں تیار ہوں تو میں بہت خوش ہوں - شاید کبھی نہ کبھی تو یہ خیال پیدا ہوگا مگر اُسوقت بہت ناچیز ہو جائیگی -

اگر ایسی ہی بدشگونیاں ہیں تو دیکھنا چاہیئے کہ اس نمایش کا کیا مقصود ہے اور اسکا کیا نتیجہ ہوگا - اسکا میں یہی جواب دیسکتا ہوں کہ یہ نمایش اس غرض سے ہے کہ اس سے سبق حاصل ہو اور ظاہر ہو کہ اہل ہندوستان کے کیا خیالات ہیں اور یہ کیسے لوگ پیدا کرتا اور کر سکتا ہے اور اس سے معلوم ہوگا کہ اس ملک کے صناعوں میں ابھی تک صنعتی خیالات مٹ نہیں گئے ہیں صرف اُن کو شوق و حوصلہ دلوانے کی ضرورت ہے اور اس سے یہ امر ظاہر ہوگا کہ ہندوستانی گھر کی آرایش و زیبایش کے لئے کلکتہ و بمبئی کی یورپین دکانوں سے اسباب خرید کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے - اب بھی ہندوستانی ریاست اور صوبہ اور قصبوں اور مواضع میں عمدہ عمدہ دستکار موجود ہیں اور وہ اپنے ہموطنوں کی خواہش کی موافق عمدہ عمدہ صنعتی چیزیں بنا سکتے ہیں - اسی غرض سے ڈاکٹر واٹ اور مینے اس نمایشگاہ کو قایم کرنے کی کوشش کی ہے اور اس لفظ کے کہتے وقت کہ نمایشگاہ افتتاح ہوئی میں یہی اُمید کرتا ہوں کہ جس ملک کی ہمدردی کی غرض سے یہ قایم ہوئی ہے وہ پوری ہو - (زور سے نعرہ تعریف)

ہز اکسیلنسی نے یہ بھی بیان فرمایا -

یہاں جو مختلف قسم کی اشیا موجود ہیں اُنکی تشریح غیر ممکن ہے ہاں مجملاً کہا جا سکتا ہے کہ اس مکان میں چار بڑے بڑے سکشن ہیں - یعنی -

خاص گیلری جس میں اشیا فروختنی موجود ہیں -

دوسری گیلری میں مستعار چیزیں ہیں -

تیسری گیلری زیور کی ہے -

چوتھی گیلری - صناعوں اور دستکاروں کی ہے -

ہر گیلری کے ایک ربع حصے میں چیزوں کے درجہ کا لحاظ رکھا گیا ہے - یعنی دھات کی پتھر کی - مٹی کی - شیشہ کی - چیزیں - چوبی کام - آہنی کام - سینگ - چمڑے - لاکھی بنی ہوئی چیزیں - حاشیہ دار - زردوزی - لیس وغیرہ - دریاں قالین وغیرہ وغیرہ اور آخر میں تصاویر -

پھر یہ چیزیں پچاس ڈویژنوں پر تقسیم ہوئی ہیں اس سے ظاہر ہوگا کہ یہ نمایشگاہ کسقدر وسیع ہے - اور یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ کیا یہ نمایشگاہ بہت بڑی نہیں ہے - ایک ایسے لایق جانچ کرنیوالے کی رائے ہے جس نے لوگوں کو انعام دیئے کہ اگر نمایشگاہ چھوٹی سی ہوتی اور جسقدر چیزیں نمایاں کی گئی ہیں وہ ایک ثلث ہوتیں تو اس سے عمدہ نتیجہ پیدا ہوتا - جس مقام پر عمدہ عمدہ مستعار اشیا ہیں وہ نہایت عمدہ ہے یہاں بے نظیر کچھ شکستہ قالین آویزاں ہیں جیسے اُن کی رنگینی اور خوبی ظاہر ہے اور وہ زمانہ حال کے قالین بافوں کے لئے ایک سبق ہونگے - اور آئینہ دار صندوقچے میں ساوتھ کنگسٹن کے شیشہ اور دھات کی مستعار اشیا ہیں - ایک ذرا سی غور کے ساتھ دیکھنے سے معلوم ہو جائیگا

مقابل ہوں بلکہ میں اُن تمام چیزوں کی نمایش چاہتا تھا جو
کمیاب اور ہندوستان کی صنعت و حرفت میں بے مثل ہوں
ہماری نقرئی و طلائی اور دھات کی اور مینا کار اشیا اور
منبت کار لکڑی و ہاتھی دانت اور پتھر اور عمدہ سے عمدہ مٹی
کے برتن اور چوکے اور مشرقی طرز کے قالین اور دریاں اور
عمدہ عمدہ ململیں اور ریشمی کپڑے اور حاشیہ دار چیزیں اور
ہندوستانی لاثانی کمخوابیں اس نمایشگاہ میں ہوں اور آپ
یہ سب چیزیں اس عمارت میں دیکھینگے۔ مگر آپ حضرات یاد
رکھیں کہ یہ کوئی بازار نہیں ہے بلکہ نمایشگاہ ہے اس سے
ہمارا مقصود یہ ہے کہ لوگوں کو حوصلہ دیا جاوے اور عمدہ عمدہ
صنعتی کام زندہ کیئے جائیں نہ کہ کم سرمایہ داروں کی خواہشیں
پوری ہوں۔

پس نمایشگاہ میں یہی عام طریقہ کی چیزیں ہیں۔ ہم نے
اس میں اور بھی عمدگی قایم کی ہے۔ ہم اس امر سے واقف تھے
کہ اس زمانہ میں لوگوں کے شوق میں کمی پیدا ہوتی جاتی ہے
اور جو چیزیں اب بنتی ہیں وہ اچھی نہیں ہوتیں۔ لہذا ہم
نے مقابلہ کے لیئے زمانۂ حال و زمانہ گزشتہ کی چیزیں برابر
رکھی ہیں۔ اور اس غرض سے مستعار اشیا لیکر ایک کمرے
میں رکھی گئی ہیں جسمیں آپ ہندوستانی زمانہ سابق کی بہت سی خوبصورت
خوبصورت چیزیں دیکھینگے جو ہمیں ہندوستانی رؤسا و اہل شوق نے دی ہیں
کچھ چیزیں ہمارے ہندوستانی عجائب خانہ سے آئی ہیں اور کچھ جنوبی کنسنگٹن کے
عجائب خانہ لندن سے آئی ہیں اسمیں بہت سی چیزیں بذاتہ خوبصورت ہیں
مگر ہم اُمید کرتے ہیں کہ ہندوستانی صناع جو یہاں موجود
ہیں اور اُن سے کام لینے والے سرپرست ان چیزوں کو
پرانی چیزوں کی طرح نہ دیکھینگے بلکہ صنعت و دستکاری کی نظر
سے دیکھیں گے اور خیال کرینگے کہ اُن سے نئے نئے خیالات
پیدا ہوتے ہیں جو تیاری اشیا میں اُن کے کام آئینگے
اور اس بارہ میں یہ قول نہایت ہی صحیح ہے کہ جب غیر
کے خیالات کے موافق چیزیں تیار کی جائینگی تو ہندوستا
ر کو کبھی ترقی نہوگی بلکہ اُسے اپنے خیالات اور

(نمونہ تعریف)

مجھ سے چاہا جائیگا کہ اس نمایشگاہ کا مفاد اور نتیجہ بیان
کروں۔ میں اسکا جواب چند الفاظ میں دونگا۔ ہندوستان
کی صنعتی چیزوں کا تنزل تجارتی ترقی کی وجہ سے ہے اور
دستی ساخت کی نسبت دُخانی ترکیب ساخت کو بہت ترقی ہے
اور شوقیہ چیزوں کی نسبت کام کی چیزوں کی بہت کثرت ہے
اگر یہی امور رہے تو زیادہ اُمید نہیں ہے۔ ہم ہندوستان
میں ایک بات دیکھ رہے ہیں جو تمام دُنیا میں ہو رہی ہے
جس سے قدیم دستکاری مٹ گئی اور اسی وجہ سے انگلستان
کی دستکاری باقی نرہی اور چین و جاپان میں بھی نہایت تیزی کے
ساتھ مٹ رہی ہے اور اسے کوئی روک نہیں سکتا۔ ابکلونکے ذریعہ
کپڑے بننے سے ہاتھ سے کپڑا بننا مٹ جاویگا اب کلونکے کارخانوں کو
دستی کارخانوں پر سبقت ہوگی یہ امر ویسا ہے جیسا گھوڑے گاڑی پر دخانی
گاڑیوں کو سبقت دیجاتی ہے اور دستی پنکھوں کے بجائے مقناطیسی قوت
کے پنکھے طیار ہو رہے ہیں۔ یہ سب باتیں ایک ایسے زمانہ میں
ہونگی جب ارزانی پر نظر ہوگی اور بدنمائی کی پروا نہ ہوگی اور
جب لوگوں کو آرام مطلوب ہوگا اور بدصورتی پر نظر نہ ہوگی
اور تاوقتیکہ اپنے نمونہ اور اپنی روایتی چیزیں مٹا نہ لے
اُسوقت تک کبھی خوش نہیں ہوتا اور چاہتا ہے کہ غیر ملک
کی اُن عجیب چیزوں کو قایم اور مروج کرے جسکی اُسکو فی الوقت
تلاش ہے۔ پس اس صورت میں بہت سی صنعتی اور دستکاری
کی چیزیں مٹ جائینگی۔

ایک اور بات بھی مجھکو بدشگونی کی معلوم ہوتی ہے۔
جیسا میں قبل ازیں بیان کر چکا ہوں کہ میں اُن لوگوں میں
سے ایک شخص ہوں جن کو یہ یقین واثق ہے کہ تاوقتیکہ
اُس چیز کے موافق قوم کے خیالات اور حاجات نہوں اُس
وقت تک کوئی چیز قایم نہیں رہ سکتی۔ کسی دستکاری و
صنعت کو نہ تو سیاح قایم رکھ سکتے ہیں نہ محقق قایم رکھ
سکتے ہیں۔ جب یہ نوبت پہنچ جاتی ہے تو صرف بعض بعض
نمونہ کی چیزیں ہی تیار ہوتی ہیں اور اُن چیزوں کے بارہ
میں عام خیالات مٹ جاتے ہیں۔ اگر ہندو
میں سرسبز رکھنا اور از سر نو زندہ کرنا منظور ہے تو یہ امر اُسوقت

ترجمہ سپیچ حضور ویسرائے جو بموقع نمایش فرمائی

یور رائل ہائینس - یور ہائینس - لیڈیز - جنٹلمین -

میرا خوشگوار کام یہ ہے کہ میں اس دو ہفتہ کے کاموں میں سے اول کام کو شروع کروں اور کہوں کہ نمائشگاہ دہلی افتتاح ہوئی - شاید ہمارے بہت سے مہمان اس امر کو یقین نہ کرینگے کہ درختوں کے سوا ہر چیز آٹھ مہینے کے عرصہ میں تیار کی گئی ہے - جب میں انتخاب مقام کے لیئے گزشتہ اپریل میں یہاں آیا تھا تو اُس وقت اِس عمارت کی اور اُس کے گرد و پیش کی چیزوں کا پتہ بھی نہ تھا - یہ اس نمائشگاہ کے لیئے تیار کی گئی ہیں گو اِس نمائشگاہ کا اثر مدت تک نہ مٹیگا مگر اسوقت جو چیزیں ہم یہاں دیکھ رہے ہیں وہ بعد چندے نہ رہیں گی شاید اب آپ حضرات خواستگار ہونگے کہ میں اس نمائشگاہ کی ابتدائی حالت کے بارے میں چند الفاظ کہوں جب سے میں ہندوستان کو آیا ہوں مینے اس ملک کی صنعت اور حرفت اور دستکاریوں کو نہایت احتیاط اور غور کیساتھ دیکھا - ایک زمانہ میں یہ صنائع و بدائع بہت خوبصورت مشہور تھیں اور افسوس ہے کہ بعدہٗ ان دستکاریوں میں تنزل پیدا ہوا - جب یہ قرار دیا گیا کہ دہلی میں ایک بہت بڑا جلسہ جمع ہو جس میں شہزادے اور رؤسا اور سردار اور اعلیٰ افسر اور معزز ہندوستانی اور ہر حصۂ روئے زمین کے مہمان جمع ہوں تو مجھکو فوراً ہی اس بات کا خیال آیا کہ جس موقع کا میں مدت سے منتظر تھا وہ اب آیا ہے کہ جن ہندوستانی دستکاریوں کے مٹ جانے کی دھمکی تھی وہ قائم رکھی جائیں اور دنیا کو ظاہر کر دیا جائے کہ ہندوستان کو ان دستکاریوں میں کیسی لیاقت ہے اُن میں جو تنزل ہو رہا ہے وہ جہانتک ممکن ہے روکا جائے (نعرہ تعریف)

لہٰذا میں نے ڈاکٹر واٹ کو طلب کیا اور جو چیز آپ اس نمائشگاہ میں دیکھینگے اُس کے وہی ذمہ دار ہیں (نعرہ تعریف) میں نے اس کام کے لئے اُن کو اپنا دست راست قرار دیا یہ تمام ہندوستان میں مع اپنے اسسٹنٹ مسٹر پرسی براؤن ہزار ہا میل دور دور سفر کرتے پھرے اُنھوں نے ہر مقام پر دستکاریوں اور صناعوں سے گفتگو کی - چیزیں منتخب کیں - جہاں اُن کی ساخت کے حکم کی حاجت تھی وہاں حکم دیئے نمونے دیئے روپیہ پیشگی دیا - مینے تین شرطوں کا عمل درآمد ہونا قرار دیا -

میری پہلی شرط تو یہ تھی کہ یہ نمائشگاہ صرف صنعتی چیزوں کی ہوگی اِسکے سوا اور کچھ نہ ہوگا - ہم آسانی کے ساتھ آپ لوگوں کے لیئے ایک ایسی حیرت انگیز نمائشگاہ قائم کر سکتے تھے جس سے ہندوستان کی صنعت و پیداوار بخوبی تمام ظاہر ڈاکٹر واٹ کے پاس کلکتہ میں ایسی ہی ایک بہت اچھی نمائشگاہ ہے - ہم آپ کو لکڑیاں اور معدنیات اور خام اشیا اور حریر وغیرہ سب دکھا سکتے تھے جسقدر آپ دیکھ سکتے تھے - مگر اُس میں خوبصورتی نہ ہوتی اور نہ مجھے یہ منظور تھا اور نہ میرا یہ مقصود تھا کہ پیداوار کی نمایش ہو بلکہ میں چاہتا تھا کہ صرف صنعت و حرفت کی نمایش ہو -

میری دوسری شرط یہ تھی کہ نمائشگاہ میں کوئی چیز یوروپین یا یوروپین طرز کی نہو میں نے ایسی چیزوں کے اس نمائشگاہ میں داخل کرنے سے انکار کیا - جیسی عمدہ عمدہ بیٹھکوں پر لیمپ یا شیشہ کے آویزے یا عمدہ قسم کی مورتیں - یہ چیزیں ہر مقام بیجا اور سب سے زیادہ ہندوستان میں بُری معلوم ہوتیں - کیونکہ ہندوستان میں خود اسی قسم کی دستکاری موجود ہے (نعرہ تعریف) - میں نے قرار دیا کہ اُن کاموں کے سوا جنمیں اس ملک کے خیالات و روایات و عقاید شامل ہوں اور کوئی شے نہ ہو - ممکن ہے کہ چند اشیاء جو میری تشریح کے موافق نہوں شاید اس وجہ سے آگئی ہوں کہ اس ملک میں یوروپین خیالات کو بہت ترقی ہے اور چائدان و بالائی دان اور دستپاکوں کے حلقے اور نمک دان بیشمار ہندوستانی تیار کرتے ہیں مگر میری شرائط کا عموماً لحاظ رکھا گیا -

میری تیسری شرط یہ تھی کہ یہ چیز عمدہ ہو اور مجھکو ارزان سستی اور مومی کپڑے اور ذلیل لاکھی چیزیں یا گوٹہ کناری یا برنجی چیزیں اور پیالے وغیرہ درکار نہیں جو بیرنگھم کی فرمایش ساخت کے

بہت زیادہ تھی۔ باوجود اس ہنگامہ خیز جگہ کے عوام نے اس نظارہ
کو جہاں سے جسکو جگہ ملی کھڑے ہوکر بہت عمدگی سے دیکھ لیا۔
غرضکہ آنحضور نے سواری فیل سے اُتر کر حضور ملکہ معظمہ
کے بُت مقدس کی دست بوسی فرمائی اور قیمتی ریشمی غلاف جو
حضور ممدوحہ کے بُت پر بطور نقاب کے پڑا ہوا تھا اپنے دست
مبارک سے اُٹھاکر جملہ رعایا و برایا کو مادر مہربان کے بُت کی زیارت
سے مشرف فرمایا۔ یہ موقع بڑا درد انگیز و مسرت خیز تھا۔ رعایا کا
یہ حال تھا کہ حضور ملکہ معظمہ کے عہد حکومت اور مادری شفقت
کو یاد کر کے ایک آنکھ سے رو رہی تھی اور دوسری آنکھ سے اپنے
نعم البدل شہنشاہ ابد پائیگاہ کے جشن ہمایوں کی خوشی مناکر
ہنستی اور دعائے ترقی دولت و اقبال دیتی تھی ؎

" اسے فرد تھا فراق میں اپنی قبول پر قرار
ہے غم کے ساتھ عیش کا پہلو لگا ہوا "

یہ پاک رسم ادا ہونے میں بہت ہی تھوڑا وقت لگا اور آنحضور
فیل پر سوار ہوئے۔ اب جلوس مسجد فتحپوری کے سامنے
ہوتا ہوا موری گیٹ سے گزر کر راجپور کی سڑک پر پہونچا جہاں
وائسرائے اور ڈیوک آف کناٹ کے ہاتھی ٹھیرے اور رؤسا
کو رخصت کیا گیا جو اپنے اپنے کیمپوں کو چلے گئے۔

ہز اکسیلنسیز اور ہز رائل ہائینس ہاتھیوں پر سے اُتر کر اپنی
اپنی گاڑیوں پر سوار ہوئے اور گاڑیاں فلیگ سٹاف کی
طرف بڑھیں۔ وہاں پہونچکر گاڑیاں ٹھیر گئیں اور ہز رائل
ہائینس اور ہز اکسیلنسیز نے گاڑیوں پر سے جلوس کو گزرتے ہوئے
ملاحظہ فرمایا۔ ان گاڑیوں کے ساتھ امپیریل کیڈٹ کور کا
رسالہ باڈیگارڈ تھا۔ جب جلوس ختم ہوا تو گاڑیاں سنٹرل
کیمپ کی سڑک پر روانہ ہوئیں اور جب ڈیوک آف کناٹ دوڈ
کے مکان پر داخل ہوئے تو گارڈ آف آنر نے سلامی دی
اور توپوں سے اخیر شاہی سلامی سر ہوئی۔

اس جلوس میں سب طرح سے کامیابی ہوئی یہ ایسا جلوس
تھا کہ ہر شخص کے نقشہ دل ہوا اور اس کی ہر کارروائی نہایت
سہولت کے ساتھ انجام پائی۔ جامع مسجد سے گزرنے میں
سوا گھنٹہ اور راسٹیشن سے گزرنے اور سنٹرل کیمپ پہونچنے میں تین گھنٹے صرف ہوئے

صنعتی نمائشگاہ

شہر کابان و مہمانان جشن ہمایوں کی تفریح طبع و خریداری سامان لطف
کے لیئے بڑے زور شور کی نمائشگاہ بھی تیار کی گئی تھی جسکی
مختصر کیفیت یہ ہے کہ نمائشگاہ کی عمارت سفید رنگ کی تھی
اور وہ قدسیہ باغ سے ملحق ایک قطعہ ارضی میں لڈلو کیسل
کی سڑک پر تیار ہوئی۔ یہ راستہ کشمیری دروازہ سے سیدھا دربار
کو چلا گیا ہے اور ہر وقت کی آمد رفت اسی طرف سے زیادہ تھی۔
یہ عمارت گو کہ بظاہر بڑی مضبوط و مستحکم معلوم ہوتی تھی۔ مگر
ایک عارضی اور کاٹھ کباڑ جوڑ توڑ کا کام تھا۔ اور انجینیرنگ ورک کی پوری
پوری داد دیگئی تھی۔ اسمیں زیادہ تر بانس بلی اور کاغذ کا کام
تھا جو موقع موقع پر آہنی ستونوں اور لکڑی کی چوبوں پر قائم
کر کے اسپر ایسا خوشنما پلاسٹر کیا ہوا تھا کہ سبحان اللہ۔ یہ ہلکی اور
خوشنما عمارت ساراسنی طرز کی تھی۔ اس کی آرایش و زیبایش
اور رنگ آمیزی لاہور و ملتان و دہلی و جیپور کے گلکاروں نے
کی تھی۔ اور در حقیقت یہ عمارت بلحاظ صنعت و دستکاری
قابل غور و لحاظ تھی۔

جب سامان انڈین آرٹ کا اپنے اپنے موقع سے سج چکا
تو ۳۰ دسمبر ۱۹۰۲ء کو اسکی افتتاحی تقریب کیگئی۔ اسقدر جو نامور
مہمان یہاں تا خیر آئے انکو کھڑے ہونے کے لیئے بھی جگہ ملنا
دشوار تھی۔ گورنران صوبہ۔ لفٹننٹ گورنر و ممبران کونسل وائسرائے
و کمانڈر انچیف اور بہت سے حکمران رؤسا پلیٹ فارم پر تھے۔
ساڑھے گیارہ بجے کے بعد ڈرم اور قومی دعائیہ گتوں کے
بجنے سے معلوم ہوا کہ ہز اکسیلنسی وائسرائے یہاں داخل ہوئے
ڈچیز کناٹ اور لیڈی کرزن ہز اکسیلنسی کے ہمراہ تھیں۔
ڈاکٹر واٹ ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم استقبال کر کے نشستگاہ
تک لیگئے جو نہایت عمدہ ہندوستانی صنعت کے ساتھ
تیار ہوئی تھی۔ تمہید میں کچھ وقت صرف نہیں کیا گیا اور
وائسرائے نے فوراً استادہ ہوکر یہ اسپیچ ارشاد فرمائی۔ جو کہ
بعینہ ترجمہ کر کے ہدیہ ناظرین کیجاتی ہے۔

کے ساتھ اپنا اپنا گارڈ تھا۔ مسٹر ہورڈلن کے ہمراہ والنٹیروں کا گارڈ تھا۔

اسکے بعد کونسل کے اکزیکٹیو ممبر آئے اِس کے بعد میجر جنرل مکلوڈ کمانیر فوج بنگال مع اپنے افسران اسٹاف گھوڑوں پر تھے۔ یہاں کچھ افسروں کی صورت میں تبدیلی ہوئی۔ جس سے معلوم ہوا کہ شمالی مغربی سرحد پر ہماری کیسی حکومت ہے۔ کیونکہ خان قلات اور ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان اور پھر بلوچی رؤسا آئے۔ آخر الذکر نہایت وحشی صورت تھے۔ اُنکے لمبے لمبے بال اُن کے کاندھوں پر پڑے ہوئے تھے اور مضبوط ٹٹوؤں پر سوار تھے اور اِس طرح زینوں پر بیٹھے ہوئے تھے گویا وہ جانتے ہیں کہ زین سواری کیسی ہوتی ہے

اِس کے بعد کرنیل ڈین سرحدی صوبہ آئے یہ گھوڑے پر سوار تھے اور اُن کے عقب میں سرحدی پٹھان تھے۔ بیشک اِن پٹھانوں کی قومی عداوت کی ضرور ایک تاریخ ہوگی۔ مگر اسوقت تو ہر شخص قدیم دار السلطنت مغلیہ میں جلوس کے ساتھ داخل ہونے سے خوش تھا۔

اِسکے بعد چیف کمشنر آسام اور چیف کمشنر ملک متوسط اپنے اپنے گارڈ سمیت گاڑیوں پر آئے اور جلوس کے آخر میں گیارہواں بنگال لانسر رسالہ اسکواڈرن بڑھ رہا تھا۔ لیکن ابھی جلوس کیفیت ختم نہیں ہوئی اور تھوڑی سی دیر کے بعد ہاتھیوں کی ایک قطار آئی جسے لوگوں نے پہلے قلعہ کے قریب دیکھا تھا اُن پر رؤسا کے ہمراہی تھے۔ گو وہ زرق برق پوشاکیں تو نہیں پہنے تھے۔ مگر تاہم اُن کی پوشاکیں عمدہ اور ہاتھیوں کا سامان وغیرہ بھی خاصا تھا۔

جب ایک ہاتھی کے پاٹھے پر ایک بچہ سوار سامنے سے گزرا تو نہایت جوش مسرت ہوا کیونکہ یہ ہاتھی قد میں صرف ایک سانڈ کے برابر تھا۔ اور کئی روز پہلے سے جو بر آزمایشی جلوس کے ہمراہ شہر میں نکلتا رہا تھا اس لیئے بونا ہاتھی مشہور تھا۔ اور ایک ہاتھی کے دانت اتنے بڑے تھے کہ قریب قریب زمین کو لگتے تھے۔ اور ایک ہاتھی کے دانتوں پر فانوس لگے تھے اور کئی اور ہاتھیوں میں مختلف باتیں تھیں اسلیئے لوگ اُن کے دیکھنے کے دل سے شایق تھے۔ کوئی شخص یہ نہ کہہ سکا کہ یہ سوار کون تھا مگر اکثر لیڈیوں نے خوشی سے اُسکی جانب ہاتھ بڑھایا۔

اِسکے بعد پیدل سپاہی گزرے جن کی نسبت بیان ہوا کہ یہ ریاستوں کے ریگلر سپاہی ہیں۔

جب سب لوگ جامع مسجد سے باہر نکلے تو پھاٹک میں نمازیوں کی ایک مختصر جماعت کھڑی ہوئی تھی وہ نماز پڑھنے کے لیئے مسجد میں آئے۔ یہ سب ساکت وخاموش ہمارے بیچ میں سے ہو کر گزرے۔

اب جلوس چاندنی چوک میں عجائب خانہ و گھنٹہ گھر کے قریب پہنچا یہاں میونسپل کمیٹی کی طرف سے جو آراستگیاں کی گئی تھیں اُنکا کماحقہٗ بیان کرنا تو کسی عنوان ممکن ہی نہیں مگر اسقدر بھی کہا جا سکتا ہے کہ اُس نے اِس شہنشاہی تاجپوشی کی خوشی میں خوب خوب سرگرمیاں دکھائیں اور ادنے ادنے بات میں مُہریں لُٹائیں۔ کمیٹی کا ٹون ہال بے انتہا آراستگی کا نمونہ بنا ہوا تھا۔ دروازوں اور محرابوں پر بیلیں اور مختلف رنگ کی جھنڈیاں اور پھریرے لگے ہوئے تھے۔ ٹون ہال کے مقابل جہاں پہلے ایک فیلڈ میں پتھر کا ہاتھی کھڑا ہوا تھا۔ اب اُسکو ہٹا کر مہینوں پہلے سے تیاریاں ہو رہی تھیں کہ حضور ملکۂ معظمہ قیصرۂ ہند کا برنجی بُت جو بڑی لاگت سے بنوا کر ولایت سے منگوایا گیا ہے یہاں نصب کرائے اور حضور ڈیوک آف کناٹ کے دستِ مبارک سے اِس پاک رسم کو ادا کرانے کی تجویز درپیش تھی۔

چنانچہ اُسی روز مبارک کو جسوقت سواری آنحضور کی روبرو بُت ملکۂ معظمہ کے پہونچی فوراً بینڈ نے سلامی کا راگ بجانا شروع کیا۔ اِس موقع پر جملہ ممبران و آنریری مجسٹریٹ صاحبان و دیگر حکام ضلع ادنے و اعلیٰ اِس رسم کی ادائگی کے منتظر کھڑے تھے اور اُن رؤسا کیلئے جو ہمراہی جلوس سے مستثنے کیئے گئے تھے نشست کیواسطے ایک ٹمپریری ہال بنایا گیا تھا جہاں فرش اور کرسیاں بچھا کر جلوس دیکھنے کے لئے نشست دی گئی تھی نیز بازار چاندنی چوک میں تماشائیوں کے لیئے ٹھیکہ دار نے بنچ و کرسیوں کا انتظام کیا جہاں دو روپیہ اور تین روپیہ ٹکٹ لگنے پر بھی لوگوں کو جگہ میسر آئی پبلک کی بھیڑ بھاڑ کا اندازہ وہم و گمان سے

میں حیرت و تعجب کا نظارہ پیدا کرتی تھی اور مختلف رؤسا کی مختلف وضع سے ہر لمحہ سبز چمن کی طرح ایک نئی کیفیت معلوم ہوتی تھی - اس لئے ہم یہ نتیجہ بہ سینہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ ہماری نگاہ میں ایسا کھب گیا ہے کہ جب ہم اس جلوس کے نظارہ کو قلم بند کرنا چاہتے ہیں تو اس دلچسپ سین سے محو ہو کر بہت کچھ مضمون ذہن سے محو ہو کر جاتے ہیں اور غالباً ایک عرصہ دراز تک ہمارے اور بلکہ کل عالم کے جنہوں نے اس عظیم الشان نظارہ کو آنکھ بھر دیکھا ہے آنکھ سے اوجھل نہیں ہو سکتا -

یہ جلوس جامع مسجد کی طرف سے گزرا - جب قلعہ معلیٰ پر نشان اڑایا گیا تو کتیبش شلک[۵۱] سلامی کی توپیں سر ہوئیں مگر کسی نے اس آواز کو کانوں نہیں سنا - کیونکہ آنکھوں کے سامنے سے گزرنے والے اور دلکش اور غیر معمولی نظارہ پر ٹکٹکی بندھنے سے کانوں پر پردہ پڑا ہوا تھا حتیٰ کہ لوگوں کو آپس کی بول چال بھی اسوقت ناگوار معلوم ہوتی تھی -

ہاتھیوں کے مستک اور سونڈیں بلکہ جسم کا اگلا حصہ کثرت رنگا میزی سے نخل پر شگوفہ یا گلزار غازہ چین نظر آتے تھے - ان سیاہ رنگ بلند قامت حیوانوں پر سنہری چمکدار جھولیں کوہ ہمالیہ کی اس برفانی سطح کو نیچا دکھا رہی تھیں جو وقت طلوع آفتاب سنہری کرنوں میں ملکر ایک ہو جاتی ہے انکی خراماں مگر مدبرانہ رفتار بھاری بھرکم لوگوں کے دلوں کو پامال کرتی تھی اور ان کی جھومتی ہوئی گردنوں سے شاعیاں تھا کہ وہ مئے نخوت و خودپرستی کے نشہ میں چور ہو رہے ہیں اور عقل حیوانی نے ان کو بخوبی سمجھا دیا ہے کہ وہ آج کسی یگانہ عالم شہنشاہ کے زیر قدم ہونے کا فخر حاصل کر رہے ہیں - اسی سرور میں کوئی مروحہ جنبانی کرتا اور کوئی چنور ہلاتا اور کوئی مبارکبادی کی سلامیں پیش کرنے سے اپنے آقا و اہل عالم کا دل لبھاتا تھا - عین نصف النہار کے وقت تہذیب شائستگی کے خط مستقیم پر چلے جاتے تھے کیا مجال جو اعتدال میں سر مو فرق آجاوے - غرضکہ اپنے مناسب حال زیور و لباس سے لدے پھندے دیو ہیبت کوہ پیکر مخلوق ہر طرح موزوں نظر آتے تھے - ہاتھیوں کے گرد عصا بردار - اور اپنے اپنے رئیسوں پہ نحو اس چھلنے لگائے ہوئے حرارت آفتاب سے حفاظت کر رہے تھے - یہ سب ہاتھی تعداد میں چونسٹھ تھے -

رؤسا سرکار جلوس بعض بعض تو ایسے تھے جنسے لوگ واقف ہیں - اور بعض رؤسا کے سفید ڈاڑھیاں تھیں اور بعض نوعمر اور اکثر نوجوان تھے - جو اپنے اپنے ملک رواج کے لحاظ سے غیر موزوں نو نہ تھیں لیکن انگریزی لائٹ میں چلنے والے رؤسا بلحاظ تراش خراش نگینہ کی طرح چمک رہے تھے -

ایک صاحب بس راجپوتانہ جو کڑیوں کا زرہ بکتر پہنے ہوئے تھے وہ سام و نریمان کے زمانہ کو دہرا رہے تھے - اور بلکہ شان کے رئیسوں کے ساتھی عجیب عجیب تھے - اس بیان کو بخیال طوالت ہم اسلئے نظر انداز کرتے ہیں کہ باوجود قلم فرسائی کے بھی انکا فوٹو نہیں اتار سکتے - مگر جو شخص رؤسا ہند و دیگر اقالیم کے مناظر کے طلبگار و مشتاق ہیں وہ تصاویر عکسی طلب فرما کر آنکھوں کو نور اگین اور دل کو تسکین فرما سکتے ہیں جو محض اسی غرض سے طیار کرائی گئی ہے -

جب ہاتھیوں کا جلوس گزر چکا تو گاڑیوں کی قطار نظر آئی - سب سے آگے ہز رائل ہائنس گرینڈ ڈیوک آف ہسّی کی گاڑی مع بندرہویں ہوزار رسالے کے تھی - اسکے بعد گورنر بمبئی کی گاڑی تھی انکی گاڑی اور گھوڑوں کی عمدگی پر فوراً ہی لوگوں کا خیال مبذول ہوا - اسکے بعد گورنر مدراس اور لفٹنٹ گورنر پنجاب تھے - ان سب کے ساتھ ان کے افسران اسٹاف اور گارد تھے اور پنجاب والنٹیر رسالہ کا ایک گارڈ سر چارلس ریواز کے ہمراہ تھا -

گاڑیوں کے عقب میں لوگ گھوڑوں پر سوار آئے یہ کمانڈر انچیف اور افسران اسٹاف تھے یہ ایک لمحہ بھی اپنے گھوڑے پر قرار سے نہیں بیٹھے ان کو لوگوں نے فوراً ہی پہچان لیا اور یوروپین تماشائیوں نے خوشی کا نعرہ مارا - لارڈ کچنر ڈیمو کریٹ نامی گھوڑے پر سوار تھے - جو انگلش گھوڑ دوڑ میں نہایت مشہور رہے - والنٹیر سوار بطور گارڈ ہز اکسیلنسی کے ہمراہ تھے -

اسکے بعد لفٹنٹ گورنر برہما اور لفٹنٹ گورنر بنگال اور لفٹنٹ گورنر ممالک متحدہ گاڑیوں پر سوار تھے - ہر گاڑی

۵۱ نواب صاحب کرناٹک ۱۲

جیساکہ ابھی بیان ہوا ہے روانہ ہو گئے۔

سوا بارہ بجے قلعہ کے برابر ایلجن روڈ پر جلوس کا آگے کا سرا نظر آیا اور اُس کے چند منٹ بعد ایک ممیز دیسی شخص جامع مسجد کے نیچے سے گزرا یہ مسٹر چارلس براؤن انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب تھے۔ اس سے معلوم ہوتا تھا کہ سول افسر ہمیشہ ہندوستان کے تمام امور میں سر عنانی کیا کرتے ہیں اسکے بعد کپتان رائس ڈپٹی ایجیٹنٹ کوارٹر ماسٹر جنرل گارڈ وائسرائے اُدھر سے گزرے اُسکے بعد جو تھے ڈریگون گارڈ کا ایک اسکوارڈن گزرا۔ صف اول نیزوں سے مسلح تھی جنکی بیرقیں سرخ و سفید رنگ کی تھیں۔ اور دوسری صف کے لوگ صرف کرچیں لگائے تھے۔ یہ میجر لکی چوتھی باٹری کی کمان کرتے تھے۔ یہ باٹری ویسی ہی خوبی کے ساتھ گزری جیسی ہمارے گھڑچڑھے توپخانہ اور گولہ انداز خوبی کیساتھ کارروائی کرتے ہیں اسکے بعد جو تھے ڈریگون کے گارڈ کے تین اسکوارڈن آئے جب قریب آئے تو بینڈ بجنے لگا۔ پھر دو اسٹاف افسر معہ برگیڈیر جنرل کالنز کے گزرے جو تمام گارڈ کی کمان کرتے تھے اور اُس کے عقب میں کپتان میکسول ہرلڈ تھے۔ یہ مشکی گھوڑے پر سوار تھے اور ترمچی ان کے ساتھ تھے۔ کپتان میکسول نہایت ہی نمودار شخص ہیں جو وردی یہ پہنے ہوئے تھے اُسکی صحیح طور سے تشریح نہایت دشوار ہے۔ سنہری لیس اور سنہری کام سے بالکل لپواں تھی۔ اسپر شیر اور تاج شاہی مارکہ کے کڑھے ہوئے تھے جس سے اُن کا عہدہ اور درجہ ظاہر ہوتا تھا۔ اُن کے ترمچی بھی ایسے ہی زرق برق وردیاں پہنے ہوئے تھے کچھ دیر تک اس چھوٹے سے گروہ پر لوگوں کی نگاہ جمی رہی وائسرائے باڈی گارڈ جو عمدہ عمدہ گھوڑوں پر سوار تھے آگے سے گزرے اور جب امپیریل کیڈٹ کور پاس آگے سے گزرا تو ہر شخص کی زبان سے نعرۂ تحسین و آفرین نکلا۔ اسکے آگے مہاراجہ صاحب ایدر تھے جو عوام الناس میں سر پرتاب سنگھ کے نام سے مشہور ہیں۔ اُن کی وردی ہلکی نیلی و سفید رنگ کی تھی۔ یہی رنگ تمغہ اسٹار آف انڈیا کے ہیں۔ اس فوجکے مشکی گھوڑے اور اُنپر برفانی چیتے کی کھال کے زین نہایت

ہی عمدہ معلوم ہوتے تھے۔ سب لوگ اُنکے معترف و مداح تھے یہاں تک تو صرف جلوس ہی نظر آیا اور ہماری نظر اُس شاندار ہاتھی کے دیکھنے کی منتظر تھی جسپر وائسرائے سوار تھے کیونکہ ہر کس و ناکس کا خیال تھا کہ عمدہ ترین کیفیت یہی ہے اسمیں نا امیدی نہیں ہوئی واقعی یہ کیفیت نہایت ہی عالیشان تھی گو کیسا ہی بیان کیا جائے مگر ممکن نہیں کہ اُس کی عمدگی اور تابانی اور رنگینی کا بیان ہو سکے۔ کیسے کیسے طرح طرح کے چمکدار ہودے تھے کیسا زرق برق سامان تھا اور وائسرائے اور ڈیوک آف کیناٹ کے عقب میں جو رؤسا ہاتھیوں پر سوار تھے کیسی کیسی عمدہ نفیس پوشاکیں زیب تن کئے تھے۔ جن سے سرتاپا امارت برستی تھی۔ پہلے جو ہاتھی گزرے اُنپر ہزاکسیلنسی اور ہز رائل ہائنیس کے افسران اسٹاف سوار تھے اُن کے بعد لارڈ و لیڈی کرزن کا ہاتھی جو نہایت آراستہ و پیراستہ تھا اور اُسپر نقرئی ہودہ ایسا چمک رہا تھا کہ دھوپ میں اُسپر نگاہ نہ ٹھیرتی تھی۔ اُسوقت سب طرف سے نعرۂ تعریف بلند ہوا اور عوام کی طرف سے خوشی کے نعرے بلند ہوئے۔ ہزاکسیلنسی نے ہاتھ کے اشارہ سے اور لیڈی صاحبہ نے تبسم کے ساتھ سب کا سلام قبول کیا۔

اسکے بعد ڈیوک و ڈچیز آف کیناٹ کے ہاتھی کے سامنے آنے پر اور بھی خوشی کے نعرے بلند کیے گئے مگر اس موقع پر بھی مشرقی لوگوں کی خاموشی اُسی طرح عیاں تھی جیسی اور مواقع پر دیکھنے میں آئی تھی وہ منہ بند کئے فقط نگاہ سے ہی کیفیت دیکھا کرتے ہیں وہ اپنی بہجت و مسرت و تعریف اور توصیف آہستہ سے کرتے ہیں اور مغربی قوم کے لوگوں کی طرح خوشی کے نعرے زور سے نہیں بلند کرتے۔

وائسرائے کا ہاتھی گزرنے کے بعد اعلیٰ ترین رؤسا ہند کے ہاتھی ترتیب وار نہایت عظم و شان سے گزرنے شروع ہوئے اول ہزہائنس نظام دکن اور مہاراجہ صاحب ٹراونکور ان کے بعد مہاراجہ صاحب میسور اور مہاراجہ صاحب کشمیر۔ اور انکے بعد دیگرے جیسا کہ پروگرام جلوس میں مندرج تھا گزرتے رہے۔ ان ہاتھیوں پر جو لوگ بیٹھے ہوئے تھے اُن کی عمدہ اور شاہانہ پوشاکیں اور زیور و جواہر کی تابانی تماشائیوں کی نگاہ

مہاراجہ صاحب جیسلمیر (۴۳) ایچ۔ ایچ دی مہاراجہ صاحب ریاست الور (۴۴) ایچ۔ ایچ۔ دی نواب صاحب ٹونک (۴۵) ایچ۔ ایچ۔ دی مہاراؤ ریاست سروہی (۴۶) ایچ ایچ دی راج رانا ریاست جھالاوار (۴۷) ایچ۔ ایچ دی مہاراجہ کولھاپور (۴۸) ایچ۔ ایچ دی راؤ صاحب ریاست کچھ (۴۹) ایچ۔ ایچ۔ دی میر صاحب ریاست خیرپور سندھ (۵۰) ایچ ایچ۔ دی سلطان آف شیرانٹ مرکالیہ (۵۱) ایچ ایچ دی مہاراجہ آف سکم (۵۲) ایچ ایچ۔ دی مہاراجہ کوچ بہار (۵۳) ایچ ایچ۔ دی راجہ صاحب آف ہل چھپرہ (۵۴) ایچ۔ ایچ دی نواب صاحب رامپور (۵۵) ایچ ایچ دی مہاراجہ صاحب بنارس (۵۶) ایچ ایچ دی راجہ صاحب بیٹری (۵۷) ایچ ایچ دی ٹھاکر صاحب موردی (۵۸) راجہ صاحب بالسندہ (۵۹) راجہ صاحب بیریا (۶۰) نواب صاحب آف جنجیرہ (۶۱) سوابور آف مونگ (۶۲) سوابور آف کینگ ٹنگ۔

مفصلۂ ذیل افسران شاہی جو گاڑیوں میں سوار تھے

(۱) ہز رائل ہائنیس گرینڈ ڈیوک آف ہستی معہ سٹاف و دستہ فوج۔
(۲) ہز اکسیلنسی دی گورنر آف بمبئی معہ سٹاف و بوڈی گارڈ۔
(۳) ہز اکسیلنسی دی گورنر آف مدراس معہ سٹاف و بوڈی گارڈ۔
(۴) ہز آنر دی لفٹننٹ گورنر پنجاب اینڈ اسٹاف معہ دستہ فوج۔

افسران جو گھوڑوں پر سوار تھے

ہز اکسیلنسی دی کمانڈر انچیف اینڈ اسٹاف مع دستہ رسالہ فوج انگریزی کے گھوڑوں پر سوار تھے۔

افسران مفصلۂ ذیل جو بعد انکے گاڑیوں میں تھے

(۱) ہز آنر دی لفٹننٹ گورنر برہما اینڈ اسٹاف مع دستہ فوج۔
(۲) ہز آنر دی لفٹننٹ گورنر آف بنگال اینڈ اسٹاف مع دستہ فوج
(۳) ہز آنر دی لفٹننٹ گورنر ممالک متحدہ آگرہ اینڈ اودھ مع اسٹاف و دستہ فوج۔

تین گاڑیوں میں معمولی اور ریل ممبرز گورنر جنرل کی کونسل کے تھے دیگر اعلے حکام بھی گاڑیوں میں سوار تھے مثلاً

(۱) لفٹننٹ جنرل کمانڈنگ بنگال معہ اسٹاف (۲) ہز ہائنیس دی خان قلات (۳) آنریبل ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان معہ سرداران بلوچ (۴) آنریبل چیف کمشنر و ایجنٹ گورنر جنرل ممالک مغربی و شمالی (۵) بعد ازاں پٹھان سردار تھے۔

مفصلۂ ذیل افسران بھی گھوڑوں پر سوار تھے

(۱) آنریبل چیف کمشنر آسام معہ اسٹاف ہمراہی دستہ فوج
(۲) آنریبل چیف کمشنر ممالک متوسط ہند معہ اسٹاف و دستہ فوج

جلوس کے اندر کل رؤسا کے ہاتھی ریلوے سٹیشن سے لیکر سڑک باغ ملکہ تک کھڑے ہوئے تھے۔ سڑک کے مقابل میں دستہ فوج ہز رائل ہائنیس ڈیوک آف کیناٹ کا کھڑا ہوا تھا ہز اکسیلنسی دی وائسرائے اور اُن کے ہمراہ دی رائل ہائنیس ڈیوک اینڈ ڈچیز آف کیناٹ سٹیشن پر سے اپنے اپنے ہاتھیوں پر سوار ہو کر معہ اپنے فوج کے سرداروں کے ہاتھیوں کے سلسلے میں باقاعدہ جیسا کہ مندرجہ بالا بیان کیا گیا ہے روانہ ہوئے اور جبکہ ہز اکسیلنسی دی وائسرائے اور ہز رائل ہائنیس دی ڈیوک اینڈ ڈچیز آف کیناٹ ہاتھیوں کی قطار کے اخیر میں پہنچے تو ایک سگنل دستہ فوج کو روانہ ہونے کے واسطے حکم دیا گیا اور اسوقت والیان ریاست دو دو کر کے اپنے رائل ہائنیس دی ڈیوک اینڈ ڈچیز آف کیناٹ کے پیچھے جیسا کہ اُن کو سڑک پر چلنے کے واسطے ہدایت کی گئی تھی روانہ ہوئے۔

ہز رائل ہائنیس دی گرینڈ ڈیوک ہستی و ہینڈز آف لوکل گورنمنٹ اینڈ ایڈمنسٹریشن و کونسل ممبرز کی گاڑیاں معہ اپنے اپنے دستہ فوج کے و ہز اکسیلنسی کمانڈر انچیف۔ خان آف قلات۔ اور ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان و ممالک مغربی سرحد فرانٹیر کے گھوڑے معہ اپنے اپنے ہمراہیان جو کہ سڑک باغ ملکہ پر بانرتیب کھڑے کیے گئے تھے۔ جونہی کہ ہز اکسیلنسی دی وائسرائے اپنے ہاتھی پر سوار ہو کر سٹیشن سے روانہ ہوئے اسی وقت یہ سب بھی اسی ترتیب کے اندر یکے بعد دیگرے روانہ ہوئے۔ مختلف افسران بھی اپنی اپنی گاڑیوں میں بیٹھ کر اپنے اپنے گھوڑوں پر سوار ہو کر والیان ریاست کے پیچھے اسی طریقہ میں

لارڈ اینڈ لیڈی نورتھ کوٹ اینڈ لورڈ اینڈ لیڈی امپتھل اینڈ سر چارلس ریواز نے ایک دوسرے کے ساتھ نہایت خوشی کے ساتھ ملاقات کی۔ وایسرائے اور لیڈی کرزن سے چند منٹ پیشتر لارڈ کچنر معہ اپنے اسٹاف کے وارد ہوئے ۱۱ بجے دوپہر کو پلیٹ فارم پر ریل کے پہنچتے ہی لارڈ کرزن معہ اپنی لیڈی کے تشریف فرما ہوئے اور نہایت تپاک کیساتھ ہر ایک رؤسا و افسران سے ہاتھ ملاتے رہے۔ اسی اثناء میں کامل ایک گھنٹہ گزر گیا اور دی روائل ہائنس معہ ڈچز آف کیناٹ اسپیشل ٹرین سے تشریف لائے۔ ٹرین سے اترتے ہی لارڈ کرزن و لیڈی کرزن لارڈ کچنر و دیگر افسران فوجی و تمام رؤسا والاشان و راجگان نے انکا استقبال کیا اور انگریزی قاعدہ کے بموجب باجا بجنے لگا اور تمام حاضرین نے ملکہ مبارکباد دی حضور ڈیوک آف کیناٹ اسوقت اپنی پوشاک میں جو مانند فیلڈ مارشل کے تھی درخشاں تھے اور حضور ڈچز آف کیناٹ نیلی اور زرد مغرق پوشاک میں آنحضور کے ہم پلہ تھیں۔

ان تمام کارروائیوں کے بعد آخر کار لارڈ کرزن معہ اپنی لیڈی صاحبہ اور ہز رائل ہائینسز ڈیوک اینڈ ڈچز آف کیناٹ اپنے اپنے ہاتھیوں پر سوار ہو کر ٹھیک ۱۲ بجے دوپہر کے ریلوے سٹیشن سے سوار ہو کر معہ اپنے تمام عملہ و خلہ کے روانہ ہوئے ممالک غیر کے مہمان اور دیگر مہمانان و گورنمنٹ افسران جو ریلوے اسٹیشن پر موجود تھے وہ جامع مسجد کے نزدیک ایک مقررہ جگہ پر بٹھلائے گئے۔

مفصلہ ذیل طریق پر تمام جلوس آراستہ و پیراستہ ریلوے اسٹیشن سے روانہ ہوا۔

اول۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب (۲) ڈپٹی اسسٹنٹ کوارٹر ماسٹر جنرل وایسرائے اسکورٹ (۳) ایک دستہ ڈریگون گارڈ نمبر ۱ (۴) شاہی گھوڑوں کا توپخانہ (۵) ۳ دستہ نمبر ۳ ڈریگون گارڈ (۶) وایسرائے کے افسران محافظ کا دستہ (۷) ڈپٹی اسسٹنٹ اڈجوٹنٹ جنرل وایسرائے اسکورٹ (۸) جنرل افیسر کمانڈنگ وایسرائے اسکورٹ (۹) ہیرلڈ اینڈ ٹرمپٹرز (۱۰) باڈی گارڈ وایسرائے (۱۱) امپیریل کیڈٹ کورپ۔

مفصلہ ذیل رؤسا جو ہاتھیوں پر سوار تھے

اول۔ فورڈس دی۔ ڈیپ وایسرائے۔
(۲) ہز رائل ہائنس ڈیوک آف کیناٹ (۳) پرایویٹ سکرٹری وایسرائے (۴) اے ڈی کانگ وایسرائے (۵) ٹو اے ڈی کانگ وایسرائے (۶) دی سٹاف ہز رائل ہائنس ڈیوک آف کیناٹ (۷) سکریٹریز آف گورنمنٹ آف انڈیا ممالک غیر۔ ہوم ملٹری سکریٹریز آف ہز اکسیلنسی وایسرائے (۸) ہز اکسیلنسی دی وایسرائے معہ لیڈی صاحبہ (۹) رائل ہائینسز ڈیوک اینڈ ڈچیز آف کیناٹ (۱۰) ہز ہائینس دی نظام حیدرآباد (۱۱) ہز ہائینس دی مہاراجہ صاحب میسور (۱۲) ایچ ایچ۔ دی مہاراجہ صاحب ٹراونکور (۱۳) ایچ ایچ۔ دی مہاراجہ صاحب کشمیر (۱۴) ایچ ایچ۔ دی مہاراجہ صاحب گوالیار (۱۵) ایچ۔ ایچ دی مہاراجہ صاحب اندور (۱۶) ایچ ایچ دی مہاراجہ صاحب ریاست ریواں (۱۷) ایچ ایچ۔ دی مہاراجہ صاحب اورچھہ (۱۸) ایچ ایچ دی مہاراجہ صاحب دتیا (۱۹) ایچ ایچ دی راجہ صاحب دھار اسٹیٹ (۲۰) ایچ ایچ۔ دی راجہ صاحب دیواس جونیئر (۲۱) ایچ ایچ دی راجہ صاحب دھار اسٹیٹ جونیئر (۲۲) ایچ ایچ دی راجہ صاحب سنتھ (۲۳) ایچ ایچ دی مہاراجہ صاحب ریاست چرکھاری (۲۴) ایچ ایچ۔ دی مہاراجہ صاحب ریاست چھتر پور (۲۵) ایچ ایچ دی راجہ صاحب راجگڑھ (۲۶) ایچ ایچ دی راجہ صاحب نرسنگھ گڑھ (۲۷) ایچ ایچ دی مہاراجہ صاحب پٹیالہ (۲۸) ایچ ایچ دی نواب صاحب بھاولپور (۲۹) ایچ ایچ دی راجہ صاحب نابھہ (۳۰) ایچ ایچ دی راجہ صاحب ریاست جیند (۳۱) ایچ ایچ دی راجہ صاحب کپورتھلہ (۳۲) ایچ ایچ دی راجہ صاحب ریاست سرمور (۳۳) ایچ ایچ دی نواب صاحب مالیر کوٹلہ (۳۴) ایچ ایچ دی راجہ صاحب فریدکوٹ (۳۵) ایچ ایچ۔ دی راجہ صاحب منی پور (۳۶) ٹھاکر صاحب ریاست لیمڑی (۳۷) ایچ ایچ۔ دی مہاراجہ صاحب جیپور (۳۸) ایچ ایچ۔ دی مہاراجہ صاحب ریاست بوندی (۳۹) ایچ ایچ دی مہاراجہ صاحب بیکانیر (۴۰) ایچ ایچ دی مہاراؤ ریاست کوٹہ (۴۱) ایچ ایچ دی مہاراجہ صاحب قرولی (۴۲) ایچ ایچ دی

آنکی مبارکبادی کو خوشی سے ہزکر قبول کرینگے۔

اس کارروائی کے ختم ہونے کے بعد فارن سکرٹری دربار برخاست ہونے کی اجازت چاہینگے۔

ہز اکسیلنسی جس شان و شوکت و رسوم کے ساتھ دربار میں تشریف لائے تھے اسی طرح روانہ ہونگے اور جوں ہی گاڑی میں قدم رکھینگے معمولی شلک سلامی سر ہوگی۔

ہز اکسیلنسی کی روانگی کے بعد ہز رائل ہائینس اپنی سابقہ عظمت و شان کے ساتھ رخصت ہونگے۔

شہزادہ کی روانگی کے بعد ملک غیر کے قایم مقام اور لوکل گورنمنٹوں اور منتظموں کے افسر اور رؤسا حکمران اور کمانڈر انچیف اور ممبر کونسل اور مختلف کمانوں کے لفٹنٹ گورنر جنرل دربار سے باہر آئینگے۔ اُن کے علاوہ اور کسی کی گاڑی دربار میں نہ آنے پائے گی اور تماشائی جس زینہ سے دربار میں آئے تھے پھر اُسی راستہ سے روانہ ہونگے۔ مگر تاوقتیکہ حکمران رؤسا اور قایم مقام افسران اعلیٰ نہ روانہ ہوجائینگے اُسوقت تک تماشائی نہ جاسکینگے۔

ویسرائے اور ڈیوک و ڈچیز ہیاب کی دہلی سے ۱۰ ماہ جنوری ۱۹۰۳ء کو روانگی کا پروگرام ہے۔

ہز اکسیلنسی اور ہز رائل ہائینس ساڑھے دس بجے دن کو کیمپ سے روانہ ہونگے اور امپیریل کیڈٹ رسالہ اور ویسرائے کا باڈی گارڈ اسٹیشن تک ہمراہ ہوگا اور باڈیگارڈ کا ایک حصہ اور اور فوج راستہ پر صف بستہ ہوگی۔ ہز اکسیلنسی و ہز رائل ہائینس لینسڈون روڈ۔ اور علیپور روڈ۔ اور قدسیہ روڈ اور موری گیٹ۔ اور ڈفرن برج اور کوئینز روڈ سے مرور کرینگے پلیٹ فارم پر وہ حکمران رئیس اور افسران اعلیٰ استقبال [illegible] کے وقت مستقبل تھے۔ ڈیوک و ڈچیز کیناٹ کی [illegible] پلیٹ فارم کے برابر موجود ہوگی اور گیارہ بجے [illegible] ہونگے۔

[illegible] کی اسپیشل ٹرین پلیٹ فارم پر [illegible] گیارہ بجکے پندرہ منٹ دن [illegible] ہونگے معمولی شلک [illegible]

حکم ہے کہ مذکورۂ بالا ہر موقع پر جو لوگ وردی پہننے کے مستحق ہیں وہ پوری وردی اور جو لوگ وردی پہننے کے مجاز نہیں ہیں مارننگ ڈریس پہنیں۔

کیفیت جلوس سواری حضور لارڈ کرزن

وائسرائے ہند بمقام دہلی بتاریخ ۲۹ دسمبر ۱۹۰۳ء

ریلوے پلیٹ فارم دہلی پر اس تاریخ نہایت ہی اعلےٰ درجہ کی آراستگی کی گئی تھی۔ یعنی ایک ایک ستون و ہر ایک محراب رنگا رنگ پھولوں سے آراستہ و پیراستہ تھے اور ساتھ ہی اُسکے گوٹہ کناری و بادلہ وغیرہ بھی لگا ہوا تھا جس سے اُنکی خوبصورتی دوبالا ہوگئی تھی۔ ہر چہار طرف دیواروں پر شاہی جھنڈے کھڑے کئے گئے تھے جو اپنی نرالی وضع رکھتے تھے۔ پلیٹ فارم کے دو نو رخوں پر نہایت خوشنما پھولوں کے درخت گملوں میں سڑک شارع عام تک رکھے ہوئے تھے اور اس سڑک پختہ پر جو پٹڑی ریلوے سے سڑک شارع عام تک تھی اُس پر تمام جگہ مخمل ہی مخمل کا فرش ہو رہا تھا۔ غرضکہ اس روز یہ پلیٹ فارم ایسا غنچہ بنا ہوا تھا کہ جسکا کچھ حد و حساب نہیں۔

پلیٹ فارم ریلوے پر تمام والیان ریاستہائے واسطے استقبال حضور لارڈ کرزن نو رائل ہائینس ڈی ڈیوک اینڈ ڈچز آف کیناٹ موجود تھے اور ہر دو ٹرینوں کی اشد انتظار تھی۔ باہر داہنی طرف باجے والے کھڑے تھے اور بائیں جانب تھی زرق برق جھولوں و ہودجوں سے آراستہ کھڑے ہوئے تھے۔ مفصلۂ ذیل والیان ریاست ہز اکسیلنسی کے استقبال کیلئے اسٹیشن پر موجود تھے۔

دروازہ پر مسٹر الیف برنیر سی۔ ایس۔ آئی معہ مسٹر ڈین فورڈ سکریٹری اسٹیشن کے اندر۔ شان جنفیں معہ اپنی مستورات کے۔

(۱) راجہ سیکم (۲) مہاراجہ ٹراونکور (۳) مہاراجہ ہلکر (۴) مہاراجہ ریوا اسٹیٹ (۵) مہاراجہ گوالیار (۶) مہاراجہ صاحب جیپور (۷) مہاراجہ ناہن معہ میجر بکرم سنگھ (۸) بیگم صاحبہ والیٔ بھوپال (۹) مہاراجہ صاحب میسور معہ برادر (۱۰) ٹھاکر صاحب پٹنہ (۱۱) ٹھاکر صاحب بھاونگر و دیگر برادران کاٹھیاواڑ (۱۲) حضور نظام

بارہ بجے دن تک اُس سڑک پر نہ آنے پائیگا جس سے مسند وائسرائے کا راستہ ہے - موجودہ لوگوں کی تفریح کے لئے یکجائی بینڈ باجے چیدہ گیتیں بجائینگے -

ڈیوک آف کیناٹ گیارہ بجے پندرہ منٹ پر مع ایک گارڈ آف آنر برٹش اور ایک سکوارڈن ہندوستانی رسالہ کے روانہ ہونگے - جب شاہی گاڑی اُس مقام پر پہونچیگی جہاں سے مقام دربار کو راستہ گھوما ہے اُسوقت تمام فوج جو باہر صف بستہ ہے ڈیوک رائل ہائینس کی سلامی دیگی اور اکتیس ضرب توپ کی شلک سلامی ہوگی اور تمام موجودین سروقد استادہ ہو جائینگے اور تا وقتیکہ ہز رائل ہائینس اپنے مقام پر نشست نہ کرلینگے اُسوقت تک سب کھڑے رہینگے اور قومی دعائیہ گت بجائی جائے گی -

وائسرائے کیمپ سے ساڑھے گیارہ بجے روانہ ہونگے پورا برٹش رسالہ اور امپیریل کیڈٹ رسالہ اور ہز اکسیلنسی کا باڈیگارڈ اور ہندوستانی سواروں کا ایک رسالہ ہمراہ ہوگا - جب وائسرائے کی گاڑی اُس مقام پر پہونچے گی جہاں سے مقام دربار کو راستہ پھرا ہے تو باہر کی تمام صف بستہ فوج سلامی دیگی مگر توپوں سے شلک سلامی سر نہ ہوگی - ہز اکسیلنسی کی گاڑی کیڈٹ رسالہ اور باڈیگارڈ کے ہمراہ دربار کے اندر جائیگی اور جب تک ہز اکسیلنسی اپنے مقام پر نشست نہ کرینگے موجودین کھڑے رہینگے - جب ہز اکسیلنسی مسند کے پاس آئینگے تو گارڈ آف آنر جو مسند کے روبرو صف بستہ ہے پریزنٹ آرمس کی سلامی دیگا اور کل بینڈ باجے دعائیہ گت بجائینگے اور وائسرائے نشان کا پھریرا بلند کیا جائیگا اور اکتیس توپونکی شاہی سلامی سر ہوگی ہز اکسیلنسی کے گاڑی سے اُترتے وقت آگے آگے افسران استقبال ہونگے ہز اکسیلنسی تخت پر متمکن ہونگے - شلک سلامی سر ہونیکے بعد فارن سکریٹری کارروائی دربار شروع کرنے کی ہز اکسیلنسی سے اجازت چاہینگے اُسوقت اُس رقبہ کے بینڈ باجے ہیرلڈ (نقیب) کے طلب کرنے کے لئے بجینگے اور یہ مع ٹرمپٹروں کے آئیگا اور مع گارڈ باہر تعینات کیا جائیگا اور ٹرمپیٹ بجاکر بینڈ باجوں کا جواب دینگے اور مکان دربار تک

گھوڑوں پر آئینگے - دروازہ دربار پر پہنچینگے اور ٹرمپٹر بجائینگے - پھر گھوڑوں پر سوار مسند وائسرائے کے سامنے صف بستہ ہونگے اور پھر ٹرمپیٹ بجائینگے اسکے بعد بموجب حکم وائسرائے نقیب اشتہار پڑھیگا - جسمیں تاجپوشی شاہ و شہنشاہ ہند کی اطلاع دیجائیگی - اشتہار پڑھتے وقت نقیب اپنا مُنہ دروازۂ آمد دربار کی طرف کرلیگا - جب اشتہار کے پڑھنے سے فراغت ہوگی تو پھر ٹرمپیٹ بجینگے - جب یہ بج چکینگے تو فوراً ہی شہنشاہی نشان کا پھریرا بلند کیا جائیگا اور موجودہ کل بینڈ باجے قومی دعائیہ گت بجائینگے اور گارڈ آف آنر پریزنٹ آرم کی سلامی دیگا جبتک بینڈ باجہ بجا کریگا اُسوقت تک تمام درباری سروقد استادہ رہینگے - اسکے بعد ایکسو ایک توپوں کی شلک سلامی اُسی طرح سر ہوگی جسطرح یکم جنوری اور شاہی سالگرہ کے روز تمام فوجی مقامات سے سر ہوا کرتی ہے اور فوج خوشی کی بندوقونکی باڑھیں چلائیگی اور سلامی سر ہونے کے اثناء میں بینڈ باجے بجا کرینگے جب شاہی سلامی سر ہوگی اور قومی دعائیہ گت ختم ہو جائیگی تو ہیرلڈ اور ٹرمپٹر دروازہ دربار پر جاکر دیر تک ٹرمپیٹ بجائینگے -

اس کے بعد وائسرائے اُٹھکر دربار کو اڈریس کرینگے -

اسکے بعد ہیرلڈ اور ٹرمپٹر پھر مسند کے روبرو آکر ٹرمپیٹ بجائینگے اور ہیرلڈ اپنی ٹوپی اُتار کر کہے گا کہ شاہ و شہنشاہ کے لئے خوشی کے تین نعرے بلند کئے جائیں -

ان نعروں کے بعد ہیرلڈ فوج سے چاہیگا کہ شاہ و شہنشاہ کے لئے اُسی طرح وہ بھی خوشی کے تین نعرے بلند کرے - یہ نعرے بھی بلند ہونگے - ان نعروں میں حلقۂ دربار کے اندر کا کوئی شخص ہم آہنگ نہ ہوگا -

اسکے بعد بینڈ باجے پھر دعائیہ گت بجائینگے -

اسکے بعد ہیرلڈ و ٹرمپٹر یہاں سے رخصت ہونگے -

اسکے بعد فارن سکریٹری موجودہ حکمران رؤسا کو پیش کرنے کی اجازت طلب کرینگے - اور بموجب انتظام سابقہ رؤسا حسب مراتب و مدارج مسند کے روبرو آگے بڑھکر ہز اکسیلنسی وائسرائے کے ذریعہ سے ہز مجسٹی شاہ و شہنشاہ کو مبارکباد دینگے - اور وائسرائے اور ہز رائل ہائینس ڈیوک آف کیناٹ

ہز ہائنس مہاراجہ جموں

ہز ہائنس راجہ امر سنگہ برادر مہاراجہ جموں

ہز ہائنس مہاراجہ سیندھیا

گوالیار

ہز ہائنس راجہ دین گوپال

ہز ہائنس راجہ گڈھوال

ہز ہائینس مہاراجہ بنارس

ہز ہائینس مہاراجہ پدوکوٹی

ہز ہائینس مہاراجہ صاحب
جے پور

ہز ہائینس مہاراجہ ٹھاکر صاحب بھاؤنگر

ہز ہائینس رانا پوربندر

ہز ہائینس مہاراجہ پالی ٹنا

ہز ہائینس مہاراجہ کیتھل

ہز ہائینس مہاراجہ صاحب کپورتھلہ

ہز ہائینس مہاراجہ شاہ پور

ہز ہائینس مہاراجہ بجے موہ

ملکہ الگزینڈرا

شہنشاہ ایڈورڈ ہفتم

ہزروئل ہائنس ڈیوک آف کناٹ

ہزاکسلنسی لیڈی کرزن

ہزاکسلنسی لارڈ کرزن گورنر جنرل ہند

چیف کمشنر ملک متوسط

مذکورہ بالا حضرات مع اپنے اپنے افسران اسٹاف اور گارڈ کے ہونگے

جلوس کے آخر میں گیارہواں بنگال لانسر رسالہ ہوگا۔

جن راستوں سے جلوس گزریگا اُنپر دو رویہ فوج صف بستہ ہوگی

جیسے ہی ہز اکسیلنسی لاہوری دروازہ سے نکلینگے فوراً قلعہ پر

نشان اُڑایا جائیگا اور توپخانہ سے اکتیس ۳۱ توپوں کی شلک

سلامی سر ہوگی ۔

رئیسوں کے ہمراہی مقام سیمپاڑی مارس میں الجن روڈ

کے مغربی جانب موجود ہونگے اور جب جلوس آگے بڑھیگا

تو اُس کے عقب میں شریک ہونگے ۔ راجپور کی سڑک کے گوشہ

پر بیرون موری دروازہ پہونچکر ویسرائے اور ڈیوک آف

کناٹ مکث فرماکر روسا کا سلام قبول کرینگے جو اُن کے عقب

میں ہونگے اور اس مقام پر سے روسا بیلبور ڈ روڈ ہوکر اپنے

اپنے کمپوں میں تشریف لیجائینگے ۔۔

ہز اکسیلنسی اور دیگر رائل ہائینسز سب کا سلام لینے کے بعد

اپنے اپنے ہاتھیوں سے اُترکر اپنی اپنی گاڑیوں پر سوار ہونگے

اور شاخ پہاڑی کے نیچے ہوتے ہوئے نشان بردار برج

پر نکلینگے ۔ یہاں ہز اکسیلنسیز اور دیگر رائل ہائینسز کی گاڑیاں اجپور

روڈ پر سے گھومینگی تو باقیماندہ جلوس کی کیفیت دیکھنے کے لیے

ٹھہر جائینگے ۔ اور جب کیمپ میں دورہ کے مکان کے رو برو

پہونچینگے تو اکتیس ۳۱ توپوں کی شاہی سلامی سر ہوگی اور ویسرائی

نشان اُڑایا جائیگا ۔ یہاں گارڈ آف آنر موجود ہوگا ۔

یکم جنوری کے دربار کی فہرست میں چورانوے حکمران روسا

اوسط درجہ کے رئیسوں اور شان کے سات رئیسوں کے نام ہیں

نشست دربار کے متعلق جو انتظام کیا گیا ہے اسکی نسبت

اطلاع دیگئی کہ بلاک ۱ سے اکیس اور غیر ملک کی سلطنتوں کے

قائم مقاموں اور ممبران گورنمنٹ ہند اور کمانڈر انچیف لفٹنٹ

جنرل کمانیران و ممبران ملک غیر و کانسلوں اور سرکاری مہمان

ویسرائے اور افسران صیغہ لوکل گورنمنٹوں اور منتظموں کے

اپنے مواذا کیئے گئے ہیں اور تماشائی ایچ سے ایس تک میں نشست

کرینگے اور بلاک ا سے م تک خاص قائم مقامات اخبار کیلئے محفوظ ہے

اشتہار میں بیان ہے کہ دہلی میں ستیتیس ہزار فوج جمع ہوگی

یہ ایک میدان میں جو درباری گھیر میں آنے کے راستہ کے

روبرو ہے اور کیمپ ویسرائے سے دربار تک کے راستہ پر

صف آرا ہوگی یکجائی بینڈ باجے درباری گھیر میں شاہی نشان

کے گرد ہونگے جو وسط میں ہوگا ۔

حکمران روسا سے بھی چاہا جائیگا کہ وہ اپنی ہمراہی فوج یہاں

بھیجیں ۔ درباری ہاتھی اور رئیسوں کا جلوس دربار کے مغربی

جانب کے میدان میں ہوگا اور سوار پرنسیز روڈ اور ریویو روڈ پر

جس سے دربار کو راستہ ہے صف بستہ ہونگے یہ سب اپنے اپنے

مقام پر دس ۱۰ بجے دن تک آ جائینگے ۔ برٹش فوج کا ایک گارڈ آف

آنر درباری گھیر میں مسند کے روبرو صف بستہ ہوگا اور اُس

مقام کے عقب میں حکمران روسا اور اعلیٰ افسروں کی نشست

کے بلاکوں کے راستوں پر بھی گارد تعینات ہونگے ۔ برٹش پلٹن

کی بٹالینیں اس کام اور اس کے علاوہ اور کاموں کے لئے

تعینات ہونگی ۔

تماشائیوں کو منتہی سوا دس بجے تک اپنے اپنے مقام

پر بیٹھ جانا چاہیئے ۔ یہ اپنے مقام پر اُس زینہ پر سے پہونچینگے

جو دربار کے عقب میں ہے اور جنکے بیٹھنے کے مقام پر اُس

زینہ پر سے پہونچینگے جو دربار کے عقب میں ہے اور جن سے

بیٹھنے کے مقاموں کے بلاکوں کو راستہ ہے اُن کی نشست

اُن کے کارڈ کے حرف کے موافق ہوگی ۔

حکمران روسا زیادہ سے زیادہ گیارہ بجے تک نشست

کرلیں ۔ افسران لوکل گورنمنٹ اور منتظمان و ممبران کونسل

سوا گیارہ بجے تک بیٹھ جائیں ۔

یہ سب اُن زینوں سے اپنے اپنے مقام پر پہونچینگے جو اُنکی

نشستگاہ کے عقب میں ہیں ۔

زمانہ غدر کے مسن و معمر یورپین و ہندوستانی سپاہی

سوا گیارہ بجے مارچ کرتے ہوئے دربار میں اُس مقام پر آئینگے

جو اُن کے لیئے مقرر کیا گیا ہے اور بینڈ باجے مارچ کی گت

بجائینگے ان ضعیف سپاہیوں اور ڈیوک و ڈچز کناٹ و

ویسرائے کے علاوہ کوئی شخص دس بجے دن سے بارہ بجے

شریک ہونگے اسٹیشن کے باہر اپنے اپنے ہاتھیوں پر
سوار ہونگے برٹش پلٹن کا ایک گارڈ آف آنر بیرون اسٹیشن
صف بستہ ہوگا اور جیسے ہی ہز اکسیلنسی بہمراہی ہز رائل
ہائینس اسٹیشن سے باہر آئینگے یہ گارڈ پریزنٹ آرم کی سلامی
دیگا۔ جب ڈیوک وڈچز کیناٹ اپنے اپنے ہاتھیوں پر سوار
ہوچکینگے تو بارہ ہاتھیوں کا جلوس روانہ ہوگا۔ باقیماندہ
والیان و روساء جو شریک جلوس نہ ہونگے وہ بیٹھنے کے لیئے چاندنی
چوک میں جائیں گے۔

جلوس مندرجہ ذیل راستوں سے گذریگا۔

کوئنز روڈ۔ لوتھن روڈ۔ خاص روڈ
مسجد جامع کے گرد ہوکر اسپتال روڈ کو۔
اسلینیڈ روڈ۔ چاندنی چوک۔ بازار فتحپوری۔
احمدپائی روڈ ڈفرن برج۔ موری دروازہ
راجپور روڈ۔
شاخہائے پہاڑی کے نیچے سے اسکے اوپر جا کر نشان بردار
برج سے کمپ وایسرائے کو۔

مندرجہ ذیل طریقہ سے جلوس قایم ہوگا۔

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب
ڈپٹی اسسٹنٹ کوارٹر ماسٹر جنرل گارڈ وایسرائے۔
چوتھی ڈریگون گارڈ کا ایک اسکوارڈن
ایچ باٹری شاہی گھوڑ چڑھا توپخانہ
چوتھے ڈریگون گارڈ کے تین اسکوارڈن
اردلی افسر
ڈپٹی اسسٹنٹ ایجیٹن جنرل گارڈ ویسرائے۔
جنرل افسر کمانیر گارڈ وایسرائے
ہرلڈ۔ (نقیب)
ٹرمپٹر
باڈیگارڈ وایسرائے
امپیریل کیڈٹ رسالہ

ہاتھیوں پر مندرجہ ذیل اشخاص ہونگے۔

اسٹاف وایسرائے اور ڈیوک آف کیناٹ کے دو ایڈیکانگ
پریوٹ سکریٹری وایسرائے
ایڈیکانگ ویسرائے
سکریٹری صیغہ فارن
فوجی سکریٹری ویسرائے
ہز اکسیلنسی ویسرائے و گورنر جنرل
ہز رائل ہائینس ڈیوک وڈچز کیناٹ
دو دو حکمران رئیس حسب مدارج و مراتب
گیکوار و نظام
مہاراجگان ٹراونکور و میسور۔
مہاراجہ صاحب کشمیر
مہاراجہ صاحب گوالیار و جے پور
مہاراجگان اندور و بوندی
مہاراجگان ریواں و بیکانیر
مہاراجگان اورچھا و گونڈہ
وسط ہند کے تیرہ اور راجپوتانہ کے دس اور بمبی کے نو
اور پنجاب کے آٹھ اور بنگال کے تین اور ممالک متحدہ کے
تین اور آسام کا ایک اور برہما کے دو رئیس ہونگے۔

ان کے بعد گاڑیوں پر یہ اشخاص ہونگے۔

گرمنٹ ڈیوک ہسی مع افسران اسٹاف و گارڈ
گورنران بمبی و مدراس
لفٹنٹ گورنر پنجاب مع افسران اسٹاف اور گارڈ کے۔
کمانڈر انچیف گھوڑے پر مع گورہ کے رسالہ کے ایک گارڈ کے
لفٹنٹ گورنران برہما و ممالک متحدہ و بنگال مع افسران اسٹاف
و گارڈ کے۔
ممبران اگزیکیٹو کونسل

اسکے بعد گھوڑے پر یہ لوگ سوار ہونگے۔

خان قلات
ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان
بلوچی رئیس۔
چیف کمشنر شمالی و مغربی سرحدی صوبہ مع افغانی روساء کے
چیف کمشنر آسام

[illegible] کی [illegible] بالفعل [illegible] ہے جو خواہ شائع ہوئم ہو یا نہ [illegible] اور اس وقت گذرنیکا حق خود بخود یا بذر [illegible] اسباب [illegible] بھی شامل ہیں جو [illegible] کے [illegible] ہوں -

تشریح دوم - اس دفعہ کی اغراض کے لیئے لفظ "کارڈ" [illegible] بھی شامل ہیں -

[illegible] **دفعہ ۴** - کوئی پولیس [illegible] کسی شخص کو بلا وارنٹ گرفتار کرسکتا ہے جو اس کے سامنے کسی جرم کا ارتکاب کرے جو [illegible] قابل سزا ہے - مگر شرط یہ ہے کہ کسی شخص کو [illegible] گرفتار کیا جائے جس کا نام اور پتہ دریافت کرنے کے [illegible] نہیں رکھا جائیگا - نیز یہ شرط ہے کہ کوئی شخص جو اسطرح گرفتار کیا جائے اس سے زیادہ عرصہ کے لیئے نہیں روکا جائیگا جو [illegible] مجسٹریٹ کے روبرو لانے کے لیئے ضروری ہو بجز اسصورت [illegible] مجسٹریٹ نے ایسا حکم دیا ہو -

[illegible] پولیس کی حدود | **دفعہ ۵** - ایسی حدبندیاں جو کہ ہائے پولیس [illegible] لوکل گورنمنٹ اس رقبہ کے اندر قایم کرے جس سے [illegible] ایکٹ متعلق ہے وہ ہونگی جو صاحب انسپکٹر جنرل پولیس بذریعہ ایسے اشتہار کے مقرر کریں جو ہر حد کی پولیس اور نیز دیگر مشہور مقامات پر رقبہ مذکور کے اندر نمایاں طور سے چسپاں کیئے جاویں +

دیگر قوانین کے بموجب سزا دینا مستثنے کیا گیا - | **دفعہ ۶** - ایکٹ ہذا میں کوئی امر مانع نہ ہوگا کہ کسی شخص کو کسی دیگر قانون کی رو سے ایسے جرم کے لیئے جو ایکٹ ہذا کے بموجب قابل سزا ہے سزا دیجاوے یا کوئی دیگر سزا دیجائے بجائے اسکے جو جرم مذکور کے لیئے ایکٹ ہذا میں تجویز کی گئی ہے - مگر شرط یہ ہے کہ کسی شخص کو ایک ہی جرم کے لیئے دوبارہ سزا نہیں دیجاویگی +

قواعد مرتب کرنیکا اختیار | **دفعہ ۷** (۱) لوکل گورنمنٹ مجاز ہے کہ ایسے جملہ امور میں جو ایکٹ ہذا کے نافذ کرنے اور اسکو مطلب اور اغراض کے عام طور پر حاصل کرنے کے متعلق ہوں جملہ [illegible] قواعد

بذریعہ اشتہارات مشتہر کیئے جاویں گے جو نمایاں مقامات پر اس رقبہ کے اندر چسپاں کیئے جائیں جن سے ایکٹ ہذا متعلق ہے اور بذریعہ قواعد قانون کا اثر رکھینگے -

ایکٹ کے نفاذ کا بند ہونا | **دفعہ ۸** - دربار کے خیمہ اٹھنے کے بعد جسقدر جلد ممکن ہوسکے ایسی تاریخ سے ایکٹ ہذا کا نفاذ بند ہو جائیگا جو لوکل گورنمنٹ بذریعہ اشتہار جو گورنمنٹ گزٹ میں شائع ہو اس بارہ میں مقرر کرے +

دربار دہلی کا مندرجۂ ذیل پروگرام

جو پیشگاہ حضور وایسرائے ہند سے ۱۲ دسمبر کو شائع ہوا

ہز اکسلنسی ویسرائے ساڑھے گیارہ بجے دن کو (بجائے وقت رلیوے) داخل ہونگے - کُل اُن رؤسا اور گورنران مدراس اور بمبئی اور تمام افسران لوکل انتظام اور ہز اکسلینسی کمانڈر انچیف اور ممبران ایگزیکٹیو کونسل اور چاروں کمانوں کے لفٹنٹ جنرل اور کمشنر دہلی اور اسٹاف افسران گورنران و لفٹنٹ گورنران و لفٹنٹ جنرلان کمانیر فوج بنگال استقبال کے لیئے موجود ہونگے -

غیر ملک کی سلطنتوں کے قایم مقام اور کانسل اور گورنمنٹ کے مہمانوں کے لیئے بیٹھنے کی جگہ جامع مسجد یا اسکے قریب ملیگی - پلیٹ فارم پر بینڈ باجا موجود ہوگا جس وقت وایسرائے ٹرین سے اُترینگے تو اُسپر قومی دعائیہ گیت بجائی جائے گی اور قلعہ سے تیس توپوں کی شلک سلامی سر ہوگی -

گیارہ بجے پینتالیس منٹ پر ہز رائل ہائینس ڈیوک و ڈچز آف کیناٹ بمبئی سے داخل ہونگے وایسرائے ہز رائل ہائینس کا استقبال کرینگے اور بینڈ باجہ میں شاہی دعائیہ گت بجائی جائے گی اور اکتیس ۳۱ توپوں کی شاہی سلامی سر ہوگی - ہز رائل ہائینس کے روبرو خاص خاص رؤسا اور افسر پیش کیئے جائینگے -

اسکے بعد وہ حکمران رؤسا جو ہائینسوں کے جلوس میں

جومجاز حاکم نے چسپاں کیا ہو یا نمودار کیا ہوا اُتارے یا تلف کرے یا خراب کرے یا کسی اور طرح پر مٹائے۔ یا (۱۴) بلا جائز اختیار کے کوئی اشتہار یا نوٹس یا دیگر کاغذ کو کسی مکان یا نشان یا خیمہ یا کھمبہ یا دیوار یا ٹٹی یا درخت یا کسی دیگر شئے پر لگائے یا لگوائے۔ یا (۱۵) بدفعلی کے لیئے درخواست کرے یا کسبیوں کے لیئے اشتہارات یا نوٹس تقسیم کرے۔ یا بجز اندرون حدود میونسپلٹی دہلی بدفعلی کے اغراض کے لئے کوئی مکان رکھے یا قائم کرے یا کسی ایسے مکان میں رہایش رکھے جو اس غرض سے کہ کسبی کا پیشہ کرنے (۱۶) کسی چھوت والے متعدی مرض کے مریض کا تیماردار یا نگراں ہونے کی صورت میں ایک مناسب وقت کے اندر کسی نزدیک ترین پولیس اسٹیشن کے افسر مہتمم کو اس مرض کی اطلاع دینے سے قاصر رہے یا غلط اطلاع دے یا کسی شخص کے امراض مذکور سے فوت ہو جانے کی اطلاع چھ گھنٹہ کے اندر نہ دے۔ یا (۱۷) کسی پریڈ کی زمین یا کسی کمپو کی حدود کے اندر یا کسی دیگر محفوظ جگہ کے اندر مداخلت بیجا کرے۔ یا (۱۸) کسی جگہ ٹہل رہا ہو یا چھپا ہوا یا ایسے حالات میں پایا جاوے جن سے یہ شک ہو کہ کسی جرم کے ارتکاب کرنے والا تھا یا اسکے ارتکاب میں مدد کرنیوالا تھا یا کہ وہ کسی جرم کے ارتکاب کے لیئے موقع کا منتظر تھا۔ یا (۱۹) ڈھول یا نقارہ بجائے یا کسی قسم کی آتشبازی چلائے۔ یا (۲۰) کسی افسر پولیس کی اسکے فرائض کے انجام دینے میں دیدہ ودانستہ مزاحمت کرے۔

وہ سزائے قید کا مستوجب ہوگا جسکی میعاد آٹھ یوم تک ہو سکتی ہے یا سزائے جرمانہ کا مستوجب ہوگا جسکی تعداد پچاس روپیہ تک ہو سکتی ہے۔

> بعض ایسے جرایم کی سزا جنکا کسی کوچہ یا عام جگہ میں اِس رقبہ کے اندر ارتکاب کیا جاوے جس سے ایکٹ ہذا متعلق ہے

دفعہ ۳۔ جو شخص کسی کوچہ یا عام جگہ میں :-

(ا) ایسے وقت میں یا ایسے طریق پر جنکی بذریعہ اشتہار عام مجریہ محکمہ پولیس یا دیگر حکام مجاز ممانعت کی گئی ہے۔ کوئی گاڑی چلائے یا کسی جانور پر سواری کرے یا پیدل چلے۔ یا (ب) تیزی یا لاپروائی سے کسی جانور پر سواری کرے یا گاڑی چلائے۔ یا (ج) اُس صورت میں جب کہ کوئی ہاتھی اُسکے سپرد ہو ایسی تمام معقول تدابیر کرنے میں غفلت کرے جن سے گھوڑے نہ ڈریں۔ یا (د) بغیر مناسب روشنی کے رات پڑنے کے بعد اور صبح نکلنے سے پیشتر کسی گاڑی کو چلائے یا لیجائے یا کھڑا رکھے۔ یا (ہ) بلا حفاظت مناسب کسی گاڑی یا جانور کو چھوڑ دے۔ یا (و) کسی جانور یا گاڑی کو مقررہ اڈہ کے سوائے دیگر جگہ پر اُس عرصہ سے زیادہ کھڑا رکھے جو اسباب لادنے یا اُتارنے یا مسافروں کو چھوڑنے یا بٹھانے کے لیئے مطلوب ہوتا ہے۔ یا (ز) کوئی عمارت تعمیر کرے جس سے سڑک پر رکاوٹ پیدا ہو۔ یا کوئی ایسی چیز فروخت کے لیئے جس سے سڑک رک جائے۔ یا (ح) قواعد مرتبہ زیر ایکٹ ہذا کے بموجب لائسنس حاصل کرنے کے بغیر کوئی چیز بیچتا پھرے یا (ط) اُس صورت میں جبکہ نجاست اُٹھانے کے کام پر ہو بغیر مناسب برتن استعمال کرنے کے ایسا عمل کرے۔ یا ممنوع اوقات میں یہ کام کرے یا نجاست کے ایسے حصہ کو اُٹھائے۔ یا دیگر طرح پر بالکل دور کرنے میں غفلت کرے جو کسی کوچہ یا عام جگہ پر بہہ جائے یا گر جائے۔ یا (ی) آوارہ پھرے یا خیرات مانگے یا خیرات لینے کی غرض سے کسی نقص بدنی یا بیماری یا کسی مکروہ ناسور یا زخم کو ننگا کرے۔ یا (ک) بے وجہ یا بے رحمی سے کسی جانور کو مارے یا اُس سے کام لے یا اُس کو تکلیف دے۔ یا (ل) شراب پیکر فساد کرے یا شراب پیکر بدمست ہو جائے کہ اپنے آپکو سنبھال نہ سکے یا (م) لڑے جھگڑے یا کوئی ہنگامہ برپا کرے یا کوئی خلاف ولانے والے یا زبون یا ہتک آمیز کلمات زبان سے نکالے یا دھمکی دینے والے یا ہتک آمیز طریق پر پیش آئے۔ اِس نیت سے کہ عامہ خلایق کے امن میں خلل اندازی کرے یا جس سے امن میں خلل اندازی ہونیکی اغلب اُمید ہو یا (ن) جوا کھیلنے کے لیئے لوگوں کی آمدرفت کی کوئی جگہ رکھے یا جوا کھیلے یا کسی دیگر شخص یا اشخاص کو ایسے ایسے مقام پر جوا کھیلنے کی اجازت دے جو اُس کے اہتمام میں ہو۔ وہ ایسی قید کی سزا کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد آٹھ یوم تک ہو سکتی ہے یا ایسے جرمانہ کی سزا جسکی مقدار پچاس روپیہ تک ہو سکتی ہے

تشریح اول - اِس دفعہ میں لفظ "کوچہ" میں سر راستہ

سے پڑھا جائے۔ با دولت کے کورٹ سینٹ جیمس میں آج یعنی بتاریخ یکم اکتوبر ۱۹۰۲ء دوم سال جلوس میں لکھا گیا۔

"خدا سلامت رکھے"۔

نیٹو آرمی! اعلیحضرت شاہ معظم کا ارشاد ہوا ہے کہ آیندہ سے دیسی سپاہ کے بھی چند افسر قیصر ممدوح کے پرسنل آرڈرلی آفیسر مقرر ہوا کریں ۱۹۰۳ء ہی سے اس ذی شان عالی پر عملدرآمد ہوگا فی الحال ۴ افسر ہر سال اس اعزاز سے ممتاز ہوا کرینگے جنہیں اپریل سے اگست تک ایک سیزن لندن میں رہنے کی اجازت ہوگی انہیں نصف تو رسالہ سواروں میں سے منتخب ہوا کرینگے اور نصف پیدل توپخانہ اور سفر مینا سے ان کو ایوان شہر کے قریب ایک خاص مکان فرست ہوگا اور خاص وردی عنایت کریگے

قبل اسکے کہ ہم دربار شاہنشاہی دہلی کے حالات پیش ناظرین کریں یہ بھی اظہار کرنا ضروری ہے کہ یہ ایسا بڑا دربار تھا جسکے انتظام کے لئے گورمنٹ پنجاب نے قبل از دربار ایک قانون جاری فرمایا تھا جو ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

قانون دربار دہلی

مسودہ ایکٹ گورمنٹ گزٹ پنجاب مجریہ ۶۔ نومبر ۱۹۰۲ء۔ میں بغرض آگاہی عام شائع کیا گیا۔

تمہید | چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بغرض انتظام اس قسم کے خاص اور عارضی احکام صادر کیئے جائیں جو بیر دربار تاجپوشی کے موقع پر جو دہلی میں منعقد ہونے والا ہے۔ مختلف کمپوئیے کے گرد و نواح میں واقع ہے۔ لہذا حسب ذیل حکم صادر کیا جاتا

مختصر نام و وسعت | **دفعہ ۱**۔(۱) جایز ہے کہ اس ایکٹ کو ایکٹ دربار دہلی ۱۹۰۲ء کے نام سے موسوم کیا جاوے اور (۲) یہ اس رقبہ سے متعلق ہوگا جو بیر دربار تاجپوشی کے موقع پر جو دہلی میں منعقد ہونے والا ہے۔ مختلف کمپو ہائے کے گرد نواح میں واقع ہے۔ اور جسکو لوکل گورمنٹ بذریعہ حکم اس غرض کے لئے تجویز فرماوے (۳) حکم مجریہ زیر دفعہ ضمنی (۲) بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاویگا جو اس رقبہ میں کہ جس سے وہ متعلق ہونگے نمایاں مکانات پر چسپاں کیا جائیگا۔

جرائم کی سزا جو اس رقبہ کے اندر سرزد ہوں جس سے ایکٹ ہذا متعلق ہے | **دفعہ ۲**۔ جو شخص اس قسم کے اندر جس سے ایکٹ ہذا متعلق ہے مندرجہ ذیل افعال میں کسی کے ذریعہ عوام الناس یا کسی شخص کے لئے مزاحمت یا ضرر یا خطرہ پیدا کرے یا نقصان پہونچائے یا باعث ہو:-

(۱) کسی جانور کو بلا اجازت کھلا چھوڑ دے یا چھوٹے یا چرنے یا چرانے کی اجازت دے (یا) کسی ضرر رساں مادہ یا کوڑا کرکٹ کو کسی ایسی جگہ رکھے یا اپنے نوکر کو رکھنے کی اجازت دے جو اس مطلب کے لئے تجویز کی گئی ہو۔ (یا) (۳) مقررہ مقامات کے سوا اور مقامات پر پاخانہ یا پیشاب کرنے کے ذریعہ یا بدنیتی یا نا شائستگی سے اپنے بدن کو ننگا کرنے کے ذریعہ سے کسی امر مضر یا مخرب خلایق کا مرتکب ہو۔ یا (۴) ذخیرہ آب یا آب رسانی کو بذریعہ نہانے یا اپنا بدن یا کپڑا دھونے یا اس میں کوئی ضرر رساں شے یا کوڑا کرکٹ پھینکنے یا کسی اور طریق پر گندہ کرے یا کوئی ایسا عمل کرے کہ جس سے ذخیرہ آب کے گندہ ہونے کا احتمال ہو۔ یا (۵) پانی کو ضایع کرے یا (۶) بلا منظوری کے کوئی مکان یا خیمہ یا جھونپڑی یا چھپر یا عمارت از قسم برآمدہ یا سائبان تعمیر کرے یا (۷) ان مقامات کے سوا جو اس مطلب کے لیئے مقرر ہیں کسی دیگر مقامات پر کوئی جانور ذبح کرے یا کسی لاش کو صاف کرے۔ یا (۸) کھلے طور پر گوشت لیجائے۔ یا (۹) کسی کھانے یا پینے کی شے کو جو انسانی استعمال کے قابل ہو اس غرض کے لیئے فروخت کرے یا فروخت کے لیئے نمودار کرے یا (۱۰) انسانی استعمال کے لیئے کوئی شے ایسی جگہ کا کہ جس میں یہ عمل کرنے کی اجازت نہیں۔ یا (۱۱) کسی راہ نما کھمبہ یا لمپ یا ستون لمپ یا درخت یا جھاڑی یا کسی دیگر شے سرکاری کو ضرر پہونچائے یا توڑے یا گرائے یا کسی شارع عام میں کوئی روشنی بجھائے۔ یا (۱۲) بلا جایز اختیار کے کسی مکان یا نشان یا خیمہ و کھمبہ یا دیوار یا ٹٹی یا درخت یا کسی دیگر شے کو خراب کرے یا اسپر لکھے یا کسی اور طریق پر اسپر نشان کرے۔ یا (۱۳) بلا جایز اختیار کے کسی اشتہار یا دیگر کاغذ کو

جلوس میں تھے۔ تین ہندوستانی ایڈیکانگ تھے۔ لارڈ رابرٹس
مع دو ایڈیکانگوں لیفٹیننٹ دولت سنگھ اور مہاراجہ بیکانیر کے
پرنس آف ویلز ہمرکاب تھے۔ ملک معظم کے تین ہندوستانی
ایڈیکانگ۔ مہاراجہ کوچ بہار۔ مہاراجہ گوالیار تھے۔ اسوقت
روشنی کا نظارہ بھی قابل دید تھا کہ شب کو روز روشن کا دھوکا
ہو رہا تھا۔ لوگوں کے غل و شور سے کان پڑی آواز سنائی
نہیں دیتی تھی۔

شاہ کی طرف سے دعوت مساکین

اسی روز ملک معظم کی جانب سے لندن کے مساکین اور
محتاجین کی جو عظیم الشان دعوت ہوئی تھی اس میں مہمانوں
کے لئے مختلف مقامات میں میزیں بچھائی گئی تھیں۔ ان کا
طول دو سو ساٹھ میل تھا۔ اکثر کارخانوں نے اس دعوت
کے لئے تحائف بھیجے تھے۔ ایک کارخانہ نے دو سو ٹن آلو
دئے تھے۔ کونٹ گارڈن کے ایک کارخانہ نے پچاس ہزار
بوتل شراب بھیجی تھی۔ ایک کمپنی کے یہاں سے پانچ لاکھ
ساٹھ ہزار چاکولیٹ کے ڈبے آئے تھے اور ایک کارخانہ
نے لیمونیڈ کی چالیس ہزار بوتلیں عنایت کی تھیں پچیس ہزار
پاکٹ تمباکو اور سگرٹ کے آئے تھے۔ ایک کارخانہ نے
قومی گیت کی تصویر دار پانچ لاکھ کاپیاں بھیجی تھیں۔
مسٹر س دولٹن کمپنی نے پانچ لاکھ پندرہ ہزار کے جلوسی
پیالے عنایت کئے تھے۔ منتظم کمیٹی نے دس ہزار پونڈ کی
پلیٹیں خریدی تھیں۔ جس پر تاجپوشی کا لفظ منقوش تھا بعد
طعام جب ان کے نیلام کی نوبت تو فی پلیٹ پچیس ۲۵ پچیس
پونڈ قیمت اٹھی۔ شاہی خاندان کے ممبر شاہ کے مہمانوں کو
دیکھتے پھرتے تھے۔ مہمانوں کے ایک مجمع میں پرنس ڈیوک
اور ڈچز کیناٹ تشریف رکھتے تھے۔ جب لارڈ میر نے
موثر الفاظ میں ملک معظم کا ہمدردانہ پیام حاضرین کے
سامنے ادا کیا تو ڈچز کیناٹ کی آنکھیں ڈبڈبا آئیں اور بڈھے
تو زار زار رونے لگے۔ ایگریکلچرل ہال میں جہاں بارہ ہزار
آدمی قومی گیت گا رہے تھے ایک عجیب و غریب سماں
بندھا ہوا تھا۔

حضور ملک معظم نے تاج شاہی زیب سر کرنے کے بعد
اعلان ذیل صادر فرمایا۔

منجانب شاہ ایڈورڈ ہفتم قیصر ہند

اعلان

(تنفر یوم برائے اظہار مسرت متعلق تاجپوشی شاہ ایڈورڈ ہفتم
بر ممالک ہند) ازانجاکہ بوجہ انتقال ملکۂ آنجہانی ملکۂ وکٹوریہ
بتاریخ ۲۲۔ جنوری سنہ ۱۹۰۱ء مابدولت نے بفضل و عنایات
ایزدی شاہ ایڈورڈ ہفتم فرمانروائے ممالک متحدہ برطانیہ
کلاں و آیرلینڈ و حامی دین مسیحی و شاہ ہند کے لقب سے
تخت انگلستان پر جلوس فرمایا اور ازانجاکہ شاہی اعلانات
مورخہ ۲۶ جون و ۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۰۱ء کے ذریعہ یکم سال جلوس
میں مابدولت نے اپنا یہ شاہانہ قصد مشتہر و ظاہر فرمایا تھا
کہ مابدولت بتائید و برکت ایزدی بتاریخ ۲۶ جون سنہ ۱۹۰۲ء
کو اپنی شاہانہ تاجپوشی کی تقریب منائینگے۔ اور ازانجاکہ
بتائید و برکت ایزدی مابدولت نے اس تقریب ہمایونکو تاریخ
۹ اگست سنہ ۱۹۰۲ء روز دوشنبہ کو ادا کیا ہے۔ اور ازانجاکہ
مابدولت کی یہ آرزو اور خواہش ہے کہ اس تقریب ہمایوں
کی باضابطہ اطلاع ہماری پیاری رعایا کو جو ملک ہند میں ہے
دیجائے اور اس کے متعلق جو جلسہ منعقد ہو اس میں ہماری
گورنروں اور لفٹننٹ گورنروں اور مختلف صوبجات کے
سرگردوں کو اور نیز ان ممالک کے قایم مقاموں کو جو ہماری
حمایت میں ہیں و نیز کشور ہند کے جملہ قایم مقاموں کو شریک
ہونے کا موقع بخشا جائے۔

لہذا مابدولت اس شاہی اعلان کے ذریعہ سے اسکی
اطلاع دیتے ہیں اور معہذا ہمارے معتمد و معزز مشیر جارج
نتھانیل لارڈ کرزن آف کڈلسٹن کو جو ملک ہند میں ہمارے
نائب اور گورنر جنرل ہیں حکم دیتے ہیں کہ بتاریخ یکم جنوری سنہ ۱۹۰۳
بمقام دہلی ایک شاہانہ دربار منعقد کرکے مابدولت کی تقریب
تاجپوشی کی تکمیل کی اطلاع دیں اور ہدایت کرتے ہیں کہ دربار
مذکور میں یہ ان تمام لوگوں کو اطلاع کے لئے جنکا اس سے تعلق

کا بہت ہی بڑا خیال ہے اور وہ اس امر میں نہایت ہی نامور ہیں۔ انھیں کی وجہ سے تمام بے زبان جانوروں سے نہایت ہی رعایتانہ برتاؤ کیا جاتا ہے اور کسی کو تکلیف نہیں پہنچائی جاتی ہے۔

انیسویں صدی کے آخر سال جناب ملکہ الگزینڈرا کو بہت سا کام پیش آیا۔ انھوں نے فوج بحری و بری کے عیال و اطفال کی پرورش کے کام کو اور اس کے ایسوسی ایشن کو بہت بڑی ترقی دی۔ ملکہ اپنی ذاتی فیاضی سے پرنس آف ویلز نام جنگی جہاز کو نہایت ہی آراستہ کیا جس سے زخمیوں اور بیماروں کو بہت بڑی راحت و آسائش پہونچیگی اور ابتدائی انتظام کی نسبت جناب ملکہ الگزینڈرا کی تجویز سے اب نئے نئے انتظام ہو لئے ہیں۔

جب سے شاہ تخت نشین ہوئے ہیں اس زمانہ سے ہز مجسٹی نے اپنی ملکہ سے اظہار محبت کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں دیا ہے۔ شاہ ایڈورڈ نے قرار دیا کہ ملکہ الگزینڈرا تمام سلطنت کے اُن اعلیٰ درجہ کے جلوسوں میں شریک کی جائیں جو آغاز زمانہ سلطنت میں ہونے والے تھے اور ہز مجسٹی نے اپنی ملکہ کو لیڈی آف دی گارٹر کا تمغہ عنایت فرمایا جو چار سو برس سے کسی کو نہیں عطا ہوا تھا۔

ملکہ وکٹوریہ اپنے منصب کی وجہ سے اس تمغہ کی حاکم تھیں مگر خود لیڈی آف دی گارٹر نہ تھیں۔

ملکہ الگزینڈرا کے دربار میں وہ تمام محاسن اور خوبیاں موجود ہیں جو ملکہ وکٹوریہ کے دربار میں تھیں

دربار تاجپوشی لنڈن

ہز مجسٹی حضور ایڈورڈ ہفتم تاج برطانیہ کے اسوقت مالک ہو چکے تھے جبکہ ان کی والدہ ماجدہ نے دنیا سے رحلت فرمائی تھی مگر اس کا باضابطہ اعلان ۹۔ اگست سنہ ۱۹۰۲ء کو رسم تاجپوشی کے ساتھ ہوا۔ جسکی مختصر کیفیت پیش ناظرین کیجاتی ہے۔ یہ مبارک رسم بارہ بجکے چالیس منٹ پر عمل میں آئی۔ ہز ہائنس گیارہ بجے بکنگھم سے روانہ ہوئے ہندوستانی فوج ہوائیٹ ہال میں صف بستہ تھی +

ملک معظم گیارہ بجکے پچیس منٹ پر ایبے ہال میں داخل ہوئے اور اس کرسی کی جانب بڑھے جو تخت کے سامنے تھی اور دعا کے لئے گھٹنوں کے بل کھڑے ہوئے تاجپوشی کے اعتراف میں نعرہ ہائے مسرت اور تہنیت بلند ہوئے انجیل پڑھی گئی ہز مجسٹی استادہ رہے اور بڑے استقلال کیساتھ زبردست آواز میں جواب دیا۔

ایبی کا منظر نہایت شاندار تھا ہندوستانی شاہزادوں کی موجودگی نے رونق دوبالا کر دی تھی۔ ملک معظم کے فرق مبارک پر تاج شاہی کے رکھے جانے کے تھوڑی دیر بعد آرچ بشپ نے تمام رسوم و اعمال ادا کئے ملک معظم ان اعمال و رسوم میں شریک تھے اسکے بعد ہز مجسٹی نے حلفنامہ پر دستخط کئے اور شمشیر سلطنت حضور کے زیب کمر کی گئی اور تمام شاہی امتیازات حاصل کئے گئے اس وقت چاروں طرف سے خوشی کے نعرے بلند ہوئے اور گھنٹے بجنے لگے اور اکتالیس شلک سلامی کی سر ہوئیں۔ بادشاہ سلامت نے تخت سلطنت پر جلوس فرمایا اور جملہ ارکین سلطنت آداب بجا لائے۔ اسکے بعد نہایت دلکش آواز کے ساتھ ڈھول و قرنا باجا بجایا گیا اور عام نے "گاڈ سیو دی کنگ" کا نعرہ بلند کیا۔

آرچ بشپ یارک نے ملکہ معظمہ کو تاجپوش کیا اور اسکے بعد ہز مجسٹی نے عشائے ربانی ہاتھ میں لیا۔

دو بجکے تاجپوشی کی رسم ختم ہوئی اور ملک معظم اور ملکہ معظمہ تاج پہنے ہوئے اور عصا لئے ہوئے ایبی سے ایوان بکنگھم کو روانہ ہوئے۔ لارڈ کچنر جلوس میں ایک نمودار شخص تھے علاوہ ہندوستانی اور کالونیل رسالہ کے جو ہز مجسٹی کے

قریب پہونچ گئے۔ شہزادہ کانسرٹ کے انتقال کو دس برس
گذرے تھے کہ اہل ملک کو معلوم ہوا کہ شہزادہ ویلز قریب قریب
اسی مرض میں مبتلا ایوان نارفوک میں پڑے ہوئے ہیں شہزادہ
بیگم ویلز نے اپنے شوہر کی ہفتوں لاثانی خدمت کی تمام تیماری
انھوں نے اور شہزادی ایلس متوفی ہمشیرہ شاہ ایڈورڈ ہفتم
نے کی تھی اور آخر نومبر میں قوم کے لیئے یہ پیام مشتہر ہوا
کہ شہزادہ بیگم ویلز نے اس سخت آزمایش کو قابل تعریف
طریقہ اور لاثانی بردباری سے برداشت کیا گو وہ بخوبی اس
امر سے واقف تھیں کہ ہز رائل ہائنیس شہزادہ ویلز کا مرض
کیسا سخت ہے اور حالت کیسی نازک ہے۔ مگر انھوں نے
نہایت دوراندیشی اور عقلمندی سے سب کام انجام دیئے
اسکے چند روز بعد یعنی یکم دسمبر کو شہزادہ ویلز کسی قدر
ہوش میں آئے اور سب سے پہلے انھوں نے یہ بات اپنی
زبان سے نکالی "کہ آج شہزادہ بیگم ویلز کی سالگرہ ہے"۔

یہ افاقہ مرض کسی قدر غیر مستقل تھا کیونکہ ایک ہفتہ کے
بعد معلوم ہوا کہ شہزادہ ویلز کی حالت بہت ہی ردی ہے
لہذا شہزادہ بیگم ویلز کی خواہش سے دعا مانگی گئی کہ شہزادہ
ویلز اور اُن کے خدمتگار بلگی کے لیئے جو اسی مرض میں مبتلا
تھا دعا مانگی گئی کہ خدا دونوں کے حال پر رحم فرمائے۔ اس
غضبناک تشویش کے زمانہ میں بھی شہزادہ بیگم ویلز جاں
بلب نوکر کو دیکھنے گئی تھیں۔ اور جب چند روز بعد وہ مرگیا
تو اُس کے اعزہ کو تشفی و تسکین دی۔

عمدہ ڈاکٹری علاج اور زوجہ و ہمشیرہ کی عمدہ خدمات
کے سبب سے شہزادہ ویلز کو پنجہ ہلاکت سے نجات ملی اب
اس زمانہ کی یادگار میں سنڈرنگھم میں ایک برنجی تختی لگی
ہوئی ہے جسپر یہ کتبہ ہے۔

"جل جلالہ و عز اسمہ"

اُسکے کرم و فضل کا شکر ہے

۱۴ دسمبر ۱۸۷۱ء

الگزینڈرا

جب میں سخت وقت و تکلیف میں تھی تو میں نے خداوند
کریم سے دعا مانگی اور اُس نے میری دعا مستجاب کی"۔

اسکے بعد ملکہ الگزینڈرا بمقام سنڈرنگھم اور مالبرو ہوس
اپنے پانچ بچوں کی پرورش میں مصروف و مشغول رہیں
اور ۱۸۷۵ء میں شہزادہ ویلز دورہ ہندوستان کو روانہ ہوتے
شہزادہ بیگم ویلز مقام کلیس تک اُن کے ہمراہ آئی تھیں جب
شہزادہ موصوف دورہ کے بعد وطن مالوفہ کو تشریف لیگئے
تو شہزادہ بیگم ویلز اور اُن کے بچے ہز رائل ہائنس کے استقبال
کے لیئے آئے اور جب یہ سب واپس گئے تو نہایت دھوم سے
استقبالی جشن ہوا۔

ہر مجسٹی ملکہ الگزینڈرا کا کوئی حال مکمل نہوا گر اُس میں یہ
بیان نہو کہ اپنی عام رعایا کی بہبودی کا اُن کو کسقدر خیال
ہے۔ انگلستان کا کوئی قصبہ ایسا نہیں جہاں یہ نہ گئی ہوں
ہر مجسٹی ملکہ الگزینڈرا نے اُن صیغوں پہ خاص خیال ملتفت
فرمایا ہے جن سے آوارہ بچوں اور ضعیفوں اور غریب بیماروں
کو فائدہ پہونچے گا۔ ہر مجسٹی ہر وقت ہر ایک کا حال مصیبت
سننے کو تیار رہیں اور حتی الامکان سب کی مدد کرتی ہیں۔
جب شہزادہ و شہزادہ بیگم ویلز کا سلور ویڈنگ ہوا تھا تو وہ
بہت سے غریبوں کے گھر میں خوشی و زندہ دلی پیدا
ہونے کا بہانہ تھا۔ یہ ۱۸۸۸ء میں ہوا تھا۔ اس کے چار
سال کے بعد تمام ملک کو آیندہ شاہ و ملکہ کے بہت بڑے
صدمہ میں اُس زمانہ میں شریک ہونا پڑا جب اُن کے بڑے
بیٹے ڈیوک آف کلیرنس اینڈ ایونڈیل نے پنجروزہ بیماری
کے بعد انتقال کیا۔ شہزادہ بیگم کو یہ بہت بڑا صدمہ ہوا
اسلیئے کہ اُن کا بڑا شاہزادہ نہایت ہی فرمانبردار و مانوس تھا
گو یہ اس رنج والم سے کبھی نہیں سنبھلیں مگر اسکی وجہ سے
انھوں نے اپنی باقیماندہ اولاد کی خوشی و مسرت میں فرق
نہیں آنے دیا اور اپنے چھ پوتے اور پوتیوں اور نواسے
نواسیوں کی دلجوئی کیا کرتی ہیں اور وہ بھی اپنی دادی اور
نانی سے نہایت ہی مانوس ہیں۔ ہمیشہ اُن کو یہی تعلیم
دیجاتی ہے کہ وہ صرف خلیق ہی نہوں بلکہ بیزبان جانوروں
کا نہایت خیال رکھیں۔ اور ملکہ الگزینڈرا کو تو اس بات

ممدوحہ سے ملاقات کی اور اس کے تین دن بعد یعنی ۱۰ مارچ
کو سینٹ جارج چیپل میں نہایت ہی تزک احتشام کے ساتھ
شادی ہوئی کیونکہ جناب ملکہ وکٹوریہ کے خاص حکم سے
کسی طرف ماتمی علامت نمودار نہ تھی تاکہ جلوس کی خوبی میں
فرق نہ آئے اور بیوہ ملکہ نے خود اپنے کمرہ سے اس کیفیت
کو مشاہدہ کیا۔

دی رائل ہائنسز نے ہنیموں کا زمانہ آسبرن میں صرف
کیا اور شادی کے چند روز بعد شہزادہ وشہزادہ بیگم ویلز
نے مکان سندر نگھم پر قبضہ کیا اور اس میں مدت تک خوشی
وخرمی سے بسر کیا کئے۔

اس زمانہ میں تمام ملک بڑی خوشی کے ساتھ یہ آواز
سن رہا ہے کہ شہزادہ ویلز نے کیسی عمدہ زوجہ کی ہے جو اپنی
آیندہ رعایا کے لئے مخزن محاسن ہے۔ اور ہر مجسٹی ملکہ الگزنڈرا
نے لاثانی دل کی مضبوطی میں ہمیشہ ناموری پیدا کی۔ چنانچہ
شادی کے چند روز بعد جو واقعہ ذیل ہوا وہ عوام کو نہایت
ہی نقش دل ہوا۔

جب حکام ارلز وڈ اسائیلم کو معلوم ہوا کہ شہزادہ
وشہزادہ بیگم ویلز معائنہ کے لئے آنے والے ہیں تو انھوں
نے شدید بیماروں کو ایک ایسے حصۂ عمارت میں بند کر دینا چاہا
جہاں شہزادہ وشہزادہ بیگم ویلز نہ جائیں۔ لیکن جب شہزادہ
بیگم ویلز کو یہ خبر معلوم ہوئی تو انھوں نے کہلا بھیجا کہ "مجھکو
دماغی وجسمانی بیماروں کے دیکھنے میں کسی طرح کا خوف و
خطر نہیں ہے اور مجھکو ان امراض کے دور کرنے میں
نہایت دلچسپی ہے۔"

اس بات کا بہت عمدہ اثر پڑا اور جب بیماروں کو معلوم
ہوا کہ جو شاہی مہمان ان کو دیکھنے آئے تھیں وہ کون ہیں
تو وہ نہایت خوش ہوئے اور اس وجہ سے سلطنت بھر
کے تمام محفل جو اس بیماروں کا نہایت خوبی کے ساتھ علاج
معالجہ ہونے لگا اور بہت سی لیڈیوں نے دی رائل ہائنسز
کی قائم کردہ نظیر کی تقلید کی۔

شہزادہ وشہزادہ بیگم ویلز کی شادی کو ابھی ایک سال
نہیں گذرا تھا کہ ان کے یہاں صاحبزادہ متولد ہوا جب
ڈیوک آف کلیرنس پیدا ہوئے تھے تو شہزادہ بیگم ویلز کی
عمر بیس برس کی بھی نہ تھی۔ مگر یہ مادری فرائض ادا کرنے
میں نہایت ہی سرگرم رہیں اس سے سب اہل دربار واقف ہیں

جس روز سے اس مہربان لیڈی نے برٹش ساحل پر
قدم رکھا جناب ملکہ الگزینڈرا ہیں اس روز سے وہ نہایت
قربت کیساتھ برٹش اشخاص کے رنج وخوشی میں شریک رہیں
گو یہ اپنے بچے کے فرائض میں بہت کچھ مصروف و مشغول
رہتی تھیں۔ مگر کبھی انھوں نے اپنے پرائیوٹ امور کے
سبب سے اس درجہ میں فرق نہیں آنے دیا جو ولیعہد انگلستان
کی زوجہ کا ہوتا ہے اور جب تک ہر مجسٹی ۱۸۶۷ء میں سخت علیل
ہوئی تھیں اسوقت ہر لمحہ کاموں ہی میں مصروف رہتی تھیں
جب لوگوں کو معلوم ہوا کہ شہزادہ بیگم ویلز عارضہ نقرس
میں مبتلا ہیں جس سے ان کا گھٹنہ متورم ہوگیا ہے تو سب کو
بہت افسوس ہوا تھا۔ ان کی حالت ایسی نازک ہوگئی
ہوگئی تھی کہ ان کے والدین شاہ وملکہ ڈنمارک ان کے
لئے آئے تھے۔ لیکن کچھ عرصہ کے بعد زوال مرض ہونے
لگا اور پھر رفتہ رفتہ مرض بالکل دور ہوگیا۔ اس زمانہ سے
ملکہ الگزینڈرا کی صحت وتندرستی اچھی رہی شفایابی کے
بعد شہزادہ وشہزادہ بیگم ویلز نے یورپ اور شمالی افریقہ کا
بہت بڑا دورہ کیا۔ جس میں بلندی نیل کی سیاحت نہایت
دلچسپ تھی اس موقعہ پر آنریبل مسز گرے ہمراہ تھیں جنھوں
نے اس سفر کا روزنامچہ بعدہ شائع کرایا تھا۔

واپسی مصر کے بعد شہزادہ بیگم ویلز نے قسطنطنیہ ہی
میں قیام نہیں فرمایا بلکہ میدان جنگ کریمیا کی بھی سیر فرمائی۔
چاہتی شہزادہ بیگم ویلز کے لئے یہ بات نہایت عمدہ
ہوئی کہ ان کو اس سخت آزمایش کے قبل جو خاندان شاہی
کو چند روز بعد پیش آئی تھی کامل آرام ہوگیا اور بخوبی تندرستی
حاصل ہوگئی۔

اب اس ملک اس امر کا دریافت ہونا مشکل ہے کہ
۱۸۷۱ء میں فرمانروائے حال باب الہلاکت سے کس قدر

[illegible] ۱۸۴۴ء کو متولد ہوئی تھیں - ہر مجسٹی کے والد ماجد
اُس زمانہ میں شہزادہ کرسچن ڈنمارک کے نام سے دنیا میں
مشہور تھے یہ خاندان اولڈن برگ کی شاخ خرد سے تھے -
مگر ان کے عزیز کرسچن ہفتم مقام ڈنمارک نے اُن کو متبنے کیا
تھا اور جب شہزادی لوئیزا مقام ہسی کیسل سے آنکی شادی
ہوئی جو اُن کے متبنے کی بھانجی تھیں - چونکہ حکمران شاہ کے
دو صاحبزادے تھے اس وجہ سے یہ امر غیر ممکن خیال کیا گیا
تھا کہ شہزادہ اور شہزادہ بیگم کرسچن کو کبھی تاج ملیگا - اور
فی الحقیقت جب شہزادہ الگزینڈرا کی عمر آٹھ سال کی ہوئی
تو شہزادہ کرسچن حکمران شاہ فریڈرک ہفتم کے ولیعہد قرار پائے -
شہزادی الگزینڈرا کے چھ بھائی بہن تھے - یہ کوپن
ہیگن کے ایوان گول میں متولد ہوئیں اور وہاں ایک زمانہ
تک رہیں - ہر مجسٹی ملکہ الگزینڈرا روس ہیں اور دوسری
بہن ڈچز آف کیمبرلینڈ ہیں - اِن کی تعلیم نہایت قابل تعریف
ہوئی اُن کی ذاتی کوششوں اور اُن کے والدین کی نگرانی
کے سبب سے نہایت عمدہ تعلیم و تربیت ملی -

ایک مرتبہ ملکہ الگزینڈرا نے اپنے ایک بہت بڑے
دوست سے بیان کیا تھا کہ جب ہم بچے تھے تو ہمکو اپنا سبق
خوب یاد کرنا پڑتا تھا - ہمارے والدین نے ہم سے کہہ دیا تھا
کہ سبق یاد کرنا ضرور ہے -

اِن تینوں شہزادیوں کو اُن کی زندگی کے مدارج کے
موافق خوب تعلیم دی گئی تھی - شہزادہ و شہزادہ بیگم کرسچن
[illegible] ہیگن اور بارنس سٹاف میں نہایت سادہ سادہ طریقہ
[illegible] کرتے تھے اور چونکہ شہزادہ و شہزادہ بیگم کرسچن کے
[illegible] حکمران شاہی خاندانوں سے قرابت تھی تو یہ کبھی
[illegible] کی سیر کو بھی چلے جاتے تھے -

بیان ہے کہ ہر مجسٹی ملکہ الگزینڈرا عہد طفلیت میں لندن
میں [illegible] خالہ ڈچز کیمبرج کے یہاں رہتی تھیں -

شہزادہ ویلز اور شہزادی الگزینڈرا ڈنمارک کی اول
ملاقات کی نسبت [illegible] کے حالات مشہور ہیں مگر مسٹر [illegible]
[illegible] کی کتاب سوانح عمری شہزادہ البرٹ میں بیان ہے

کہ ہر مجسٹی شاہ نے شہزادی الگزینڈرا کو اسپیر اور ہیڈل
برگ میں ۲۴ و ۲۵ ستمبر ۱۸۶۱ء کو دیکھا تھا - اُسوقت شہزادہ
کی عمر بیس برس کے قریب تھی یہ نوجوان شہزادے صوبہ
رین کی قواعد دیکھنے ہی کے لئے جرمن نہیں بھیجے گئے
تھے بلکہ شہزادی الگزینڈرا کی مُلاقات کے لئے بھیجے گئے
تھے تاکہ اگر اسی مُلاقات میں باہمی سلسلہ محبت و وداد قائم ہو جائے
تو دونوں کی شادی قرار پا جائے - ہرچند دونوں کا مقصود
دریافت ہونے تک اس راز کے مخفی رکھنے کی بہت کوشش
کیگئی لیکن راز نہ چھپ سکا جو ملکہ وکٹوریہ اور شہزادہ البرٹ
کو سخت ناراضی کا باعث ہوا -

باہمی ملاقات کا نتیجہ بہت ہی عمدہ ہوا - شہزادہ کانسرٹ
یعنی شہزادہ البرٹ نے اپنے ۳۰ ستمبر کے روزنامچہ میں یہ
تحریر کیا تھا کہ "ہم شہزادی الگزینڈرا کے عمدہ حالات کے
سوا اور کچھ نہیں سنتے ہیں - اِن دونوں نوجوانوں میں بہت
بڑی محبت پیدا ہوتی معلوم ہوتی ہے" -

پھر شہزادہ ویلز اور شہزادی الگزینڈرا سے بلجیم
میں ملاقات ہوئی اُسوقت دونوں رائل ہائنسز شاہ بلجیم
کے مہمان تھے مگر اسکے ایک سال تک نسبت نہیں ہوئی
اور ۹ - ستمبر ۱۸۶۲ء کو قرار پائی اور شہزادہ ویلز کی بیسویں سالگرہ
کے جشن کے قبل لندن گزٹ سے اس مبارک تقریب کی
لوگوں کو اطلاع ملی - اُس زمانہ میں ملکہ وکٹوریہ ماتم میں تھیں
اور انتظام کیا گیا تھا کہ آیندہ شروع موسم سرما تک شادی
ہو مگر یہ آیندہ ملکہ انگلستان اپنے والد ماجد کے ہمراہ جو
اُس زمانہ میں شہزادہ کرسچن ڈنمارک تھے غیر معمولی طور سے
انگلستان کو تشریف لائیں اُسوقت جناب ملکہ وکٹوریہ اور اُن
کے خلف اکبر کی بی بی میں سچے دل کی دائم محبت قائم ہو گئی -

نو عروس شاہی اپنے اعزہ قریب کے ہمراہ ۷ - مارچ
۱۸۶۳ء کو داخل لندن ہوئیں اور اُسی روز آیندہ ملکہ انگلستان
قرار پاکر شہر لندن کی سڑکوں پر اول مرتبہ گزریں - سڑک
اور راستہ نہایت ہی آراستہ پیراستہ کیا گیا تھا - ملکہ وکٹوریہ
اور اُن کے اہل دربار نے اُسی شام کو ونڈزر کا سلام شہزادی کو دیا

اُن کے بیٹے اور بیٹیاں بالغ و بالغہ اور رشد و راشدہ ہوئیں اور اُن کا درجہ قائم رہنے کے لئے صرف کی ضرورت پیش آئی اور وہ مصارف اُن کی والدہ کی آمدنی میں سے نہیں ادا ہوسکتا تھا۔

جب یہ معاملہ پارلیمنٹ کے روبرو پیش کیا گیا تو قرار دیا گیا کہ شہزادہ ویلز کو چھتیس ہزار پونڈ سالانہ دیا جائے تاکہ وہ جسطرح چاہیں اپنی خانہ داری میں صرف کرسکیں اسکے سوا ترقی آمدنی کی کوئی اور خواہش نہیں کی گئی اور نہ اُس قرضہ کی ادائی کی کوئی درخواست کی گئی جو ہز میجسٹی نے قبل از تخت نشینی لیا ہوگا ملکہ پارلیمنٹ میں تو یہ بیان کیا گیا کہ شاہ کے ذمہ کوئی قرضہ نہیں ہے - ایسی حالت میں بلا تامل کہا جاسکتا ہے کہ اُن چالیس برس میں جب ہز میجسٹی شاہ سن بلوغ کو پہونچے ہز میجسٹی نے کوئی ایسا قرض نہیں لیا جو اُن کی ذاتی آمدنی سے نہ ادا ہوسکے اور یہ امر اُنکے کسی پیشرو کے بارہ میں نہیں کہا جاسکتا جن کی ادائگی قرضہ سے خزانہ پر بار عظیم ہوا تھا۔

ہز میجسٹی کے عہد حکومت میں ابھی تھوڑا ہی زمانہ گذرا ہے اور ابتک عوام کا خیال اس صدمہ و رنج پر مبذول رہا جو ہز میجسٹی کو اپنی پیاری ماں اور ایک ملکہ کو کھو کر حاصل ہوا تھا۔ ہز میجسٹی نے جناب ملکہ معظمہ کی مشائعت جنازہ کے وقت جو برتاؤ کیا اُس سے ظاہر تھا کہ اُنکو کیسا صدمۂ عظیم پہونچا تھا۔ یہ عوام کے اور بھی ہر دلعزیز ہوگئے اِن کی تخت نشینی خواہش عوام کے موافق تھی - اُنھوں نے جو کچھ سرکاری کارروائیاں کیں وہ عوام کی مرضی کیموافق کیں - ایڈورڈ ہفتم کا جو خطاب اختیار کیا اور آسٹریلیا کے صوبۂ برٹش سلطنت میں اپنے بیٹے کے جانے سے کوئی مزاحمت نہیں کی اور بنفس نفیس نہایت تزک و احتشام سے پارلیمنٹ کو افتتاح کیا اور اپنی ہمشیر شہنشاہ بیگم فریڈرک کی علالت کی خبر سنکر کسطرح جلد عیادت کو گئے اِن سب باتوں سے اور بھی اپنی رعایا کے عزیز دل ہوگئے اور معلوم ہوا کہ ملک اور اپنی رعایا کے منشا و مقصود سے بخوبی واقف و ماہر ہیں اور رعایا اُن کو خوب سمجھتی ہے۔

ہم نے دیکھا کہ بعض بعض اشخاص نے نکتہ چینی کی ہے کہ درباری تزک و احتشام کا بہت بڑا خیال رکھا گیا مگر خیال کرنا چاہیئے کہ یہ تزک و احتشام ضرور ہی نہیں ہے بلکہ حکمت عملی سے درست ہے اور یاد رکھنا چاہیئے کہ سلاطین نے جو رسوم دربار قرار دیئے ہیں تو وہ اُن کی ذات خاص کیلئے نہیں بلکہ اُن کے شاہی منصب کی وجہ سے ہیں۔ یہ جب سے شاہ ہوئے ہیں اُسوقت سے ابتک بہت سی ترمیمیں کی ہیں حکم دیا ہے کہ جب دربار میں کوئی رسمی امر پیش ہو تو وزیر دیر تک کھڑے نہ رہیں - اِس سے خیال ہوتا ہے کہ خسرو عالیجناب شاہ کو لوگوں کا اسقدر خیال ہے اور مزاج میں کسقدر مہربانی ہے یہ امور ایسے ہیں جنسے شاہ کی ہر دلعزیزی بڑھتی جاتی ہے۔

ہز میجسٹی ملکہ الگزینڈرا

جس زمانہ میں شاہ ایڈورڈ ہفتم شہزادہ ویلز تھے - اور ہندوستان سے مراجعت فرما ہوئے تھے تو لارڈ میئر نے مینشن ہوس میں دعوت کی تھی اور لارڈ میئر نے اُس لیڈی کا ذکر کیا تھا جو آیندہ ملکہ انگلستان ہونے والی تھی اور کہا تھا کہ جیسے ہی وہ جہاز سے اُتریں ویسے ہی وہ برٹن کی متبنی بیٹی قرار دی گئیں - اور اُنھوں نے وقتاً فوقتاً جو باتیں کیں وہ ایک بی بی اور ماں اور لیڈی کے لیئے قابل نظیر ہیں - اُس زمانہ میں جو الفاظ نکالے گئے تھے وہ آج ویسے ہی صحیح ہیں جیسے گزشتہ ربع صدی میں بیان کئے گئے تھے - اِس زمانہ میں اور بھی بہت سی باتیں ہوئیں جنسے ہر موسٹ گریشیس میجسٹی ملکہ الگزینڈرا اور برٹش سلطنت کے لوگوں میں تعلقات کے لیئے اور بھی قربت کے ساتھ قائم ہوگئے۔

شہزادی الگزنڈرا کیرولین میری شالٹ لوئیزا جولی

کا نتیجہ باتوی رہا مگر اس کے سنہ مابعد میں ۹ ستمبر ۱۸۶۲ء میں سن بلوغ سے دو مہینے قبل شہزادۂ موصوف اور شہزادی مذکورہ میں بمقام برسلز ملاقات ہوئی اور باضابطہ منگنی ہوگئی مگر شادی دوسرے سنہ کے ماہ مارچ تک نہیں ہوئی تھی۔

بہت سے لوگ ایسے ہونگے جنھوں سے نے اُس جلوس کو دیکھا ہوگا جو اسوقت ہوا تھا جب شہزادہ و شہزادہ بیگم ویلز شادی کے بعد گرجا گھر سے مراجعت فرما ہوئے تھے اور اب اس جلوس کو دیکھا جو شاہ ایڈورڈ و ملکۂ الگزینڈرا کی تخت نشینی میں ہوا تھا وہ کہہ سکتے ہیں کہ اس اڑتیس برس کے عرصہ میں ملکہ کے حسن و صورت میں کسی طرح کا فرق عارض نہیں ہوا۔

معمولی طریقہ سے کہا جا سکتا ہے کہ عام سرگذشت شاہ میں تاریخ تخت نشینی تک کوئی قابل یادگار امر نہ تھا ہاں شہ تخت انگلستان کے ولیعہد تھے اُن کی سوانح عمری ویسی ہی ہے جیسی بیشتر اعلیٰ درجہ کے دولتمندوں کی ہوتی ہے۔ اُنھوں نے ۱۸۷۵ء و ۱۸۷۶ء میں بطور ولیعہد انگلستان ہندوستان کا سفر کیا۔ مگر یہ سفر بحیثیت قایم مقام قیصر ہند نہ تھا لیکن عوام مشرقی ملک کے لیئے ملکہ کے بیٹے اور ولیعہد لا محالہ قیصرہ کی طرف سے تھے اور اپنے تمام دورہ میں اُنکو ایسا برتاؤ کرنا پڑا کہ گویا یہ خود تاجپوش تھے۔ شہزادہ نے اس تمام دورہ کو اپنے معمولی اخلاق اور عقلمندی کے ساتھ انجام دیا۔ تمام برٹش افسروں اور تمام روسا و تمام مختلف عوام و مذاہب ہند کا اُنھوں نے ایسا ادب و لحاظ حاصل کیا کہ اُن کی سیر ہندوستان سے برٹش و ہندوستان کے تعلقات اور محبت و اتحاد میں استحکام ہوگیا جسکا بہت بڑا اظہار جنگ جنوبی افریقہ کے وقت کیا گیا۔

اسکے علاوہ آپ نے اپنے براعظم کے درباروں کی بہت سیاحت کی ہے اور تمام ایسے مواقع پر اپنے فرائض کو اور اُس بات کو یاد رکھا کہ وہ معمولی سیاح نہیں ہیں اور کوئی شاہ انگلستان کل سلطنتوں اور درباروں کے حالات سے اسقدر واقف نہ تھا اور نہ کوئی اعلیٰ درجہ کا مدبر ایسا واقف ملے

اِن کے پرائیوٹ طرز معاشرت ایک معمولی انگلش مین کی طرح ہے۔ تین صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں متولد ہوئیں۔ جن میں سے خلف اکبر اور خلف اصغر کے سوا خلف اوسط اور تینوں صاحبزادیاں زندہ و سلامت ہیں اِن کے خلف اکبر ڈیوک آف کلرنس تھے۔ جنھوں نے اٹھائیس ۲۸ برس کی عمر میں بمقام سنڈرنگھم عارضہ انفلوئینزا میں مبتلا ہو کر قضا کی اور خلف اصغر نے ۱۸۷۱ء میں اپنی پیدائش کے چند ہی گھنٹہ بعد انتقال کیا۔

شہزادہ ویلز عام فائدہ رسان اور خیراتی کاموں میں اپنا وقت صرف کرتے رہے اور چالیس برس تک کار خیر انجام دیا کئے۔ انھیں کاموں کے سبب سے انکی رعایا اُن سے نہایت مانوس ہے۔ ایک مرتبہ جو طبیعت نہایت ناساز ہوگئی تھی تو ہر شخص متردد و متفکر اور ڈاکٹری پرچہ کے دیکھنے کا مشتاق تھا اسکا سبب یہ تھا کہ شہزادہ صاحب کا یہی قول رہا کہ امور خیر ہر طرح اور ہر وقت انجام دیئے جائیں اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ اِن فرائض کی انجام دہی میں ذاتی طور پر صرف کثیر بھی ہوتا تھا۔ اگر تمام مصارف کا سالانہ شمار کیا جائے تو معلوم ہو کہ شہزادہ ویلز کو جو تنخواہ ملتی تھی اُس میں سے بہت کچھ اُن مصارف میں اُٹھ گیا ہوگا۔

جب شہزادہ ویلز کی شہزادی الگزینڈرا سے نسبت ہو جانے کی اطلاع ملی تو پارلیمنٹ نے لارڈ پامرسٹن کی تجویز کے مطابق ہز رائل ہائنس کے لئے بطور وظیفہ چالیس ہزار پونڈ سالانہ اور دس ہزار پونڈ اُن کی دلہن کے لئے مقرر کئے۔ اور رچیوں و کارنوال اور لنکاسٹر کی آمدنی پچاس ہزار پونڈ تھی۔ لہٰذا اِن شاہی دولھا دولھن کی آمدنی کم از کم ایک لاکھ پونڈ سالانہ تھی۔ بذاتہ تو یہ مقدار بہت اچھی تھی مگر معہذا یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ پرائیوٹ اور سرکاری مصارف کس قدر تھا جو ولیعہد تخت کو پیش آتے ہیں خصوصاً اُسوقت جب اُس سے چاہا جاتا ہے کہ وہ بطور ایک نئے خطاب شاہ کے تمام درباری معاملات میں شریک ہو۔ اِس امداد میں کبھی اضافہ نہیں ہوا ہاں اسوقت ہوا جب

اصطباغ کے لیئے لائے گئے تھے تو اُسی وقت خاندان شاہی
کے سلسلہ میں شریک ہوئے - آپ کو دریائے جارڈن کے
پانی سے اصطباغ دیا گیا -

حسب قاعدہ بہت سے نام رکھے گئے جیسے شہزادوں
اور شہزادیوں کے ہوتے ہیں - لیکن جناب ملکہ معظمہ نے
صرف دو نام **البرٹ** اور **ایڈورڈ** پسند کئے یعنی ایک
اُن کے والد ماجد کا اور دوسرا نانا کا نام تھا -

شاہی بچوں کی ابتدائی تعلیم کا حال بیرونی دنیا کو بہت
کم معلوم ہوتا ہے مگر خیال ہے کہ ہمارے شاہ کی ابتدائی
تعلیم لیڈی لٹلٹن ہمشیرہ مسٹر گلیڈاسٹون کے زیر نگرانی
ہوئی - یہ تعلیم بالکل سادہ سادہ تھی - اِس امر کی سب طرح
احتیاط کی گئی کہ انھیں اپنی جلالت و مرتبت کا خیال قبل از
وقت نہ پیدا ہو جاوے -

چند روز بعد جناب ملکہ معظمہ نے اپنے عم شاہ بلجیم کو
ایک چٹھی لکھی اور بیان کیا کہ مجھکو اُمید ہے کہ یہ شہزادہ اپنے
باپ کے ہمصورت و سیرت ہوگا - مگر یہ خیال پورا نہیں ہوا
کیونکہ زمانۂ ابتدا ہی سے اُن کی صورت اپنی والدہ ماجدہ
کی صورت سے مشابہ تھی نہ کہ اپنے والد ماجد کی صورت سے -
سب لوگ مُقر ہیں کہ یہ نیک طبع ہونہار بچے تھے

جناب ملکہ معظمہ اور شہزادۂ البرٹ نے شہزادہ کی
تعلیم کا عقدہ سات برس کی عمر کے پہلے ہی حل کر دیا اور
بیرن اسٹاک بار مصاحب شہزادۂ کانسرٹ شہزادۂ البرٹ
نے ایک یادداشت تعلیم کے متعلق تحریر کی اور اُس زمانہ
کے بشپ اکسفورڈ اور جناب ملکہ معظمہ کے طبیب اور دیگر
اعلیٰ درجہ کے تعلیم و تربیت یافتہ اشخاص نے اسپر اپنی اپنی
رائے دی اور سب نے اِس امر پر اتفاق کیا کہ شہزادہ کو اُن
کے درجہ کے موافق تعلیم دی جاوے اور اُس کے ساتھ
اخلاقی اور مذہبی تعلیم بھی ہو -

مختلف مقامات پر تعلیم حاصل کرنے کے بعد شہزادہ
ویلز کیمبرج کو واپس آئے اُس زمانہ میں شہزادہ کانسرٹ نے
ایک خفیف مرض کے بعد قضا کی - مرض یہ تھا کہ جب بمقام
کراہین اپنے بیٹے کو دیکھنے گئے تھے تو اُن کو سردی ہوگئی تھی
شہزادۂ البرٹ کے انتقال سے اُن کے صاحبزادہ کو نہایت
ہی رنج و الم ہوا - اور اپنے والد ماجد کے انتقال کے سال
ہی قانونی سن رشد و بلوغ کو پہونچ گئے اور جناب ملکہ معظمہ
نے عُزلت گزینی اور سرکاری کاموں سے کنارہ کشی اختیار کی

جب جناب ملکہ معظمہ کے شوہر نے قضا کی تھی اُس زمانہ
میں اِن مرحومہ کی چالیس برس سے کچھ زیادہ عمر تھی اور اُس
امر کے خیال کرتے وقت کہ جناب موصوفہ کسقدر قوی الجثہ
تھیں اور اُن کے اعزہ بڑی بڑی عمروں کو پہونچکر راہی
دار البقا ہوئے خیال کیا گیا کہ اگر انھوں نے یہ اول صدمہ
برداشت کر لیا تو مدت مدید تک حکمرانی کرینگی -

شہزادۂ البرٹ کے انتقال کے قبل شہزادۂ ویلز کے
والدین نے دو رزولیوشن پاس کئے تھے اور قرار دیا تھا کہ
اُن کو فوراً ہی کیا کرنا چاہیئے -

اول رزولیوشن یہ تھا کہ وہ ہمراہی ڈین آف ویسٹ
منسٹر بیت المقدس کو جائیں -

دوسرا رزولیوشن یہ تھا کہ سن بلوغ پر پہونچنے کے
تھوڑے روز کے بعد اُن کی شادی ہوجائے -

اِن رزولیوشنوں میں اِن کے خاص بانی کے
انتقال کر جانے کی وجہ سے کوئی ترمیم نہیں ہونے پائی اور
اُن شہزادیوں کی فہرست نہایت ہی محدود ہے جو اپنے درجہ
کے مذہب و تعلیم کے سبب سے ولیعہد انگلستان کی زوجہ
بنسکیں مگر اِن شہزادۂ ویلز کو اپنے پیشرؤں کے خلاف یہ
خوش نصیبی حاصل ہوئی کہ اُنھوں نے ایسی شہزادی کو
شادی کے لیئے منتخب کیا جسکو اُن کے والدین ہی نے نہیں
ملکہ تمام رعایا و برایا نے پسند کیا اور خوش ہوئے -

شہزادۂ کانسرٹ نے اپنے انتقال کے قبل اپنے روزنامچہ
میں تحریر کیا تھا کہ شہزادۂ ویلز کو شہزادی الگزینڈرا دو موقعوں
پر ملیں جو اُنھوں نے ۱۸۶۱ء میں حاصل کئے تھے اور
معلوم ہوا کہ اِن دونوں میں محبت و اتحاد پیدا ہو گیا تھا -

شہزادۂ کانسرٹ کے انتقال کی وجہ سے اُس اتفاق

تھیٹر

اس دربار میں تھیٹر بھی تھا

پہلوان

مختلف ملکوں سے پہلوان اپنی کشتیاں دکھانے آئے تھے

ارباب نشاط

ارباب نشاط بھی موجود تھے - اُرباسی اور رام بائی اور بہت سی مشہور گانے والیاں حاضر تھیں جنہوں نے گا ناچ کر حاضرین کو محظوظ کیا اور مشہور نی چتر سین نے گا کر لوگوں کو محو کر دیا تھا +

محتاجین

مہارانی نے محتاجخانہ کا انتظام اپنے ذمہ لیا تھا اور اندھوں لولوں اور اپاہجوں کو کھانا کھلائے بغیر خود نہ کھاتی تھیں -

مراعات

رسم ادا ہونے کے بعد مہاراجہ یدھشٹر نے انھیوں کے جلوس اور دس لاکھ فوج کا معائنہ کیا اور نارد منی کے مشورے کے بموجب مندرجہ ذیل مراعات کیں -

(۱) نہریں اور تالاب جاری کئے جائیں تاکہ کاشتکار صرف آب باراں ہی پر بھروسہ نہ کریں -

(۲) غلہ کے کھتے قائم کئے جائیں -

(۳) تاجروں کو بہت کچھ افتخار بخشا گیا اور اُن کے مال کا محصول معاف کیا گیا -

اسکے بعد بقول حضرت سعدی شیرازی ؎

ہر کہ آمد عمارت نو ساخت ۔ رفت منزل بدیگرے پرداخت

کبھی یہ کبھی راجاؤں اور بادشاہوں کے دربارات اسی طرح علی قدر مراتب ہوتے آئے ہیں جنکے آخری سلسلہ میں سلطنت مغلیہ کی شان و شوکت کا المہارانش دربار ہے جو جہ شہاب الدین محمد شاہجہاں بادشاہ نے لال قلعہ میں منعقد کیا تھا - اگر گذشتہ زمانہ کے درباروں کا خلاصہ بھی ذکر کیا جاوے تو ایک ضخیم کتاب تیار ہو سکتی ہے اور ایسے اذکار کا اس موقعہ پر درج کرنا علاوہ خوف طوالت کے تذیہ سے فضول بھی ہے کیونکہ سرکار انگریزی کی بدولت

آجکل تواریخ ماضیہ کا رواج سررشتہ تعلیم میں ایسا کچھ بڑھا ہوا ہے کہ بچہ بچہ کو (چاہے وہ اپنے رشتہ داروں کے ناموں سے بھی واقفیت نہ رکھتا ہو) لیکن تاریخی کرسی نامہ ضرور نوک زبان ہوگا - اس موقعہ پر پُرانی سرگذشت میں وہ دلچسپی نہیں ہو سکتی جو کہ ایک تازہ اور نامعلوم حالات میں ہو سکتی ہے +

اور اصل بات یہی ہے کہ اپنا مدعا ناظرین کی نظروں میں ایک ایسے عظیم الشان اور لاثانی دربار شہنشاہی کا فوٹو کھینچنا ہے جسکے مقابلہ میں دوسرے دربارات گویا آفتاب اور چراغ کی نسبت رکھتا ہے - گو با ایں مذاق اُن ناظرین کے جو کہنہ اسنادات و اذکار کے شائق ہونگے ہم نے اس تاریخ کا دوسرا حصہ اُن بیانات سے ترتیب دیا ہے جو گذشتہ زمانہ کے سین اُن شوقین آنکھوں کو دکھا دیگا جن کو اُس سے خاص دلچسپی ہے جو صاحب طلب فرمائیں گے بعد انطباع ارسال خدمت کیا جاویگا

قبل اس کے کہ ہم اپنے مدنظر مطلب کی طرف رجوع کریں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ شمہ از اوصاف اعلیٰ حضرت ملک معظم ایڈورڈ ہفتم خلد اللہ ملکہ بطریق مختصر سوانح عمری لکھکر اپنے اس ساحت تحریر کو مشارق انوار بنائیں اور بعدہ شرح حالات دربار شہنشاہی ہدیہ ناظرین اشتیاق آگین کریں

سوانح عمری حضور ملک معظم ایڈورڈ ہفتم

حضور انور کی ولادت باسعادت کا روز مبارک ۹ ماہ نومبر سنہ ۱۸۴۱ عیسوی ہے - اور جس وقت اعلیحضرت نے اس مخلخانہ قدرتی کو اپنی جبین نورانی سے منور فرمایا تو فوراً ہی ڈیوک آف کارنوال کا خطاب پایا - اور اس کے چار ہفتہ کے بعد شہزادہ ویلز کا خطاب فرمان شاہی کے ذریعہ سے حاصل ہوا جب سینٹ جارج گرجا واقع ونڈسر میں

اِس میں نہایت صاف پتھر اور آئینے لگائے گئے تھے اور کنول
کے پھول نہایت صنعت کے ساتھ بنائے گئے تھے اِس
نقل میں اصل کا ایسا جلوہ نظر آتا تھا کہ راجہ دُریودھن نے
پانی میں بھیگنے کے احتمال سے اپنا کپڑا سمیٹ لیا تھا۔ میوہ دار
درخت قطار در قطار تھے جنکی ڈالیاں میووں کے بوجھ سے
جھوم رہی تھیں۔ اِس منڈل کے گرد دیوار تھی جس میں جواہر
نصب تھے اور عمدہ عمدہ تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ چار
پھاٹک تھے جن پر آٹھ ہزار جوان پہلوان پہرہ دیتے تھے

کمپ

اِس دیوار کے باہر مختلف اقوام کے لوگوں کے رہنے
کے لیے بہت سے مکانات بنے ہوئے تھے۔ یہ نہایت
خوبصورت و خوشنما تھے۔ اِسکے دروازے طلائی تھے اور
کھڑکیوں اور دریچوں میں طلائی جالیاں نصب تھیں۔
زینہ چڑھنے اُترنے کے لیے بہت آسان تھے۔ اِن
مکانوں کے ہر کمرہ میں کھانے کا سامان اور بستر استراحت
ہر مہمان کے لئے آراستہ مہیا تھے۔

بھنڈار کا انتظام راجہ کے برادر اصغر راجہ سہدیو
کے سپرد تھا۔ مختلف اقوام و مذاہب کے لوگوں کے لیے
عمدہ عمدہ کھانے تھے۔ اور دیوتاؤں کے کھانے کے قابل
نعمتیں تیار ہو کر ہر ذائقے و دماغ کو عطیہ ہوتی تھیں۔

اِس کمپ میں مختلف مقامات یا موقعہ ضرورت پر کنوئیں
اور تالاب بنائے گئے اور مہمانوں کی تفریح کے لیے
سیر و تفریح مقامات بھی بنائے گئے تھے۔ بیان ہے کہ
کُل تیاری ایک سال دو ماہ یعنی چودہ مہینے میں ختم ہوئی تھی۔

تاجپوشی

موسم سرما کے ایک روز سعید میں راجہ یدھشٹر منڈل
میں تخت طلائی پر متمکن ہوئے [illegible]
[illegible] تھا اور اُن کے بھائی [illegible] تھے۔

مقدس سری ویاس جی [illegible]
اُن کے سر پر [illegible]
لایا گیا تھا۔ اور [illegible]

اور جناب کیا وغیرہ نے دیوتاؤں کو بھاگ دیا۔ چین
وچین و سیلون تمام ملکوں سے جو راجا اِس رسم میں شریک ہو
گئے آئے تھے وہ موجود تھے۔ اور پانڈو کے عزیز
و اقارب نذریں لائے تھے۔ اور راجہ دُریودھن بھی
اپنے باپ مہاراجہ دھرتراشٹر کو لیکر آئے تھے اور مہاراجہ
دروپدی کے والد اور راجہ سسپال حکمران چندیری بھی
شریک تھے۔ المختصر اِس کثرت سے راجہ مہاراجہ وغیرہ
موجود تھے کہ اُن کا شمار نہیں ہو سکتا۔ پھر تمام قوموں کے
برہمن۔ چھتری۔ ویش۔ و معزز تعلیم یافتہ شدر بھی تھے
جو خاص طلب کئے گئے تھے۔

بڑے عزت دار منی سری نارد جی نے اِس بزم [illegible]
کی ایک پارلیمنٹ میں صدارت کی جو اِس منڈل کے ایک
حصے میں منعقد ہوئی تھی۔ اور جہاں جوان و معمر رشی منی
جمع تھے جنہوں نے زندگی کے عقدوں پر بحث کی اور
تمام موجودین نے اِس بحث کو سنا۔

اِس تقریبات ان جلسہ میں تمام راجاؤں کے سامنے
ایک ایسا واقعہ ہوا جس سے اُس فرمانروا کی قوت ہی
نہیں ظاہر ہوئی بلکہ یہ امر ظاہر ہوا کہ اُس زمانہ میں بھی
آجکل کی طرح پولیٹکل اصلاحوں کی ضرورت تھی۔ ایک
دشمن کو پچھاڑ کر لانے اور اُس کو قتل کیا۔ جس سے تمام حاضرین
جلسہ ششدر رہ گئے۔ مگر کسی کی کیا مجال تھی کہ دم مار سکتا۔

سری کرشن جو اِس راجسوا جگ کے خاص بانی مبانی
تھے اُنھوں نے سسپال راجہ چندیری کا سر اِس مصلحت
سے تن سے جدا کیا کہ یدھشٹر کی مہاراجگی کا ثبوت ہو سکے۔

پردے کے رواج کے موافق اکثر رانیاں بھی اِس جلسہ
میں شریک تھیں۔ اور مہارانی دروپدی اِس رسم میں زینت بخش
تھیں۔ [illegible] اور عورتوں نے بھی خوشی کی تھی۔

ہاتھی

بیان کیا جاتا ہے کہ پچیس ۲۵ ہزار لاثانی ہاتھی موجود تھے
جو مختلف راجاؤں نے پیش کیا تھا جو بطور ماتحتوں یا
دوستوں کے اِس جشن میں شریک ہونے کے لیے آئے تھے۔

تاریخ نادر

یعنی آئینہ

دربار شہنشاہی دہلی

سنہ ۱۹۰۳ عیسوی

دہلی بھی ہندوستان میں ایک ایسا فخر البلاد شہر ہے جو زمانۂ قدیم سے بڑے بڑے راجاؤں اور پادشاہوں کے درباروں اور تاجپوشی کی رسموں سے ہمیشہ ممتاز ہوتا چلا آیا ہے تاریخوں کے دیکھنے سے ثابت ہوتا ہے کہ کوئی صدی ایسی نہیں گذری جسکے اندر چھوٹا یا بڑا کوئی جشن دہلی میں نہ قرار دیا گیا ہو۔ سب سے پہلے پانچ ہزار برس پیشتر کا عرصہ ہوتا ہے کہ دریاے جمن کے خوشگوار کنارے پر جہاں زمانۂ حال کی دہلی آباد ہے اور جہاں بہت سے شہنشاہی دربار کے آنے والے نگاہِ حیرت سے نگراں ہونگے زمانۂ سلف کے ہندو راجہ کا دار الصدر تھا۔ جس نے دربار کیا تھا۔ جسکی عظمت و بزرگی کو پانچہزار برس گذرنے کی وجہ سے بہت بڑی ترقی ہو گئی۔

پہلا منڈل اوّل

پہلے دہلی کا نام اندرپرست تھا۔ یہاں دیوتاؤں اور آدمیوں اور رئیسوں اور دہقانیوں اور امیر غریب لوگوں کا بہت بڑا جلسہ ہوا تھا جو مقامات شمالی جانب میں کروس (روس) سے اور جنوبی جانب میں سیلون سے اور مشرقی جانب میں چین سے اور مغربی جانب میں ہنگری سے اپنے زبردست راجہ جدھشٹر کا آداب بجا لانے کے لئے آئے تھے۔ جس نے اپنے تئیں تمام روے زمین کا فرمانروا مشتہر کیا تھا۔

یہ دربار ایک منڈل میں ہوا تھا جسکو انجینیر اور دوگرسی نامے نے تجویز اور ایجاد کیا تھا۔ یہ ڈیڑھ میل طول و عرض میں مربع تھا۔

یہ مدوّر گنبد دار تھا اور اسپر آسمانی رنگ پھرا ہوا تھا ایک ہزار بلوری ستونوں پر قائم کیا گیا تھا۔ اِس کے ایک جانب اس نے ایک تالاب اِس صنعت سے بنایا تھا جسکا بیان حیطۂ امکان سے باہر ہے۔ اِس کی سیڑھیاں بلوری تھیں اور کناروں پر نہایت عمدہ پچی کاری کی ہوئی تھی۔ اِس کا پانی ایسا صاف و مصفا تھا کہ سنہری مچھلیاں کنول کے پھولوں میں اُچھلتی کودتی نظر آتی تھیں اور اُن کے سبز پتّے ایسے چمک دے رہے تھے کہ نظر خیرہ ہوتی تھی۔ اسکے کناروں پر نہایت خوبصورت ہنس و دریائی طیور بیٹھے ہوئے تھے۔ فرش نہایت عمدہ تھا۔

فہرست مضامین تاریخ نادر جشن تاجپوشی دہلی

تاج نادر
یعنی جشن تاجپوشی دہلی
مصنفہ و مرتبہ
منشی بلاقی داس مالک میور پریس دہلی
میور پریس دہلی محلہ پیپل مہادیو میں باہتمام منشی لعل مہتمم مطبع
شائع ہو کر فائدہ بخش خاص و عام ہوئی